www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | اتوار 20 ربیع الاول 1447ھ 14 ستمبر 2025ء، صفحات 24 | شمارہ 69

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 40 روپے

سندھ میں سیلابی صورتحال قابو سے باہر، گڈو بیراج پر اونچے درجے کا سیلاب، نشیبی علاقوں سے نقل مکانی جاری

وزیراعظم نے سیلاب زدہ علاقوں میں بجلی کے بلوں کی وصولی روک دی

پنجاب کے ضلع لودھراں میں 2 حفاظتی بند ٹوٹنے سے پانی آبادی میں داخل ہوگیا، ڈرون کی مدد سے پانی میں گھرے افراد کو ریسکیو کیا گیا، ہیڈ پنجند کا سیلابی ریلا دریائے سندھ میں شامل، اونچے درجے کا سیلاب

چناب کے دریاؤں میں بہاؤ میں کمی آنا شروع، بہاولپور سمیت دیگر علاقوں کے دریاؤں میں انتہائی اونچے درجے کا سیلاب برقرار ہے، تحصیل علی پور کے کچے کے علاقے ملاں والی میں پانی داخل ہوگیا

آئی ایم ایف سے معاملات طے ہونے کے بعد متاثرہ علاقوں کے لیے بجلی بل پیکیج کا حتمی اعلان ہوگا، جن سیلاب متاثرہ صارفین سے اگست کا بجلی کا بل وصول کیا جاچکا وہ آئندہ ماہ ایڈجسٹ کیا جائیگا

سیلاب متاثرین کی بحالی تک وفاقی وصوبائی ادارے بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے۔ جب تک سیلاب متاثرین اپنے گھروں میں واپس نہیں چلے جاتے ہم چین سے نہیں بیٹھیں گے، وفاقی حکومت

چین کی پاکستان کے مون سون سیلاب سے متاثرہ افراد کے لیے امداد کی پیشکش، طوفانی بارشوں اور سیلاب سے ہونے والے مالی وجانی نقصان پر افسوس، متاثرین کی بحالی کیلئے ملکر کام کرنے کا عزم

اسلام آباد، سکھر (شاکر رحمان سے، نمائندہ) پنجاب کے بعد سیلاب سندھ میں زور پکڑنے لگا۔ دریائے سندھ میں گڈو بیراج پر پانی کی آمد میں اضافے سے اونچے درجے کا سیلاب آگیا۔ گڈو بیراج پر پانی کا بہاؤ بڑھ کر 5 لاکھ 37 ہزار کیوسک ہوگیا۔ فلڈ فورکاسٹنگ ڈویژن لاہور کے مطابق سکھر اور کوٹری بیراج پر بھی پانی کی آمد بڑھ گئی، سکھر بیراج پر پانی کی آمد 4 لاکھ 60 ہزار کیوسک ریکارڈ کی گئی جبکہ کوٹری بیراج پر نچلے درجے کا سیلاب ہے۔ دریائے سندھ میں کوٹ مٹھن راجن پور، چاچڑاں شریف پر پانی کی آمد میں بھی اضافہ ہوگیا۔ پانی کی سطح بلند ہوکر 11.4 فٹ پر آگئی۔ ہیڈ پنجند کا سیلابی ریلا کوٹ مٹھن کے مقام پر دریائے سندھ میں شامل...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

سعودی عرب کی خیبرپختونخوا میں فوجیوں کی شہادت کی شدید مذمت

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی حمایت کو بڑھانے کی ضرورت پر زور

اسلام آباد (آن لائن) سعودی عرب نے خیبرپختونخوا کے علاقے میں دہشت گردوں کی طرف سے فوجیوں کو نشانہ بنانے والے بزدلانہ حملے کی شدید مذمت کی ہے، جس میں 12 پاکستانی فوجی جوان...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

لودھراں میں حفاظتی بند ٹوٹنے کے بعد سیلابی پانی کھیتوں میں داخل ہوگیا ہے

ریاست ہر سال سیلاب سے نقصانات کی متحمل نہیں ہوسکتی، فیلڈ مارشل

عوام کو سیلاب کی تباہ کاریوں سے بچانے کے لیے درکار تمام ضروری اقدامات، انفراسٹرکچر کی ترقی کو تیز کیا جانا چاہیے، جنرل عاصم منیر

آرمی چیف کی جانب سے قصور سیکٹر اور جلالپور پیر والا ملتان میں قائم فلڈ ریلیف کیمپس کا دورہ، متاثرین کی بحالی میں تعاون کی یقین دہانی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے سیلاب متاثرین کی دوبارہ آبادکاری اور بحالی میں مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا ہے کہ ریاست ہر سال قیمتی جانوں اور املاک کے نقصان کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر نے قصور سیکٹر اور جلالپور پیر والا ملتان میں قائم فلڈ ریلیف کیمپس کا دورہ کیا جہاں انہوں نے سیلاب کی موجودہ صورتحال اور جاری امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق چیف سیکرٹری پنجاب اور سول انتظامیہ...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور سابق وزیراعظم انوار الحق کاکڑ شہید ہونے والے میجر عدنان اسلم کے لواحقین سے تعزیت کر رہے ہیں

پوری قوم شہدا کی لازوال قربانیوں کی مقروض ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

شہید میجر عدنان اسلم نے اپنی بہادری سے یہ ثابت کیا کہ پاکستان کے سپاہی ہر لمحہ وطن پر قربان ہونے کو تیار ہیں، سرفراز بگٹی

شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی ان کا خون وطن کے دفاع، قومی یکجہتی اور امن کا ضامن ہے، انوار الحق کاکڑ

وزیراعلیٰ بلوچستان و سابق نگران وزیراعظم بنوں حادثے میں شہید میجر کے گھر پہنچ گئے، والدہ کو سلام، صبر و حوصلے پر خراج تحسین پیش

اسلام آباد (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سابق وزیراعظم انوار الحق کے ہمراہ بنوں حادثے میں شہید ہونے والے میجر عدنان اسلم کے گھر پہنچے اور اہل خانہ سے دلی تعزیت، ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ شہید میجر عدنان اسلم...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

جو بھی خارجیوں اور بھارتی پراکسیوں کی سہولت کاری اور معاملہ فہمی کی بات کرتا ہے وہ انہی کا آلہ کار ہے، اسے بھی اسی زبان میں جواب دیا جائیگا جس کا وہ حقدار ہے، دہشتگردوں کے غرنہ اور سہولت کار افغانستان میں ہیں، انکی پشت پناہی بھارت کر رہا ہے، شہباز شریف

افغانستان دہشتگردوں یا پاکستان میں سے ایک کا انتخاب کرے، وزیراعظم

بنوں، ڈیرہ اور وزیرستان میں فوجی کارروائی، 45 فتنہ الہندوستان کے خوارج ہلاک، 19 جوان شہید

بنوں، وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر جنوبی وزیرستان آپریشن میں شہید جوانوں کی آخری دیدار کر رہے ہیں

باجوڑ میں خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، شدید فائرنگ کے تبادلے میں بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے 22 خوارج مارے گئے، بھاری مقدار میں اسلحہ و گولا بارود برآمد

وزیرستان میں کارروائی کی گئی جس میں 13 مزید خوارج کو ہلاک کیا گیا، تمام ٹھکانے تباہ کردیئے، ڈیرہ میں خوارج نے مقامی افراد کو یرغمال بنا رکھا تھا، آپریشن میں دس دہشت گرد مارے گئے، آئی ایس پی آر

ڈیرہ میں یرغمال بنائے گئے شہریوں کی جانیں بچاتے ہوئے نائیک عبدالجلیل، نائیک گل جان، لانس نائیک عظمت اللہ، سپاہی عبدالمالک، سپاہی محمد امجد، سپاہی محمد داؤد اور سپاہی فضل قیوم شہید ہوئے

پاکستانی قوم دہشت گردی کے معاملے پر سیاست اور گمراہ کن بیانیے کو رد کرتی ہے، دہشت گردی کا بھرپور جواب جاری رہیگا، اس میں کسی قسم کا کوئی ابہام برداشت نہیں کیا جائے گا، اجلاس میں اظہار خیال

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح ڈٹی ہوئی ہیں، پوری قوم شہداء کو سلام پیش کرتی ہے اور ملک سے ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے، وزیراعظم

راولپنڈی، اسلام آباد (زاہد احمد خان) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں آپریشنز کے دوران فتنہ الہندوستان کے 35 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ کارروائیوں کے دوران 12 جوانوں نے جام شہادت بھی نوش کیا۔ پاک فوج...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی وزیر خارجہ کا اسحاق ڈار کو فون، عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال

فریقین نے دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا

پاکستان اور امریکا کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون پر بات چیت

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کو امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے ٹیلی فون کیا اور خطے اور عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق گفتگو میں دونوں رہنماؤں نے پاک امریکا تعلقات کے مثبت تسلسل پر اطمینان کا اظہار کیا۔ گفتگو کے دوران خطے اور عالمی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر توانائی اویس لغاری کا وزیراعظم سے اظہار تشکر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پاور ڈویژن اویس لغاری نے سیلاب متاثرہ علاقوں کے بجلی بل معاف کرنے پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا ہے۔ جاری بیان میں...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

قطری وزیراعظم کی اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ ٹرمپ سے ملاقات

ملاقات میں قطر کے خطے میں ثالثی کے کردار اور دفاعی تعاون پر تفصیلی بات چیت

واشنگٹن (م ڈ) قطری وزیراعظم اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ امریکا پہنچ گئے۔ صدر ٹرمپ سے اہم ملاقات کی جس میں ممکنہ طور پر اسرائیل کے دوحہ پر حملے سمیت غزہ جنگ بندی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایک رپورٹ کے مطابق وائٹ ہاؤس میں ایک عشائیہ پر ہونے والی...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

بینچ اور بار کے تعلقات خوشگوار اور سنجیدہ ہونے چاہئیں، چیف جسٹس پاکستان

عدلیہ کو انصاف کی فراہمی کے سفر میں چیلنج کا سامنا ہے، ہم آہنگی کے بغیر قانون کی حکمرانی اور اصلاحات پر عمل یقینی نہیں بنایا جا سکتا

سائل کا مفاد مقدم رہنا چاہیے، اے جے کے عدلیہ کو ہر قسم کی معاونت فراہم کرنے کیلئے تیار ہیں، جسٹس یحییٰ آفریدی کا خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے ملک بھر میں بینچ اور بار کے درمیان خوشگوار ہم آہنگی اور تعلقات قائم رکھنے پر زور دیا...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

شہباز شریف اسلامی و عرب ممالک وزرائے خارجہ اجلاس میں شرکت کرینگے

اجلاس میں اسرائیل کے حالیہ فضائی حملوں، غزہ پر قبضے کی کوششوں و دیگر صورتحال پر بات ہوگی

او آئی سی رکن ممالک کے سربراہان مملکت و حکومت اور اعلیٰ حکام شرکت کریں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف 15 ستمبر کو قطر کے دارالحکومت دوحہ میں ہونے والے ہنگامی عرب اسلامی سربراہی اجلاس میں پاکستان کی شرکت کے لیے قطر روانہ ہوں گے۔ یہ اجلاس اسرائیل کے...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

صادق آباد، نبی شاہ کے مقام پر زمینداری بند ٹوٹ گیا

صادق آباد (آئی این پی) رحیم یار خان کی تحصیل صادق آباد میں بنگلا دکھشا کے قریب نبی شاہ کے مقام پر زمینداری بند ٹوٹ گیا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق سیلابی پانی دیہات میں داخل ہوگیا، جس کے نتیجے میں ہزاروں ایکڑ پر کھڑی فصلیں اور بستیاں زیر آب آگئیں۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق رابطہ سڑکیں بھی ڈوب گئی ہیں اور علاقہ مکین گھروں میں محصور ہوگئے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق حفاظتی بند محفوظ...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

کوہلو: ایف سی نارتھ اور ماڑی گیس کمپنی کی جانب سے میڈیکل کیمپ کا انعقاد

150 مرد 100 سے زائد بچے اور 70 خواتین کا معائنہ، ادویات فراہم کی گئیں

کوہلو (نامہ نگار) فرنٹیئر کور نارتھ اور ماڑی گیس پٹرولیم لمیٹڈ کے باہمی اشتراک سے کوہلو کے دور دراز علاقے تمبو گلی بھاگیا عبدالرحیم میں ایک روزہ فری میڈیکل...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

ہماری حکومت کے فنڈز نہ روکے جاتے تو گجرات نہ ڈوبتا، پرویز الٰہی

بانی پی ٹی آئی لوگوں کے دلوں میں بستے ہیں، سابق وزیراعلیٰ پنجاب

گجرات (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما و سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ ہماری ساڑھے 5 ماہ کی حکومت کے فنڈز نہ روکے جاتے تو گجرات...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف کی 74 ویں سالگرہ 23 ستمبر کو منائی جائے گی

جہانیاں (آن لائن) وزیراعظم میاں شہباز شریف کی 74 ویں سالگرہ 23 ستمبر کو منائی جائے گی۔ اس سلسلے میں مسلم لیگ ن کے زیر اہتمام جہانیاں سمیت ملک بھر میں بھی سالگرہ تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا اور میاں شہباز شریف کی درازی عمر اور صحت و تندرستی...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

ایمان مزاری بیٹیوں کی طرح ہیں، صرف سمجھا رہا تھا، جسٹس سردار سرفراز

میری بات سیاق و سباق سے ہٹ کر پیش کر کے طوفان کھڑا کیا گیا، چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر نے کہا ہے کہ ایمان مزاری میری بیٹیوں کی طرح ہے، میں تو بطور چیف جسٹس اور...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایڈیشنل چیف سیکرٹری ہوم حمزہ شفقات ملاقات کر رہے ہیں

کم وسائل میں 5 گنا بڑے دشمن کو شکست دی، امت مسلمہ پاکستان کو فالو کرے، خواجہ آصف

غزہ و دیگر ممالک پر اسرائیلی حملے بڑی طاقتوں کی سرپرستی میں ہو رہے ہیں، غزہ پر مظالم کی مثال دنیا کی تاریخ میں نہیں

پاکستان کو مثال بنا کر سب کو متحد ہونا چاہیے، ایشیا کے اندر نیا پاور سینٹر تشکیل پا رہا ہے، اسرائیل کو اسلحہ فراہم کیا جا رہا ہے

قوم مزید سیلابی نقصانات کی متحمل نہیں ہوسکتی، دریاؤں اور نالوں سے تجاوزات ختم ہونی چاہئیں، وزیر دفاع کی گفتگو

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ مسلم امہ کو جاگنا پڑے گا، پوری مسلم امہ کے سامنے صرف ایک مثال ہے اور وہ پاکستان ہے، امت مسلمہ کو پاکستان کو فالو کرنا چاہیے۔ گفتگو میں خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ غزہ اور دیگر ممالک پر اسرائیلی حملے بڑی طاقتوں کی سرپرستی میں ہو رہے ہیں، غزہ پر مظالم کی مثال دنیا کی تاریخ میں نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ بڑی طاقتوں نے اربوں ڈالر کا اسلحہ قتل عام کیلئے اسرائیل کو مہیا کیا، اسرائیل اپنا دائرہ وسیع کرتا جا رہا ہے، اب ذمہ داری مسلم امہ پر آگئی ہے۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ سب کو معلوم ہے کہ اسرائیل کی پشت پناہی کون...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

پاک چین معاہدوں کو کاغذی سطح پر نہ چھوڑا جائے، قیصر احمد شیخ

فوری طور پر عملی طور پر نافذ کیا جائے تاکہ حقیقی نتائج سامنے آئیں، وفاقی وزیر

پاکستان چین B2B انویسٹمنٹ کانفرنس 2025 نے دنیا کو متحد ہونے کا پیغام دیا

بیجنگ (آن لائن) پاکستان اور چین کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبے میں تاریخی پیشرفت کا سنگ میل ثابت ہونے والی پاکستان چین B2B...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

میئر بنا تو نیتن یاہو کی گرفتاری کا حکم دوں گا، زہران ممدانی

گرفتاری ظاہر کرے گی کہ نیویارک عالمی قوانین پر عمل کرتا ہے، زہران ممدانی

نیویارک (م ڈ) نیویارک شہر کا ڈیموکریٹک میئر بننے کے امیدوار زہران ممدانی کا کہنا ہے کہ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کو منتخب ہوتے ہی پولیس کو حکم دوں گا...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

ترکی کی خیبر پختونخوا میں دہشت گرد حملے کی شدید مذمت

شہداء کے لواحقین کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہیں، ترک وزارت خارجہ

اسلام آباد (آن لائن) ترکی نے خیبر پختونخوا کے علاقے میں دہشت گردوں کے حملے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ترکی کی...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

پاک چین پائیدار دوستی باہمی احترام اور تعاون پر کھڑی ہے، صدر مملکت

جی ڈی آئی، جی ایس آئی اور جی جی آئی کی توجہ پائیدار ترقی، علاقائی استحکام اور مزید بین الاقوامی تعاون پر مرکوز ہے

شراکت داری نہ صرف اسٹریٹجک ہے بلکہ لوگوں کے درمیان دوستی کے گہرے رشتوں کا زندہ ثبوت بھی ہے، خطاب

چینگڈو (م ڈ) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کی تزویراتی شراکت داری دونوں ملکوں کی اقوام کے گہرے دوستانہ تعلقات کی آئینہ دار ہے۔ چینگڈو میں دوسرے گولڈن پانڈا ایوارڈز انٹرنیشنل کلچر فورم سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے لوگوں کو متحد کرنے اور تہذیبوں کو جوڑنے میں فن اور ثقافت کی طاقت کو اجاگر کیا۔ فورم میں چین کے سینئر رہنماؤں، ثقافتی نمائندوں، فنکاروں اور بین الاقوامی مندوبین نے شرکت کی۔ ایوان صدر...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر پنجاب کے علاقے قصور میں سیلاب متاثرین سے خطاب کر رہے ہیں

ممبئی، بھارتی فوجی اہلکار اپنے مطالبات کے حل کیلئے مودی سرکار کے خلاف سڑکوں پر احتجاج کر رہے ہیں

تھائی لینڈ، سیلاب سے پولٹری فارم میں پانی بھر گیا، 50 ہزار مرغیاں ہلاک

بنکاک (آئی این پی) تھائی لینڈ میں سیلاب کے باعث 50 ہزار مرغیاں ہلاک ہوگئیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق تھائی لینڈ کے مشرقی صوبے کے ضلع مواینگ میں سیلاب نے تباہی مچائی ہوئی ہے۔ میڈیا رپورٹس...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا امکان

اوگرا 15 ستمبر کو حتمی ورکنگ پیپر پیٹرولیم ڈویژن کو بھجوائے گا، حتمی منظوری وزیراعظم دینگے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق 16 ستمبر سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 4 روپے 79 پیسے فی لیٹر تک اضافے کا امکان ہے۔ اس حوالے سے انڈسٹری نے ابتدائی ورکنگ مکمل کرلی ہے جس کے تحت پیٹرول ایک روپے 54 پیسے، ڈیزل 4 روپے 79 پیسے، مٹی کا تیل 3 روپے 6 پیسے...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی جی آئی ایس پی آر کی جانب سے فاسٹ یونیورسٹی اسلام آباد کا دورہ

معلوماتی سیشنز وقت کی اہم ضرورت ہیں، ان کا تسلسل برقرار رہنا چاہیے، اساتذہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈی جی آئی ایس پی آر کا فاسٹ یونیورسٹی اسلام آباد کا دورہ۔ طلباء اور اساتذہ کے ساتھ خصوصی نشست، تفصیلات کے مطابق ڈی جی آئی ایس پی آر نے فاسٹ یونیورسٹی اسلام آباد کا دورہ کیا جہاں انہوں نے اساتذہ کے ساتھ ایک خصوصی نشست بھی کی۔ اساتذہ نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ایسے معلوماتی سیشنز وقت کی...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

مودی سرکار کیخلاف بھارتی فوجی اہلکار سڑکوں پر نکل آئے، تنخواہوں میں اضافے کا مطالبہ

کم تنخواہ سے ضروریات پوری نہیں ہو رہیں، مطالبات پورے نہ ہوئے تو بہار سے احتجاج پورے ملک تک پھیلا دیں گے

ڈائل 112 کو فعال بنانے کے بعد اب تک 15 سابق فوجی ڈیوٹی کے دوران ہلاک ہوچکے ہیں، ریٹائرڈ فوجی یونین

نئی دہلی (م ڈ) بھارت میں مسلسل دوسری بار حکومت بنانے والے مودی اور ان کی متعدد کابینہ کی کارکردگی کی قلعی کھل گئی۔ فوجی اہلکار بھی بغاوت پر اتر آئے۔ بھارتی ریاست بہار میں کم تنخواہوں کے باعث ضروریات زندگی...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان سمیت دنیا بھر میں عالمی یوم جمہوریت کل منایا جائے گا

مقصد غیر جمہوری طاقتوں کا راستہ روکنے اور عوامی شعور اجاگر کرنا ہے

جہانیاں (آن لائن) پاکستان سمیت دنیا بھر میں 15 ستمبر کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد غیر جمہوری طاقتوں کا راستہ روکنے اور جمہوریت...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

جرگے کے حکم پر خاتون کے قتل کے مقدمہ کا چالان عدالت میں جمع

راولپنڈی (آن لائن) ڈسٹرکٹ پراسیکیوشن برانچ نے تھانہ پیرودھائی کے علاقے میں جرگے کے حکم پر جواں سال شادی شدہ خاتون کے قتل کے مقدمہ کا چالان عدالت میں جمع کروا دیا ہے جبکہ ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی؛ بچوں سے زیادتی کا ملزم جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے

ملزم کے موبائل سے 100 سے زائد نازیبا ویڈیوز برآمد ہوئی ہیں، ملزم کی حرکات انتہائی بھیانک ہیں، پولیس

کراچی (بیورو رپورٹ) 100 سے زائد بچوں اور بچیوں سے زیادتی کے ملزم کو عدالت نے 5 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کردیا۔ پولیس حکام نے میڈیا کو بتایا کہ ملزم طویل عرصے سے بچوں کو پیسوں اور انعام کا لالچ دے کر زیادتی کا نشانہ...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

اسپیکر قومی اسمبلی کی سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو خراج تحسین

قوم دہشت گردی کے خلاف اپنی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے لوئر دیر میں دہشت گردوں کے خلاف آپریشن میں شہید ہونے والے 7 جوانوں کو بھرپور عقیدت اور احترام کے ساتھ یاد کیا۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے اس موقع پر اپنے بیان میں کہا کہ آپریشن کے دوران 10 خارجی دہشت گردوں کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا اور...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

وفاق نے 1 لاکھ میٹرک ٹن چینی درآمد کیلئے ایک اور ٹینڈر جاری کردیا

پاکستان نے 23 ستمبر تک ایک لاکھ میٹرک ٹن چینی کی درآمد کیلئے بولیاں طلب کی ہیں

قلت پوری کرنے کیلئے وفاقی حکومت نے چینی کی درآمد پر ٹیکسز سے استثنیٰ دے رکھا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے 1 لاکھ میٹرک ٹن چینی کی درآمد کیلئے ایک اور ٹینڈر جاری کردیا۔ ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان نے 23 ستمبر تک ایک لاکھ میٹرک ٹن چینی کی درآمد کیلئے بولیاں طلب کی ہیں۔ اعلامیے کے مطابق چینی کی درآمد کیلئے طلب کی گئی بولیاں اس روز کھولی جائیں گی، اس معاملے میں 25 ہزار ٹن سے کم کی بولیاں...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

غلط نام لکھنے پر گنڈاپور کے وکیل کا چیف جسٹس پشاور کو خط

کیس ٹائٹل میں وزیراعلیٰ کے پی کا نام غلط اور غیر مہذب لکھا گیا، وکیل

پشاور (م ڈ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے وکیل نے کیس ٹائٹل میں وزیراعلیٰ کا نام غلط لکھنے پر چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ کو خط لکھ دیا۔ خط میں کہا گیا کہ کیس ٹائٹل میں علی امین گنڈاپور کا نام غلط لکھا گیا جس سے ان کے موکل کی ساکھ کو نقصان پہنچا۔ پشاور ہائی کورٹ میں وزیراعلیٰ کے پاسپورٹ سے متعلق دائر درخواست میں...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

چمن اور دالبندین میں مقیم افغان مہاجرین کی واپسی کیلئے کارروائیاں تیز، متعدد گرفتار

اے سی چمن کی کارروائی میں تمام قانونی عمل مکمل کرنے کے بعد گرفتار افغان باشندے باب دوستی کے راستے افغانستان واپس بھیج دیئے گئے

دالبندین میں کاروباری افغان مہاجرین کو 1 ماہ کی مہلت، غیر قانونی مقیم باشندوں کو باعزت طریقے سے افغانستان منتقل ہونے کی ہدایت جاری

چمن + دالبندین (ن ن + نمائندہ خصوصی) چمن میں ملک بھر میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان مہاجرین کے انخلا کا عمل جاری ہے اس سلسلے میں چمن میں ضلعی انتظامیہ نے بھی اپنی کارروائیاں تیز کر دی ہیں۔ متعدد افراد کو افغانستان واپس بھیج دیئے گئے۔ وفاقی حکومت کی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر چمن امتیاز علی بلوچ نے لیویز فورس اور ایف سی کے ہمراہ چمن شہر کے مختلف علاقوں میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان مہاجرین کے خلاف کارروائی کے دوران متعدد افراد کو گرفتار کرلیا...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

نیٹو ممالک راضی ہوں تو روس پر بڑی پابندیوں کیلئے تیار ہیں، ٹرمپ

چین پر مشروط ٹیرف یوکرین جنگ کے خاتمے میں مددگار ہوگا، چین کا روس پر مضبوط کنٹرول ہے، ٹیرف چین کی گرفت کمزور کریگا

یوکرین جنگ ہماری نہیں، جنگ روکنے میں مدد کر رہا ہوں، نیٹو میرا کہا نہیں مانتا تو امریکیوں کا پیسہ اور میرا وقت ضائع کریگا، بیان

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ نیٹو ممالک راضی ہوں تو روس پر بڑی پابندیاں لگانے کے لیے تیار ہوں۔ اپنے بیان میں ٹرمپ کا کہنا تھا کہ نیٹو ممالک بھی روس کے خلاف ایسے ہی اقدامات...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

چیف جسٹس پاکستان کے سیکورٹی پروٹوکول میں کمی، گاڑیوں کی تعداد 2 کردی

سیکورٹی پروٹوکول میں 8 گاڑیاں شامل تھیں، کمی عوامی وسائل مؤثر اور معقول استعمال کیلئے کی گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کے سیکورٹی پروٹوکول میں نمایاں کمی کردی گئی ہے۔ نیوز کے مطابق سپریم کورٹ آف...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

صدر آصف علی زرداری کے اعزاز میں عشائیہ

چینگڈو (آئی این پی) چینگڈو میں صدر آصف علی زرداری کے اعزاز میں عشائیہ دیا گیا، عشائیہ کی میزبانی کمیونسٹ پارٹی آف چائنا چاؤان کے پارٹی سیکرٹری وانگ شیاہوئی نے کی، صدر آصف علی زرداری، خاتون...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

ہائی برڈ نظام کی حکمرانی اسٹیبلشمنٹ کی گرفت مضبوط کررہی ہے: لیاقت بلوچ

قومی قیادت کو آئین کی بالادستی اور جمہوریت کی بحالی پر اتفاق کرنا ہوگا، قائم مقام امیر

لاہور (آن لائن) قائم مقام امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ ہائی برڈ نظام کی حکمرانی اسٹیبلشمنٹ کی گرفت مضبوط کر رہی ہے۔ آئین سے متصادم یہ نظام چلنے والا نہیں، قومی قیادت کو مل بیٹھ کر آئین کی بالادستی اور جمہوریت کی بحالی کے لیے...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، آٹا کی قیمت میں اضافہ، سوکھی روٹی بھی عوام کی دسترس سے باہر

شہر میں انتظامی کارروائیاں بے سود، کوئی فریاد سننے والا نہیں، غریب طبقے کے گھروں میں چولہے ٹھنڈے پڑنے لگے

روزانہ کی بنیاد پر اضافہ دیکھا جا رہا ہے جو آٹا عام آدمی کی پہنچ میں تھا آج اس کی قیمت آسمان سے باتیں کر رہی ہے، مارکیٹ ذرائع

فوری آٹے کی قیمتوں پر قابو اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے ورنہ صورتحال گمبھیر ہونے کا خطرہ ہے، شہری کا مطالبہ

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں آٹے کی قیمتوں میں حالیہ دنوں کے دوران غیر معمولی اضافے نے عوام کی کمر توڑ دی، شہری دو وقت کی روٹی کیلئے شدید مشکلات سے دوچار ہیں جبکہ غریب طبقے کے گھروں میں چولہے ٹھنڈے پڑنے...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

الخدمت بنو قابل روزگار تربیتی پروگرام کا ٹیسٹ 19 ستمبر کو ایوب اسٹیڈیم میں ہوگا

جماعت اسلامی کے مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمن اور مولانا ہدایت الرحمن بلوچ مہمان خصوصی ہونگے

الخدمت فاؤنڈیشن نے رجسٹریشن کروانے والے نوجوانوں کو 4 بجے اسٹیڈیم پہنچنے کی ہدایت کی گئی ہے

ضلعی، صوبائی اور مرکزی کمیٹی کے مشترکہ اجلاس میں بنو قابل کے سی ای او شاہد اقبال نے خصوصی شرکت کی

کوئٹہ (آن لائن) الخدمت فاؤنڈیشن بنو قابل ٹیسٹ 19 ستمبر بروز جمعہ شام 4 بجے ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ میں منعقد ہوگا ٹیسٹ کی تیاریاں آخری مراحل میں ہے اپنے آپ کو ہنرمند بنانے، مستقبل کو سنوارنے، باعزت روزگار کیلئے ٹیسٹ میں ہزاروں مرد و خواتین شرکت کریں گے۔ پروگرام کے مہمانان خصوصی حافظ نعیم الرحمن اور مولانا ہدایت الرحمن بلوچ ہوں گے۔ تفصیلات کے مطابق الخدمت فاؤنڈیشن قابل کے تحت ضلعی، صوبائی اور مرکزی کمیٹی کا ایک اہم مشترکہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں بنو قابل کے چیف ایگزیکٹو آفیسر شاہد اقبال نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس کی صدارت بنو قابل بلوچستان کے کو۔ آرڈینیٹر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن نے کی۔ اجلاس میں بالخصوص بنو قابل انٹیلیجنس ٹیسٹ کے حوالے سے جامع منصوبہ بندی پر غور کیا گیا۔ شرکا نے امتحانی نظام کی شفافیت، طلبہ کی رہنمائی اور ٹیسٹ کے مؤثر انعقاد کے لیے مختلف تجاویز پیش کیں۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ نوجوانوں کو بہتر تعلیمی و پیشہ ورانہ مواقع فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں۔ دریں اثنا الخدمت میڈیا ٹیم مرکزی میڈیا انچارج شعیب ہاشمی، رضوان احمد، ریجنل میڈیا انچارج ولی خان شاکر، محمد ہاشمی و دیگر نے ہفتہ کو ایوب اسٹیڈیم کا دورہ کیا، مہمانوں، میڈیا اور ٹیسٹ کے شرکا، اسٹیج و دیگر امور و انتظامات کے حوالے سے مشاورت کیا گیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ یہ کوئٹہ بلوچستان کے نوجوانوں کے فری آئی ٹی سیکھنے و روزگار کے حوالے سب سے بڑا منظم پروگرام ہوگا۔ شہری، نوجوان اور طلبا آج بھی banoqabil.org پر رجسٹریشن کر کے پروگرام کا حصہ بن سکتے ہیں۔ 19 ستمبر ٹیسٹ پروگرام ایوب اسٹیڈیم میں ہزاروں لوگ شرکت کریں گے۔

کوئٹہ، گورنمنٹ ٹیچر ایسوسی ایشن آئینی کے قائم خان کاکڑ، قاسم اچکزئی و دیگر صوبائی صدر کیو ٹی اساتذہ امین میانی کا احتجاجی کیمپ موثر کروا رہے ہیں

کوئٹہ پینے کے صاف پانی کی قلت شدت اختیار کر گئی، شہری پانی کی بوند بوند کو ترس گئے

واٹر سپلائی سکیمیں عملی طور پر ناکام ہو چکی ہیں اور متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں، شہری

دن رات پانی کے انتظار میں رہتے ہیں، لیکن نلکوں میں پانی نہیں آتا، مجبوراً مہنگے داموں ٹینکر خریدنا پڑتا ہے

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پینے کے صاف پانی کی شدید قلت نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہم کئی علاقے ہفتوں سے پانی کی فراہمی سے محروم ہیں، جس کے باعث لوگ ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر ہیں۔ شہریوں کے مطابق واٹر سپلائی سکیمیں عملی طور پر ناکام ہو چکی ہیں اور متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں ہم دن رات پانی کے انتظار میں رہتے ہیں، لیکن نلکوں میں پانی نہیں آتا، مجبوراً مہنگے داموں ٹینکر خریدنا پڑتا ہے۔ ایک مقامی رہائشی نے بتایا پانی کی قلت کے باعث تعلیمی اداروں، اسپتالوں اور بازاروں میں بھی مشکلات پیدا ہو رہی ہیں۔ عوامی اور سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو صورتحال سنگین بحران کی شکل اختیار کر سکتی ہے۔ شہریوں نے حکومت بلوچستان اور واٹر اینڈ سینیٹیشن اتھارٹی (واسا) سے مطالبہ کیا ہے کہ پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور ٹینکر مافیا کے خلاف سخت کارروائی کی جائے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے۔

تعلیمی اداروں میں تنظیم سازی جلد شروع کی جائے گی، احمد جان خان

صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس صوبائی صدر وکیل خان عادل کی صدارت میں منعقد ہوا

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل سٹوڈنٹس موومنٹ جنوبی پشتونخوا بلوچستان کے صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس صوبائی صدر وکیل خان عادل کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے صوبائی صدر احمد جان خان، صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے ممبر عنایت شاہ اور نیشنل سٹوڈنٹس موومنٹ کے صوبائی جنرل سیکرٹری صورت خان کاکڑ سمیت صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں ... پالیسیوں کا تسلسل قرار دیتے ہوئے تمام جمہوری قوتوں، عالمی برادری اور اقوام متحدہ کے بنیادی انسانی حقوق اور بچوں کے اداروں سے اپیل کی گئی کہ وہ اس بنیادی اور اہم نوعیت کے مسئلے کا فوری نوٹس لیکر طلبا و طالبات کی بیدخلی اور تعلیمی اداروں کو بند کرنے کا عمل روکنے میں اپنا فریضہ ادا کرے۔ اجلاس میں حکومت اور امرانہ قوتوں کی جانب سے طلبا سیاست پر پابندی کو علم و شعور اور طلبا حقوق کیلئے جدوجہد پر حملہ قرار دیتے ہوئے اسے مسترد کیا گیا اور واضح کیا کہ اظہار رائے، تنظیم سازی اور حقوق کیلئے جدوجہد طلبا کا آئینی، جمہوری اور بنیادی انسانی حق ہے جس پر قدغن کا عمل غیر آئینی و غیر جمہوری ہے۔ اجلاس میں تمام طلبا تنظیموں پر زور دیا گیا کہ حکومت اور امرانہ و طلبا دشمن قوتوں کی جانب سے طلبا سیاست اور سیاسی شعور کے عمل ...

وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر ... ریٹائرڈ ... سے ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ، الکوزئی قومی موومنٹ کے رہنما عبدالمحمد، حاجی نصیب اللہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہے گا، موسمیاتی مرکز

کوئٹہ (پ ر) علاقائی موسمیاتی مرکز بلوچستان کے مطابق اتوار کو صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہے گا جبکہ جنوبی اضلاع میں جزوی طور پر ابر آلود موسم کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ...

معزول نوجوانوں کو فوری طور پر بازیاب کیا جائے، عبد محمد

کیلگر افزا لیسوی ایشن ربیع الاول کی مناسبت سے خطاطی نمائش منعقد کرے گی

عبدالباری نظریاتی کی دینی وسیاسی خدمات ناقابل فراموش ہیں، عبدالرحیم

لیکی رہنماؤں کا سابق ڈپٹی کمشنر عبدالخالق مندوخیل کی وفات پر اظہار تعزیت

چمن کی لائبریریوں کو فوری طور پر فعال کیا جائے، احسان اللہ اچکزئی

نوحصار جوہ اسکیم پارک تفریح کی بجائے حادثات کا مرکز بن گیا ہے، مولانا عزیز اللہ

مولانا ہدایت الرحمن مدرسہ دار الرشاد جامع مسجد میں تربیتی اجتماع سے خطاب کریں گے

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا سردار فتح محمد حسنی کی ہمشیرہ کے انتقال پر تعزیت

علاقائی سینیٹر مولانا سیکرٹری نور زمان خان کی والدہ انتقال کر گئی

اللہ کی مسلسل نافرمانی بندے کے دل کو سیاہ کر دیتی ہے، عبدالقدیر اعوان

رب العالمین نے اپنے محبوب کو رحمت العالمین بنا کر بھیجا، محمد عارف

حیات اللہ کاکڑ کا سردار فتح محمد حسنی سے اظہار تعزیت

نجی ایئر لائنز کوئٹہ کے مسافروں سے کئی گنا زیادہ کرایہ لے رہی ہیں، کاشف حیدری

سردار فتح محمد حسنی کی ہمشیرہ کی فاتحہ خوانی جاری

دیرینہ مسائل حل کروا کر عوام کے اعتماد پر پورا اتروں گا، شیخ زرک خان مندوخیل

بجلی اور گیس کے بھاری بلوں نے لوگوں کا جینا حرام کر رکھا ہے، قاسم بلوچ

نوجوانوں کو کھیلوں کے میدانوں کی طرف واپس لانا ہوگا، ڈاکٹر بشیر

ایم ای، پی ایچ ڈی امتحانات اور داخلوں کی پالیسی تعلیم دشمنی ہے، پشتونخوا ایس او

بلوچستان شدید معاشی، سماجی اور انتظامی بحران کا شکار ہے، چوہدری شبیر

23 ستمبر کو پشتون قومی جرگہ منعقد ہوگا، سید شراف آغا

ڈاکٹر حلیم صادق کی سردار فتح محمد حسنی، عارف جان محمد حسنی سے تعزیت

ایس ایم ای ایم ہسپتال ڈاکٹر سلطان لہڑی کی خدمات قابل تحسین ہیں، صادق بنگلزئی

لوکل بس مالکان کی من مانیاں قواعد کی خلاف ورزیاں عروج پر پہنچ گئیں

یونیورسٹی داخلہ فیسوں میں بے تحاشا اضافہ قابل مذمت ہے، وارث افغان

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ / حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ایف سی کا ہیڈ کوارٹر پشاور سے اسلام آباد منتقلی کا اصولی فیصلہ کر لیا گیا

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے فیڈرل کانسٹیبلری کے ہیڈ کوارٹرز کے لیے اراضی کی نشاندہی کی ہدایت کی، ماسٹر پلان طلب

ایف سی کو جدید بنیادوں پر استوار کر کے ایک منظم اور انتہائی فعال فورس بنانا چاہتے ہیں، سی ڈی اے ہیڈ کوارٹر میں اہم اجلاس

اسلام آباد (زاہد احمد خان) فیڈرل کانسٹیبلری کا ہیڈ کوارٹر پشاور سے اسلام آباد منتقل کرنے کا اصولی فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے فیڈرل کانسٹیبلری کے ہیڈ کوارٹرز کے لیے اراضی کی نشاندہی کی ہدایت کی ہے اور نئے ہیڈ کوارٹرز کا ماسٹر پلان طلب کر لیا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت سی ڈی اے ہیڈ کوارٹر میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے سی ڈی اے کے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ فیڈرل کانسٹیبلری ہیڈ کوارٹر کیلئے دارالحکومت میں موزوں جگہ کو مختص کیا جائے ... ٹریننگ کی ضروریات کو خصوصی طور پر مدنظر رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ فیڈرل کانسٹیبلری کو جدید بنیادوں پر استوار کر کے ایک منظم اور انتہائی فعال فورس بنانا چاہتے ہیں۔ وفاقی سیکرٹری داخلہ، کمانڈنٹ و ڈپٹی کمانڈنٹ فیڈرل کانسٹیبلری، چیئرمین سی ڈی اے، آئی جی اسلام آباد پولیس، ڈی سی اسلام آباد اور سینئر حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔

گورنمنٹ گرلز انٹر کالج تسپ میں یوم دفاع کی تقریب منعقد ہوئی

طالبات نے قومی جوش و جذبے سے بھرپور تقاریر پیش کیں، اساتذہ کی تعریف

پنجگور (ن ن) گورنمنٹ گرلز انٹر کالج تسپ پنجگور میں "خوش آمدید پروگرام" کے دوران یوم دفاع 6 ستمبر کے حوالے سے ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں طالبات نے قومی جوش و جذبے سے بھرپور تقاریر پیش کر کے سامعین کے دل جیت ... کی ترغیب دیتا ہے۔ تقریب میں اساتذہ کرام اور شریک طلباء نے مقرر طالبات کو بھرپور داد دی اور ان کے جذبہ حب الوطنی کو سراہا۔ انعامات کی یہ تقسیم نہ صرف انعام یافتہ طالبات کے لیے باعث فخر قرار دی گئی بلکہ دیگر طالبات کے لیے بھی ایک مثبت پیغام ...

ڈی سی زیارت نے تھانہ گریڈ اسٹیشن اور بازار کا دورہ کیا

لیویز فورس کو جدید اسلحہ سے لیس کر کے موجودہ دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کریں گے

تاجران سرکاری نرخوں کی پابندی کریں اور عوام کو معیاری اشیاء فراہم کریں

گورنر خیبرپختونخوا سے ارکان قومی اسمبلی کی ملاقات

گجرات، تین مختلف ٹریفک حادثات، 6 افراد جاں بحق، 11 زخمی

پیپلز پارٹی کسمبیلا کی اسسٹنٹ کمشنر بیلہ کے رویے کی مذمت

اسسٹنٹ کمشنر کو تعلیمی اداروں میں غیر قانونی عمل سے باز رہنا ہوگا، حاجی انور رونجھو

مولانا فضل الرحمان سیلاب متاثرین کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، روبی کمار پوچھو

انصار الاسلام کے رضا کار متاثرہ علاقوں امدادی سرگرمیوں میں حصہ لے رہے ہیں

بیلہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام اقلیتی امور کے صوبائی صدر و رکن صوبائی اسمبلی بلوچستان روبی کمار پوچھو نے بلوچستان خیبرپختونخوا پنجاب سندھ میں سیلابی ریلوں سے جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے قائد، سربراہ جمعیت علمائے اسلام (ف) مولانا فضل الرحمان اس مشکل گھڑی میں خیبرپختونخوا پنجاب سندھ بلوچستان کے متاثرہ عوام کے ساتھ ہیں اور ہر ممکن تعاون فراہم کریں گے مولانا فضل الرحمان نے جمعیت علمائے اسلام کے جنرل سیکرٹری سینیٹر مولانا عطاء الحق سے ٹیلیفونک رابطہ کیا، جس میں انہیں خیبرپختونخوا کی موجودہ سیلابی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر مولانا فضل الرحمان نے انصار الاسلام کے رضا کاروں کو ہدایت کی کہ وہ فوری طور پر متاثرہ علاقوں میں جا کر امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیں اور ضرورت مندوں کی بھرپور مدد کریں سربراہ جے یو آئی نے متاثرہ خاندانوں سے تعزیت کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔

کیچ کلچرل فیسٹیول کامیابی سے منعقد ہوگا، التاز سخی

آرگنائزنگ کمیٹی کے اجلاس میں فیسٹیول کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا

تربت (ن ن) کیچ کلچرل فیسٹیول کی آرگنائزنگ کمیٹی کا اجلاس فیسٹیول منیجر التاز سخی کی صدارت ... تعلیمی اداروں کا دورہ کر چکی ہے جبکہ آئندہ ہفتے گوادر اور پنجگور یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز کو ...

یو او ٹی میں پروجیکٹ پلاننگ اور مینجمنٹ کا خصوصی سیشن منعقد ہوا

منصوبوں کی بروقت اور موثر تکمیل کیلئے منظم اور مربوط حکمت عملی ناگزیر ہے، مقررین

ایس پی عائشہ بٹ نے IAWP کی صدر کو سکارف پیش کیا

سکارف پر پاکستان کا جھنڈا اور انتہائی نقش بنے تھے، یادگار رہے گا، جولیا

IAWP کی سالانہ کانفرنس کی اختتامی تقریب سکاٹ لینڈ میں منعقد

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی، ڈاکٹر عطی اللہ بلوچ، رخسانہ صابر بلوچ و دیگر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

عمارت کا ایک حصہ گرنے سے 6 افراد ملبے تلے دب گئے

پشاور (این این آئی) صدر بازار پشاور میں جنرل پوسٹ آفس کے سامنے ایک عمارت کا حصہ اچانک گر گیا جس سے 6 افراد ملبے تلے دب گئے۔ ترجمان ریسکیو 1122 بلال احمد فیضی کے مطابق اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور فوری طور پر ریسکیو آپریشن شروع کیا۔ ترجمان کے مطابق ملبے تلے کل 6 افراد پھنسے ہوئے تھے جنہیں ریسکیو 1122 نے بروقت کارروائی کے دوران نکالا۔ ان میں سے ایک شخص جان بحق ہو گیا جبکہ پانچ افراد زخمی ہوئے۔

ہماری ترجیح صوبے کے ہر فرد تک تعلیم کی رسائی یقینی بنانا ہے، راحیلہ حمید درانی

ترقی صرف تعلیم کے ذریعے ہی ممکن ہے، معیاری اور اعلیٰ تعلیم کا فروغ، خصوصاً بچیوں کیلئے، ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے

میرے دفتر کے دروازے عوام کیلئے کھلے ہیں، تعلیم کے شعبے کی ترقی کیلئے حکومت کے اقدامات میں اجتماعی تعاون کی ضرورت ہے

صوبائی وزیر تعلیم نے گورنمنٹ گرلز کالج جناح ٹاؤن کوئٹہ میں نئے تزئین و آرائش شدہ ہال کا افتتاح کیا اور کالج میگزین کا اجراء بھی کیا

کوئٹہ (ن ن) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے گورنمنٹ گرلز کالج جناح ٹاؤن کوئٹہ میں جدید سہولیات سے آراستہ نئے تزئین و آرائش شدہ ہال کا افتتاح کیا اور کالج میگزین کا اجراء بھی کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے کہا کہ معیاری اور اعلیٰ تعلیم کا فروغ، خصوصاً بچیوں کے لیے، ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے ہر فرد تک تعلیم کی رسائی یقینی بنانا ان کی کوششوں کا محور ہے، کیونکہ ترقی و خوشحالی صرف تعلیم کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ راحیلہ درانی نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں نے دنیا کے کئی بین الاقوامی فورمز پر پاکستان کا سبز ہلالی پرچم سربلند کیا ہے، جو اس بات کی یاد دہانی ہے کہ ہماری اصل شناخت اور پہچان پاکستان ہی ہے۔ وزیر تعلیم نے یقین دہانی کرائی کہ ان کے دفتر کے دروازے صوبے کے عوام کے لیے ہمیشہ کھلے ہیں اور تعلیم کے شعبے کی ترقی کے لیے حکومت کے اقدامات میں اجتماعی تعاون کی ضرورت ہے۔ تقریب کے دوران مہمان خصوصی کی حیثیت سے راحیلہ درانی نے شاندار کارکردگی دکھانے والے افسران، اساتذہ اور طالبات میں انعامات بھی تقسیم کیے۔

کوئٹہ، پشتونخوا میپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال و دیگر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

جیکب آباد: 11 ہزار وولٹیج کی تاریں دھماکے سے گر گئیں

شہر بھر تاریکی میں ڈوب گیا، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام فوری نوٹس لیں، شہری

دریاؤں میں پانی کے بہاؤ کی تازہ ترین صورتحال

جیکب آباد: پولیس اہلکار اور سوتیلی ماں کے قتل میں ملوث تین ملزمان گرفتار

ملزمان کے قبضے سے دو غیر قانونی پسٹل بھی برآمد کیے گئے، ترجمان پولیس

گوادر شادی کور چوڑ گوادر ٹرانسمیشن لائن کی تکمیل آخری مراحل میں ہے

ڈی جی، جی ڈی اے نے واٹر ٹرانسمیشن لائن، چوڑ گوادر پمپنگ اسٹیشن، فلٹریشن پلانٹ اور شادی کور ڈیم کا دورہ کیا

شادی کور سے چوڑ گوادر تک 83 کلومیٹر ٹرانسمیشن لائن کی بحالی کا کام تقریباً مکمل کر لیا گیا ہے، چیف انجینئر

حادثہ کے بعد معذری نے زندگی دوبھر کر دی، ریٹائرڈ ریلوے گارڈ کی دہائی

بختیار آباد: بجلی کی طویل لوڈ شیڈنگ، کاروبار ٹھپ، عوام پریشان

80 فیصد ریکوری کے باوجود 13 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ ظلم کی انتہا ہے، شہری

شہریوں کو اغوا، تشدد اور یرغمال بنانے میں ملوث 4 انسانی اسمگلر گرفتار

پنجاب پولیس کا ریسکیو اینڈ ریلیف آپریشن جاری

06 لاکھ 93 ہزار 706 شہریوں کو بحفاظت مقامات پر منتقل کیا

بلوچستان میں ٹرانس جینڈرز پالیسی کی منظوری تاریخی ساز فیصلہ ہے، عظمیٰ یعقوب

فیصلے کے دور رس اثرات مرتب ہوں گے اور معاشرے کے پسے ہوئے طبقات کے لیے نئی راہیں کھلیں گی، سربراہ ایف ڈی آئی

اس پالیسی کے نفاذ سے صوبے کی ٹرانس جینڈر کمیونٹی کو تعلیم، روزگار اور سماجی ترقی میں برابری کے مواقع میسر آئیں گے

... سے پہلی بار ٹرانس جینڈرز پالیسی کی منظوری ایک تاریخی اور دور رس فیصلہ ہے، جو معاشرے کے پسے ہوئے طبقات کے لیے نئی راہیں کھولے گا انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی کابینہ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام وقت کی ضرورت تھا جس کا غیر سرکاری ادارے طویل عرصے سے مطالبہ ... برابری کے مواقع میسر آئیں گے اور وہ معاشرے میں فعال اور مثبت کردار ادا کر سکیں گے انہوں نے کہا کہ اس سے قبل صوبائی حکومت نے اسکالرشپ پروگرام میں بھی ٹرانس جینڈرز اور اقلیتوں کے لیے خصوصی اقدامات کیے تھے، جو بلوچستان حکومت کی شمولیتی پالیسیوں کا منہ بولتا ثبوت ہے فورم فار ڈگنٹی انیشیٹوز کی ... کہ پالیسی پر موثر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے تاکہ اس کے حقیقی ثمرات مستحق طبقات تک پہنچ سکیں عظمیٰ یعقوب نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ایف ڈی آئی پاکستان اس پالیسی کے عملی نفاذ میں حکومت بلوچستان کے ساتھ بھرپور تعاون کرے گی اور محروم طبقات کے حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔



خضدار، جھالاوان میڈیکل کالج کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر عبدالصمد بگٹی و دیگر حق ریٹائرڈ کالج میں معذور ذہانت سے متعلق منعقدہ سیمینار کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

عوام کے جان و مال کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، ڈی سی سبی

امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے قومی شاہراہوں پر سکیورٹی مزید سخت کر دی گئی ہے

قومی شاہراہوں پر اچانک سنیپ چیکنگ کا مقصد شرپسند عناصر، جرائم پیشہ افراد اور غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام ہے

کوئٹہ، پشتونخوا میپ کے صوبائی نائب صدر نواب ایاز جوگیزئی و دیگر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

قلعہ عبداللہ میں ملک دین کا دیہاڑے سرعام ٹرکوں سے بھتہ لیتے ہیں، نور محمد شاہوانی

چمن آنے جانے والی بڑی گاڑیوں سے حکومتی اہلکاروں کے ساتھ ساتھ اب قلعہ عبداللہ کے غنڈوں نے بھی بھتہ لینا شروع کر دیا ہے

ضرورت برائے اسٹاف

info@ptsco.com.pk

ملٹری کالج سوئی

داخلہ برائے جماعت ہشتم سال 2026

www.militarycollegesui.edu.pk

MCSB Cadet Fee 0516-7901882903

نمبر شمار	کیٹیگری	واجبات برائے داخلہ فیس	واجبات برائے داخلہ فارم
ا	جونیئر کمیشنڈ آفیسرز / جوان (حاضر سروس / ریٹائرڈ) / ایم ای ایس	Rs. 2000/-	Rs. 3000/-
ب	آفیسرز (حاضر سروس / ریٹائرڈ)	Rs. 3000/-	Rs. 4000/-
ج	سویلین	Rs. 4000/-	Rs. 5000/-

TCS/Leopard Courier Service

8600-32310 ، 8600-32313

0835-434020, 0835-434010-13

آفیسر انچارج ایڈمیشن برانچ ملٹری کالج سوئی

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ

ٹیلیفون نمبر:۔ 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔ 2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

اتوار 14 ستمبر 2025ء

دہشت گردی کیخلاف پاکستانی قوم کا غیر متزلزل عزم واضح پیغام

وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ افغانستان کو واضح کر دیا گیا ہےکہ خارجیوں یا پاکستان میں سے ایک کا انتخاب کر لیں، دہشت گردی کے واقعات میں افغان باشندے شامل ہیں، جو سرحد پار سے آ کر پاکستان میں دہشت گردی کر رہے ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے بنوں کا دورہ کیا اور دہشت گردی سے متعلق اہم اور اعلیٰ سطح کے اجلاس میں شرکت کی۔ کمبائنڈ ملٹری ہسپتال (سی ایم ایچ) بنوں میں زخمی جوانوں کی عیادت کے بعد وزیر اعظم شہباز شریف نےگفتگو کرتے ہوئے کہا کہ افغانستان کو آج واضح طور پر پیغام دینا چاہتا ہوں، 2 چیزوں میں سے کسی ایک کا انتخاب کر لیں۔ اگر افغان حکومت پاکستان کے ساتھ تعلقات قائم کرنا چاہتی ہے تو ایمانداری اور سچائی کے ساتھ تعلقات قائم کرے، جس کے لیے ہم پہلے سے تیار ہیں، تاہم اگر افغانستان کی حکومت کو دہشت گردوں کا ساتھ دینا ہے اور ان کی پشت پناہی کرنی ہے۔ تو پھر ہمیں بھی افغانستان کی قائم مقام حکومت سے کوئی سروکار نہیں، افواج پاکستان فیلڈ مارشل کی سربراہی میں ہر صورت ان دہشت گردوں کا خاتمہ کریں گی۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ ملک میں امن ہوگا تو ترقی اور خوشحالی ہوگی، اگر خدانخواستہ امن تباہ ہوگیا تو نہ ملک میں ترقی ہوگی اور نہ ہی خوشحالی۔ دورہ بنوں کے دوران فیلڈ مارشل اور کور کمانڈر پشاور سے دیگر اعلیٰ فوجی قیادت سے گفتگو کی ہے، پاکستان کے بہترین مفاد میں فیصلے کریں گے، جلد کابینہ کے پاس ان فیصلوں کو لے کر جاؤں گا، جس پر بحث کے بعد حتمی فیصلہ کر کے فوری عمل درآمد کیا جائے گا۔ وزیر اعظم نے اس موقع پر مزید کہا کہ دہشت گردی کا بھرپور جواب دیا جائے گا، اس میں کسی قسم کا کوئی ابہام برداشت نہیں کریں گے۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ غیر قانونی طور پر پاکستان میں مقیم افغان باشندوں کا جلد انخلا انتہائی اہم ہے، پاکستانی قوم دہشت گردی کے معاملے پر سیاست اور گمراہ کن بیانیے کو مکمل طور پر رد کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو بھی خارجیوں اور بھارت کی دہشت گرد پراکسیوں کی سہولت کاری اور معاملہ فہمی کی بات کرتا ہے وہ انہی کا آلہ کار ہے اور اُسے بھی اسی زبان میں جواب دیا جائے گا جس کا وہ حق دار ہے۔ شہباز شریف نے مزید کہا کہ پاکستان اور بالخصوص خیبر پختونخوا کے غیور عوام، ریاست اور افواج پاکستان کے ساتھ مل کر بھارت کی ان پراکسیوں کے خلاف آپریشن بنیان مرصوص کی طرح متحد ہیں۔ وزیر اعظم کا مزید کہنا تھا کہ دہشت گردی کے خلاف مزید مؤثر جواب دینے کے لیے جو ضروری انتظامی اور قانونی اقدامات کرنے پڑے وہ فوراً کریں گے۔ دہشت گردی کی جنگ میں سیکورٹی فورسز کی قربانیاں بے مثال ہیں اور اپنی جان کی پرواہ کئے بغیر دہشت گردوں کیخلاف بلاخوف اب بھی آپریشنز جاری رکھے ہوئے ہیں جن کی کامیابیاں انہی قربانیوں کا نتیجہ ہے۔ دہشت گردی سے سب سے زیادہ بلوچستان اور خیبر پی کے متاثر ہو رہے ہیں جہاں خفیہ ٹھکانوں میں چھپے دہشت گرد اور انکے سہولت کار مسلسل کارروائیاں کر رہے ہیں جن کیخلاف ہماری سیکورٹی فورسز مختلف آپریشنز جاری رکھے ہوئے ہیں۔ بدقسمتی سے کے پی کے حکومت جہاں ان کارروائیوں میں رکاوٹیں کھڑی کر رہی ہے وہیں وہ دہشت گردوں سے مذاکرات اور انکے خلاف محدود کارروائیوں پر زور دے رہی ہے۔ کے پی کے حکومت کو یاد رکھنا چاہیے کہ وفاقی حکومت نے آپریشن سے پہلے دہشت گردوں کے ساتھ مذاکرات کا ہی راستہ اختیار کیا تھا لیکن دہشت گرد ایک طرف مذاکرات کا ڈرامہ رچاتے رہے اور دوسری جانب انہوں نے اپنی کارروائیاں بھی جاری رکھیں۔ انکی اس منافقانہ پالیسی کو پیش نظر رکھ کر ہی سول اور عسکری قیادت نے ان پر مذاکرات کے دروازے بند کر کے ان کیخلاف سخت آپریشن کرنے کا فیصلہ کیا۔ یہ دونوں دہشت گرد تنظیمیں پاکستان کیلئے ایک بہت بڑا چیلنج بن چکی ہیں جن کا خاتمہ کئے بغیر ملک میں امن کی ضمانت نہیں مل سکتی۔ اگر کے پی کے حکومت انکے ساتھ مذاکرات پر بضد رہتی ہے اور محدود کارروائیوں کا اپنا مطالبہ برقرار رکھتی ہے تو انکی یہ پالیسی دہشت گردوں کے حوصلے بڑھانے اور انکی سہولت کاری کے ہی مترادف ہے۔ اس لئے اسے اپنا رویہ ترک کر کے دہشت گردی کے تدارک کیلئے سیکورٹی فورسز کی کارروائیوں کا ساتھ دینا چاہیے۔ کالعدم ٹی ٹی پی مسلسل سیکورٹی فورسز اور بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنا رہی ہے تاکہ ریاستی عملداری کو کمزور اور فوجی کارروائیوں کو متاثر کیا جا سکے۔ اس کے جواب میں حکومت پاکستان نے انسداد دہشت گردی کے لئے نئی حکمت عملیاں اختیار کیں، جن میں آپریشن ''عزم استحکام'' بھی شامل ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ کے پی میں دہشت گردی بڑھ رہی ہے، وہاں ہونے والی کارروائیاں اس بات کی کھلی عکاسی کرتی ہیں مختلف رپورٹس میں یہ بات واضح بھی ہو چکی ہے، ماضی میں بھی پاکستان ایسے چیلنج کا سامنا کر چکا ہے جس پر قابو پانے کے لئے مؤثر فوجی آپریشنز کئے گئے تھے۔ موجودہ صورتحال میں بھی اس ناسور کو جڑ سے اکھاڑنے کے لئے ایک جامع اور مؤثر آپریشن کی ضرورت ہے۔ ایسے میں کسی بھی آپریشن کی مخالفت کرنا یا اس کو روکنے کے لئے حیلے بہانے تلاش کرنا عقلمندی نہیں ہے۔ پہلے ہی بہت خرابی ہو چکی ہے اور اس سے پہلے کہ پانی سر سے اوپر نکل جائے، سب لوگوں کو متحد ہو کر اس خطرے کا مقابلہ کرنا چاہئے۔ دہشت گردی پر کسی قسم کی سیاست کی کوئی گنجائش نہیں ہے، یہ معصوم لوگوں کی جانوں کا معاملہ ہے، اس مسئلے پر تو ہر ایک کو قانون نافذ کرنے والے اداروں کا ساتھ دینا چاہئے نہ کہ کسی قسم کی تاویلیں ڈھونڈنا چاہئیں، بالفرض اگر کسی کو کوئی تحفظات ہیں بھی تو وفاقی حکومت انہیں سنے اور جائز شکایات کے ازالے کا اہتمام کرے۔ ملک میں آج بھی اسی جذبے کی ضرورت ہے جس کے تحت سانحہ آرمی پبلک سکول پشاور کے بعد تمام سیاسی جماعتیں اکٹھی ہو گئی تھیں، انہوں نے مل کر نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد کی حمایت کی تھی۔ تمام اہل سیاست کو یہ بات سمجھنا چاہئے کہ دہشت گردوں کا کوئی مذہب نہیں ہوتا، ان میں کوئی انسانیت نہیں ہوتی اور وہ کسی رعایت کے حقدار بھی نہیں ہوتے۔

پاکستان کے ذکر کی گونج

قلمکار — شازیہ آصف ڈار

پاکستان کے سوشل میڈیا پر گذشتہ دو دن سے اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کا وہ حالیہ ویڈیو پیغام زیر بحث ہے جس میں انہوں نے پاکستان اور اسامہ بن لادن کا حوالہ دیا تھا، اور ابھی اس بیان پر بحث جاری تھی کہ اقوام متحدہ کے سلامتی کونسل کے اجلاس میں بھی پاکستان اور اسرائیل کے مندوبین اس معاملے پر آمنے سامنے نظر آئے۔ قطر پر ہونے والے اسرائیلی حملے کے تناظر میں بلائے جانے والے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اجلاس میں پاکستان کے نمائندے عاصم افتخار احمد نے اپنے خطاب کے دوران کہا کہ اسرائیل نے پاکستان کے بارے میں حقائق سے منافی ریمارکس دیے، جس کا مقصد بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی اور اپنے غیر قانونی اقدامات کا جواز پیش کرنا تھا۔ اسی اجلاس میں شریک اسرائیل کے نمائندے نے عاصم افتخار احمد کی تقریر پر فوری ردعمل دیا اور انہیں یہ باور کروایا کہ اس حقیقت کو تبدیل نہیں کیا جا سکتا کہ اسامہ بن لادن پاکستانی سرزمین پر مارے گئے تھے۔ یاد رہے کہ اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے امریکہ میں نائن الیون حملوں کے 24 برس مکمل ہونے کی مناسبت سے بیان میں پاکستان اور اسامہ بن لادن کا حوالہ دیتے ہوئے اسے قطر میں کیے گئے اسرائیلی حملے کے جواز کے طور پر پیش کیا تھا۔ اسرائیل نے منگل کے روز قطر کے دارالحکومت دوحہ میں حماس کے سینئر رہنماؤں پر حملہ کیا تھا۔ اسرائیلی فوج کا دعویٰ ہے کہ اس نے 7 اکتوبر کے وحشیانہ قتل عام کے براہ راست ذمہ داران کو نشانہ بنایا۔ دوسری جانب حماس کا کہنا ہے کہ دوحہ میں اس کے مذاکراتی وفد کے ارکان کو نشانہ بنایا گیا لیکن وہ اس حملے میں محفوظ رہے تاہم ایک قطری سیکورٹی اہلکار سمیت چھ دیگر افراد مارے گئے۔ قطر پر ہوئے اسی حملے کے تناظر میں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا ہنگامی اجلاس طلب کیا گیا تھا۔ اس اجلاس کے بعد جاری ہونے والے ایک مشترکہ بیان میں سلامتی کونسل نے دوحہ پر ہونے والے حالیہ حملے کی مذمت تو کی تاہم بیان میں اسرائیل کا ذکر نہیں کیا گیا۔ لیکن اس اجلاس میں شامل کئی ممالک بشمول پاکستان، قطر اور مصر کے نمائندوں نے نہ صرف اپنی تقاریر میں دوحہ پر اسرائیلی حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی بلکہ غزہ کی صورتحال اور اسرائیل کی جانب سے مبینہ نسل کشی پر بھی بات کی۔ اجلاس میں جب پاکستان کے نمائندے عاصم افتخار احمد کی تقریر کی باری آئی تو انہوں نے اپنی بات کا آغاز دوحہ پر اسرائیلی حملے کی مذمت سے کیا اور اسرائیل پر غزہ کی صورتحال کے پیش نظر شدید تنقید کی۔ اپنی تقریر میں انہوں نے اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کے حالیہ بیان کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اسرائیل نے ایک غیر متعلقہ واقعے کو پاکستان سے جوڑ کر حقائق سے منافی ریمارکس دیے، جس کا مقصد بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی اور اپنے غیر قانونی اقدامات کا جواز پیش کرنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس واقعے پر پاکستان کا موقف واضح ہے۔ عالمی برادری دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیوں سے اچھی طرح سے واقف ہے۔ پوری دنیا جانتی ہے کہ ہماری انسداد دہشتگردی کی کوششوں کی وجہ سے القاعدہ کا صفایا ہوا۔ ''ہم کسی بھی غیر ذمہ دار ریاست کے ایسے بیانات کو قبول نہیں کریں گے جو دہائیوں سے غزہ اور فلسطینی علاقوں میں بدترین ریاستی دہشتگردی کی مجرم ہو۔ اور جیسے قطر نے کیا، ہم بھی کسی بھی غلط تشبیہ کو مسترد کرتے ہیں۔'' پاکستان کے نمائندے کی تقریر ختم ہونے پر اسرائیل کے نمائندے نے اجلاس میں بات کرنے کی اجازت مانگی اور پاکستان کو فوری جواب دیا۔ اسرائیل کے نمائندے نے اپنی بات کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ اگر پاکستان سے ہمارے ساتھی بیان دینا چاہتے تھے تو وہ اجلاس کے شروع میں ایسا کر سکتے تھے لیکن میں آپ کے الفاظ کا ہی حوالہ دینا چاہتا ہوں۔ شاید آپ کو میری تقریر کے الفاظ برے لگے اور میں اس کے لیے معافی چاہتا ہوں، لیکن میری تقریر حقائق پر مبنی تھی۔' انہوں نے مزید کہا کہ 'اور یہ حقیقت ہے کہ اسامہ بن لادن پاکستان میں مارے گئے اور کسی نے بھی امریکہ کی مذمت نہیں کی اور جب دوسرے ممالک دہشتگردوں کو نشانہ بناتے ہیں تو کوئی ان کی مذمت نہیں کرتا اور یہ ہی دوہرا معیار ہے۔ جب آپ کے اسرائیل کے لیے مختلف اور اپنے لیے اور معیار ہیں تو پھر یہ مسئلہ ہے۔' انہوں نے یہ بات دہرائی کہ 'آپ اس حقیقت کو نہیں بدل سکتے کہ نائن الیون ہوا تھا۔ آپ اس حقیقت کو بھی نہیں بدل سکتے کہ اسامہ بن لادن پاکستان میں تھا اور آپ کی سرزمین پر مارا گیا۔' اپنی بات کے اختتام پر اسرائیلی نمائندے نے کہا کہ 'لیکن میں آپ سے سوال پوچھتا ہوں کہ جب آپ ہم پر تنقید کرتے ہیں اور مجھے یقین ہے کہ آپ مستقبل میں بھی ہمیں تنقید کا نشانہ بناتے رہیں گے تو پھر دوہرے معیار کے بارے میں بھی سوچیں۔ وہ معیار جو آپ اپنے ملک پر لاگو کرتے ہیں اور وہ معیار جو آپ اسرائیل کے لیے طے کرتے ہیں۔' اسی بیان میں نیتن یاہو نے قطر پر اسرائیلی حملے کا جواز پیش کرتے ہوئے کہا تھا کہ امریکہ نے بھی القاعدہ کا تعاقب کرتے ہوئے اسامہ بن لادن کو پاکستان میں ہلاک کیا تھا۔ اس موقع پر انہوں نے قطر سمیت دیگر ممالک کو خبردار کیا تھا کہ وہ شدت پسندوں کو پناہ نہ دیں ورنہ اسرائیل بیرون ممالک میں ایسے حملے جاری رکھے گا۔ واضح رہے کہ اسامہ بن لادن کو دو مئی 2011 کو امریکی نیوی سیلز نے پاکستان کے شہر ایبٹ آباد میں کیے جانے والے ایک آپریشن میں ہلاک کر دیا تھا۔ 10 ستمبر کو اسرائیل کے وزیر اعظم ہاؤس کی جانب سے جاری اس ویڈیو پیغام میں نیتن یاہو اپنی بات کا آغاز 11 ستمبر سے کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ 'کل 11 ستمبر ہے۔ ہمیں 11 ستمبر یاد ہے۔ اس دن اسلام پسند دہشتگردوں نے امریکہ کے قیام کے بعد امریکی سرزمین پر بدترین وحشیانہ کارروائی کی۔' ان کا مزید کہنا تھا کہ 'ہمارا (اسرائیل) بھی ایک 11 ستمبر تھا۔ ہمیں 7 اکتوبر یاد ہے۔ اس دن اسلام پسند دہشتگردوں نے ہولوکاسٹ کے بعد یہودیوں کے خلاف بدترین وحشیانہ کارروائی کی۔' اپنی بات جاری رکھتے ہوئے اسرائیلی وزیر اعظم نے مزید کہا تھا کہ امریکہ نے 11 ستمبر کے بعد کیا کیا؟ اس نے اس گھناؤنے جرم کے ذمہ داران دہشتگردوں کو پکڑنے کا وعدہ کیا، چاہے وہ کہیں بھی ہوں۔ دو ہفتے بعد اقوام متحدہ کی سیکورٹی کونسل میں ایک قرارداد بھی پاس ہوئی، جس میں کہا گیا کہ حکومتیں دہشتگردوں کو پناہ نہیں دے سکتیں۔' نیتن یاہو نے قطر میں اسرائیلی حملے کا جواز پیش کرتے ہوئے مزید کہا تھا کہ ہم نے اسی پر عمل کیا۔ ہم نے 7 اکتوبر کے ماسٹر مائنڈ دہشتگردوں کا پیچھا کیا اور ہم نے قطر میں ایسا کیا، جو دہشتگردوں کو پناہ دیتا ہے، وہ حماس کی مالی مدد کرتا ہے، وہ دہشتگرد رہنماؤں کو شاندار محل دیتا ہے، قطر انھیں سب کچھ دیتا ہے۔' نیتن یاہو نے مزید کہا تھا کہ 'تو ہم نے وہی کیا جو امریکہ نے کیا تھا، اس نے افغانستان میں القاعدہ کے دہشتگردوں کا پیچھا کیا اور اس کے بعد اس نے پاکستان میں اسامہ بن لادن کو مار ڈالا۔' قطر حملے کے بعد عالمی برادری کی جانب سے آنے والے شدید ردعمل کے حوالے سے بات کرتے ہوئے اسرائیلی وزیر اعظم نے کہا تھا کہ 'اب دنیا کے کئی ممالک اسرائیل کی مذمت کر رہے ہیں۔ انھیں شرم آنی چاہیے۔ امریکہ کے ہاتھوں اسامہ بن لادن کے مارے جانے کے بعد انھوں نے کیا کیا تھا؟ کیا انھوں نے یہ کہا کہ اوہ ہو، افغانستان یا پاکستان کے ساتھ بہت برا ہوا۔ نہیں، بلکہ انھوں نے تالیاں بجائیں۔ ان ممالک کو ان ہی اصولوں پر قائم رہنے اور ان پر عمل پیرا ہونے پر اسرائیل کی تعریف کرنی چاہیے۔' نیتن یاہو نے قطر اور دیگر ممالک کو خبردار کرتے ہوئے یہ بھی کہا تھا کہ 'میں قطر اور دہشتگردوں کو پناہ دینے والے تمام ممالک سے کہتا ہوں کہ یا تو انھیں اپنے ملک سے نکال دیں یا پھر انصاف کے کٹہرے میں لائیں کیونکہ اگر آپ ایسا نہیں کریں گے تو ہم کریں گے۔' نیتن یاہو کے اس ویڈیو پیغام کے جواب میں قطر کی وزارت خارجہ نے جواب دیا۔ قطر نے اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو کے دوحہ حملے کا القاعدہ کے تعاقب سے موازنہ کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا تھا کہ اسرائیلی وزیر اعظم کا بیان نہ صرف اسرائیل کے بزدلانہ حملے کا جواز پیش کرنے کی کوشش ہے

کس کو، کس کی کیا فکر؟

قرطاس — ناصف اعوان

جمہوریت بارے بعض ممالک بھاشن بڑے دیتے ہیں مگر ان کا عمل اس کے برعکس ہوتا ہے۔ امریکا بہادر کو ہی لے لیجیے وہ جمہوریت اور امن کا راگ الاپتے ہوئے نہیں تھکتا مگر وہ جنگوں کی بات بھی کرتا ہے آمروں کی بھی پیٹھ سہلاتا ہے۔ کمزور اور ترقی پذیر ملکوں میں اپنے اثر و رسوخ کے لئے مختلف النوع حربے و ہتھکنڈے استعمال کرتا ہے اور عوام کی منتخب حکومتوں کو گراتا ہے۔ فلسطین پر ایک طویل عرصے سے اسرائیل کی جارحیت ہو رہی ہے مگر مجال ہے اسے روکے کہ اسے سمجھائے کہ انہیں بھی جینے کا حق ہے مگر نہیں وہ اسے تھپکی دیتا ہے کہ شاباش جاری رکھو تمہیں کوئی نہیں پوچھے گا اگرچہ ایران نے اسے چیلنج کیا ہے اور اس کو سبق بھی سکھایا ہے اس کے باوجود اس کی سینہ زوری جاری ہے۔ ایران کے ساتھ جنگ ختم ہوئی تو اس نے دوبارہ غزہ پر بمباری کا آغاز کر دیا اور اب قطر پر بھی حملہ کر دیا ہے۔ جس کا جواب اس نے لعن طعن کی صورت دیا ہے مگر ایران نے اس پر میزائل داغ دیئے ہیں۔

عرض کرنے کا مقصد جتنے بھی جمہوریت پسند ممالک ہیں اپنے اندر تو اس کا بڑی حد تک احترام کرتے ہیں مگر مثالی جمہوریت تب بھی وہاں رائج نہیں طبقات موجود ہیں مساوات نظر نہیں آتی مگر پھر بھی ہم ایسے ملکوں سے ہزار گنا بہتر ہیں۔ یہاں تو اندھیر نگری چوپٹ راج ایسی صورت حال ہے مگر امریکا اس کے اتحادیوں کو اس کی کوئی فکر نہیں کہ جبر و ظلم ہوتا ہے تو بنیادی حقوق سلب ہوتے ہیں تو ہوں اظہار رائے کی آزادی ہے یا نہیں ہے اس کا انہیں کوئی خیال نہیں لہٰذا یہی وجہ ہے کہ آج آئین و قانون کی بالادستی کا خواب بکھر گیا ہے جس کی لاٹھی اس کی بھینس والا ماحول ہے جبکہ عوام کی خواہش ہے کہ یہاں بھی یورپی ملکوں کی طرح ایک مربوط منصفانہ و آزادانہ نظام حیات ہو مگر ابھی تک یہ خواب ادھورا ہے اس کی دو اہم وجوہات ہیں ایک یہ کہ ہمارا نظام زندگی بدعنوانی کے زہر سے آلودہ ہے لہٰذا قریباً ہر با اختیار بہتی گنگا میں ہاتھ دھوتا ہے دوسرے یہ کہ ہم نے امریکا کا دامن تھام رکھا ہے جس نے ہمیں امدادیں اور قرضے تو دیے دلوائے ہیں مگر بنیادی ترقی کی طرف نہیں جانے دیا گیا تاکہ پاکستان کسی بھی میدان میں خود کفیل نہ ہو سکے اور اپنی معیشت کو چلانے کے لئے اس کے ذیلی اداروں کا دست نگر رہے۔ دیکھ لیجیے اس وقت ہم بھاری قرضوں کے بوجھ تلے دب چکے ہیں جنہیں اتارنا انتہائی مشکل ہے جانتے ہوئے بھی ہمارا حکمران طبقہ دولت کے انبار لگانے میں مصروف ہے اسے کوئی فکر نہیں کہ ملک کا کیا بنے گا عوام کیسے جئیں گے۔ انہیں معلوم ہونا چاہیے کہ جب پانی سر کے اوپر سے گزر جائے تو پھر تو کون اور میں کون والے حالات جنم لیتے ہیں۔ ہمارے اسی علاقہ میں بنگلہ دیش انڈونیشیا نیپال اور سری لنکا میں عوامی جدوجہد نے منظر بدل ڈالے ہیں۔ صورت حال یہاں بھی اسی طرف جا رہی ہے جلد یا بدیر کچھ نہ کچھ ضرور ہوگا کیونکہ ناانصافی اور خراب معاشی حالت نے لوگوں کو یا زندہ در گور کر دیا ہے۔

بہر حال اب جب دنیا کے اندر روایتی سیاست و حکومت کا چل چلاؤ ہے تو ہمارے اہل سیاست و اقتدار کو بھی کوئی نیا عمرانی معاہدہ کر لینا چاہیے کیونکہ رات گئی بات گئی والی صورت حال نہیں رہی کہ سوشل میڈیا نے ایک انقلاب برپا کر دیا ہے یہ سوشل میڈیا ہی کی بنا پر نیپالی عوام نے تخت الٹا دیا۔ سوشل میڈیا پر پابندی نہیں لگائی جا سکتی چاہیے حکومتیں کچھ بھی کر لیں لہٰذا گزارش ہے کہ ہمیں فرسودہ نظام سے نجات حاصل کر لینا ہوگی علاوہ ازیں خارجہ پالیسی پر نظر ثانی کرنا ہوگی یعنی امریکا بہادر کی ڈکٹیشن سے انکار کرنا ہوگا کیونکہ اس نے ہمیں ذلت و رسوائی کے سوا کچھ نہیں دیا۔ آج ہمارا سماج بُری طرح سے شکست و ریخت کے عمل سے دوچار ہے۔ غیر یقینی بدگمانی اور بے چینی آخری حدوں کو چھو رہی ہے لہٰذا ہمارا اسی فیصد جھکاؤ یا انحصار چین اور روس کی طرف ہونا چاہیے ماضی گواہ ہے کہ چین نے ہماری دامے درمے سخنے مدد کی ہے اور ترقی کی جانب لے جانے کے لئے ٹیکنالوجی بھی دی۔ مغرب و یورپ کا شاید ہی کوئی ملک ہوگا جس نے ہمیں اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے سے متعلق سوچا ہو لہٰذا وقت کا اہم تقاضا ہے کہ چین کی دوستی کو مستحکم کیا جائے۔ اب یہ بات درست ہے یا نہیں کہ چین نے سی پیک کو سیٹنا شروع کر دیا ہے کہ ریلوے کو جو جدید خطوط پر استوار کرنا تھا اس پروگرام کو ختم کر دیا ہے۔ نہ ہماری امریکا کو فکر ہو نہ چین روس کو تو ذرا سوچیے ہم کہاں کھڑے ہوں گے؟ شاید اسی تناظر میں ہی اسرائیل کی نظر بد ہمارے اوپر بھی ہوئی ہے۔ ذرا دیکھیے کہ وہ شتر بے مہار ہو چکا ہے جسے دبانا چاہتا ہے اس پر یلغار کر دیتا ہے اس لئے کرتا ہے کہ اپنا اسی مقصد کو سیاسی استحکام لانے کی کوشش کرنی چاہیے جس سے دوسروں کو پیغام جائے کہ ہم متحد ہیں مگر افسوس ایسی کوئی کوشش نظر نہیں آ رہی اگر کوئی کوشش کی بھی جا رہی ہے تو ایک بڑی سیاسی جماعت کو کھڈے لائن لگانے کے لئے جبکہ وہ ہر گزرتے دن کے ساتھ ابھر کر سامنے آ رہی ہے وہ اس کی یہی ہے کہ اٹھتر برس میں عوام کو سمجھ آ گئی ہے کہ ان کے ساتھ کیا کچھ ہوتا رہا! اہل اقتدار امریکا کے مفادات کو مقدم تصور کرتے رہے عوام کو غیر اہم قرار دے کر بدعنوانی کے ریکارڈ قائم کرتے رہے اور وہ یہ سب دیکھ رہا تھا مگر اس نے جمہوریت کی آڑ میں ترقی پذیر ملکوں کے عوام کو بیوقوف بنانے والوں کا ساتھ دیا تاکہ وہ اپنے مفادات کو محفوظ بنا سکے عوام کے شعور کو مجروح کر سکے مگر اب نہیں کیونکہ سوشل میڈیا دنیائے سیاست و صحافت اور معیشت میں انقلاب لا چکا ہے جس کے آگے روایتی حکمران بے بس ہیں وہ پابندیاں لگا کر بھی اپنے مقاصد حاصل نہیں کر پا رہے کیونکہ ذہن جاگ گئے ہیں اور جاگے ہوؤں کو سلانا ممکن ہی نہیں لہٰذا حکمرانوں کو بدلتی ہوئی دنیا کو سامنے رکھتے ہوئے اپنے طرز عمل کو تبدیل کر لینا چاہیے کہ کوئی بھی زور آزمائی ملک بیل یا لوگ ان پر مسلط نہیں کی جا سکتی ورنہ ایران اسرائیل کے آگے جھک جاتا مگر ایسا نہیں ہوا وہ اپنی جگہ کھڑا ہے لہٰذا ہمارے شہ دماغوں کو بھی غور کرنا چاہیے کہ انہوں نے ہر طرح سے اس نظام کو تقویت دینا چاہی ہے مگر وہ ٹوٹ رہا ہے پورے عالم میں تبدیلی کی ہوا چل پڑی ہے عقلمندی یہی ہے کہ بدلتی رت کو خندہ پیشانی سے قبول کر لیا جائے!

صیہونیت کے دفاع میں بولنے والے چارلی کرک کے قتل میں کیا واقعی اسرائیل کا ہاتھ ہے؟

تاثرات — رافعہ ذکریا

بدھ کی سہ پہر یوٹاہ کالج کیمپس میں، انتہائی دائیں بازو سمجھے جانے والے ٹرننگ پوائنٹ امریکا کے 31 سالہ بانی طلبہ سے خطاب کر رہے تھے۔ چارلی کرک پورے امریکا کے کیمپسز میں باقاعدگی سے یہ کام کرتے رہتے تھے جہاں وہ دائیں بازو کے مسیحی قوم پرست مقاصد کے لیے حمایت حاصل کرنے کی کوشش کرتے، طلبہ کے ساتھ بحث کرتے، خاص طور پر ان لوگوں کے ساتھ جو نسل، اسقاط حمل، مذہب اور بندوق جیسے مسائل پر انتہائی دائیں بازو کے مؤقف سے اتفاق نہیں کرتے تھے۔ چارلی کرک تشدد کے لیے گنز کے استعمال کے بارے میں ایک طالب علم کے سوال کا جواب دے رہے تھے کہ جب گولی چلنے کی آواز آئی اور ان کی گردن میں گولی لگی۔ شدید خون بہنے لگا اور وہ زمین پر گر پڑے۔ خوفزدہ ہجوم میں بھگدڑ مچ گئی۔ کوئی نہیں جانتا تھا کہ گولی کہاں سے چلی تھی اور مزید کتنی گولیاں چلیں گی۔ چارلی کو ہسپتال لے جایا گیا جہاں وہ جانبر نہ ہو سکے۔ انہوں نے سوگواران میں بیوی اور دو بچے چھوڑے ہیں۔ اگر آپ امریکا میں ہونے والی سیاسی تبدیلیوں میں دلچسپی رکھتے ہیں تو یہ جاننا ضروری ہے کہ چارلی کرک کون تھے اور وہ کیوں اتنے بااثر تھے کیونکہ یہ دیگر عوامل کے ساتھ ساتھ، وائٹ ہاؤس کے آج کے عالمی نظریے کے بارے میں بھی بصیرت فراہم کرے گا اور یہ بتائے گا کہ سابقہ انتظامیہ کی طرف سے پیش کیے جانے والے خیالات سے موجودہ انتظامیہ کتنی مختلف ہے۔ ٹرننگ پوائنٹ امریکا نے کالج کیمپس میں دائیں بازو کے طلبہ کو منظم کرنے کے لیے لاکھوں ڈالر اکٹھے کیے ہیں۔ جس دن چارلی کرک کی موت ہوئی، اس گروپ کے ملک بھر کے کالجز میں 850 سے زائد چیپٹرز تھے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ چارلی کرک کی وجہ سے بہت سے نوجوانوں نے انہیں ووٹ دیا جس کی وجہ سے انہیں 2024 کا الیکشن جیتنے میں مدد ملی۔ ٹرمپ کے جیتنے کے بعد چارلی نے اکثر وائٹ ہاؤس کا دورہ کرنا شروع کر دیا تھا جیسا کہ وہ ٹرمپ کی پہلی مدت صدارت میں کیا کرتے تھے۔ درحقیقت چارلی کرک وہی تھے جنہوں نے ٹرمپ پر نائب صدر کے لیے جے ڈی وینس کے انتخاب پر زور دیا تھا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے اوول آفس میں اپنے خطاب کے ذریعے چارلی کی موت کا اعلان کیا۔ انہوں نے امریکی جھنڈا سرنگوں کرنے کا حکم بھی دیا اور چارلی کرک کو بعد از مرگ صدارتی تمغۂ آزادی سے نوازنے کا فیصلہ کیا۔ ان کے قتل کے بعد دائیں بازو کے رہنما اسٹیو بینن سے لے کر فاکس چینل کے سابق میزبان میگین کیلی اور ریپبلکن و کانگریس رہنماؤں تک، سب نے سوشل میڈیا پر اس قتل کی مذمت کی۔ میک امریکا گریٹ اگین (MAGA) کے حامیوں نے بائیں بازو کے لبرلز کے خلاف غصے کا اظہار کیا حالانکہ حملہ آور تو فرار ہو گیا تھا۔ ایک مشتبہ شخص کو حراست میں لے لیا گیا ہے حالانکہ قتل کے محرکات کے بارے میں کچھ واضح نہیں۔ ریپبلکن اس لیے بھی مشتعل ہیں کیونکہ وہ چارلی کرک کو ایک مثالی مسیحی قوم پرست رہنما کے طور پر دیکھتے تھے جو 2024ء میں ٹرمپ کے عہدہ چھوڑنے کے بعد ان کا کردار بھی سنبھال سکتے تھے۔ کچھ لوگوں نے کہا کہ چونکہ کرک نے انجیلی بشارت کی مسیحیت کی بھرپور حمایت کی تھی، اس لیے وہ ایک دن صدر کے لیے بھی انتخاب لڑ سکتے تھے۔ ان کے گروپ، ٹرننگ پوائنٹ امریکا، کو MAGA کے حامیوں کی اگلی نسل کو سیاست میں شامل کرنے کے لیے سب سے اہم قوت سمجھا جاتا تھا جو کہ ممکنہ طور پر امریکا میں انتہائی دائیں بازو MAGA کا ایک ایسا طبقہ ہے جو انتہا قوم پرست ہے کا سب سے اہم گروپ ہے۔ چارلی کرک کے قتل پر ہونے والی بحث میں ایک بین الاقوامی پہلو بھی ہے جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ MAGA کے حامی بعض اوقات متضاد معلوم ہوتے ہیں۔ شوٹنگ کے چند منٹ بعد، واقعے کی گرافک ویڈیوز ایکس پر ہر جگہ موجود تھیں، ساتھ ہی یہ افواہیں بھی زیر گردش تھیں کہ قاتل کون ہے۔ ٹرمپ سمیت بہت سے لوگوں نے فوری طور پر 'بنیاد پرست بائیں بازو' کو مورد الزام ٹھہرایا۔ جبکہ دیگر نے گہرے نظریات تجویز کرنا شروع کیے جن میں اسرائیل کے ملوث ہونے پر بھی بات کی گئی۔ ٹی وی میزبان میگین کیلی کے ساتھ ایک انٹرویو میں، چارلی کرک نے کہا تھا کہ اگرچہ انہوں نے اسرائیل کا دفاع کیا لیکن انہیں یہ پسند نہیں آیا کہ جب انہوں نے کہا کہ امریکا کو اسرائیل کے ہر کام کی آنکھیں بند کر کے حمایت نہیں کرنی چاہیے تو انہیں کیسا ردعمل دیا گیا۔ چند مبصرین نے قیاس کیا ہے کہ چارلی کرک کی تنظیم کو فنڈز دینے والے جن میں سے اکثر یہودی ہیں، ان کے اس عہدے پر فائز ہونے سے ناخوش تھے۔ میگین کیلی کو دیے گئے انٹرویو کے علاوہ، چارلی نے ایک انٹرویو میں یہ اشارہ بھی دیا کہ وہ 7 اکتوبر 2023ء میں اسرائیل کے کردار پر شکوک و شبہات کا شکار ہیں، انہوں نے اس بات پر زور دیتے ہوئے کہا تھا کہ وہ کئی بار اسرائیل جا چکے ہیں اور یہ ملک ایک 'قلعے' کی طرح ہے اور بجلی کا باڑ کے ذریعے 45 منٹ میں یروشلم سے غزہ کی سرحد تک پہنچنا ممکن تھا۔ اسے دیکھتے ہوئے چارلی کرک نے کہا تھا کہ یہ عجیب تھا کہ حملے کو 6 گھنٹے تک کیسے جاری رہنے دیا گیا۔ انتہائی دائیں بازو کے کہ وہ امریکی سیاست پر اسرائیلی گرفت پر ناراض ہوتے ہیں۔ چارلی ایسے حالات میں پھنس گئے تھے کہ جہاں وہ اپنے اسرائیل نواز ڈونرز کی حمایت کو برقرار رکھنے کی کوشش کر رہے تھے جو کہ ان کی تنظیم کی کامیابی کے لیے بہت اہم تھا۔ بہت سے لوگوں کا خیال تھا کہ چارلی پر حملہ کسی تنہا انتہا پسند شخص نے نہیں بلکہ ایسا لگتا ہے کہ پیچھے کسی پیشہ ور نے یہ کام کیا ہو۔ چارلی کی موت نے امریکا میں بہت سے لوگوں کو چونکا دیا ہے جو کہ حیران کن ہے کیونکہ اب اس ملک میں سیاسی پرتشدد اور بندوق چلانے کے واقعات اکثر ہوتے رہتے ہیں۔ کچھ لوگ یہ بھی سوچتے ہیں کہ امریکا میں انتہائی سیاسی تقسیم اس بات کی علامت ہو سکتی ہے کہ خانہ جنگی قریب ہے۔ یہ صرف قیاس آرائی ہے لیکن یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ امریکی انتہائی دائیں بازو سچائی پر توجہ مرکوز کرنے کے بجائے افواہیں بنانے، ان پر یقین کرنے اور اسے پھیلانے میں زیادہ سرگرم ہیں۔

نیپال میں بدامنی، اب آگے کیا ہوگا؟

لعل و گوہر — روشن لعل

ہمارے خطے کے اہم ملک نیپال کے متعلق ان دنوں یہ سوال پوچھا جا رہا ہے کہ وہاں پرتشدد مظاہروں کے نتیجے میں حکومت ختم ہونے کے بعد اب آگے کیا ہوگا۔ اس سوال کا سادہ جواب یہ ہے کہ عرب بہار کے دوران خطہ عرب کے مختلف ملکوں میں پرتشدد ہنگاموں کے بعد جو کچھ ہوا، اس کے بعد ہمارے خطے میں پہلے سری لنکا اور پھر بنگلہ دیش میں عوامی احتجاج کے نتیجے میں حکومتیں گرا کر جو کچھ ہوا، ویسا ہی کچھ اب نیپال میں بھی ہونے کا امکان ہے۔ اس سادہ جواب کے ساتھ نیپال میں رونما ہونے والے واقعات کو کچھ خاص زاویوں سے دیکھنے اور تجزیہ کرنے کی بھی ضرورت ہے۔ خطہ عرب میں عرب بہار کے دوران جن ملکوں میں حکومتیں گرائی گئیں، ان میں سے اگر خاص طور پر مصر کی بات کی جائے تو وہاں التحریر سکوائر میں بائیں اور دائیں بازو کی مشترکہ مظاہروں کے نتیجے میں حسنی مبارک حکومت کا خاتمہ ہوا۔ اس کے بعد جب محمد مرسی مصر کے صدر منتخب ہوئے تو انہوں نے مذہب کے نام پر بنائی گئی اپنی پالیسیوں کے نفاذ کے دوران بائیں بازو سے تعلق رکھنے والے ان لوگوں کے جذبات اور احساسات اور مطالبات کو بری طرح نظر انداز کیا جن کی جدوجہد کے بغیر حسنی مبارک کی حکومت کا خاتمہ اور ملک میں تبدیلی کسی طور ممکن نہیں ہو سکتی تھی۔ مرسی کے اس رویے کے بعد صرف بائیں بازو سے تعلق رکھنے والے ہی نہیں بلکہ مصر کے معتدل رجحانات رکھنے والے لوگ بھی ان سے اسی طرح بدظن ہو گئے جس طرح حسنی مبارک سے ہوئے تھے۔ بعد ازاں جب فوج نے مرسی کا تختہ الٹا تو اس کے حق میں ہونے والے مظاہروں میں بائیں بازو کے وہ لوگ شامل نہ ہوئے جن کے کردار اور شمولیت کی وجہ سے حسنی مبارک کا اقتدار ختم ہوا تھا۔ مصر کے عوام نے جس طرح کے حالات سے تنگ آ کر حسنی مبارک کے خلاف مظاہرے کیے بعد ازاں انہیں پہلے مرسی اور پھر السیسی کے دور میں اسی طرح کے حالات میں زندگی گزارنے پر مجبور ہونا پڑا۔ سری لنکا میں دو پاپولسٹ لیڈر بھائیوں صدر گوتابایا راجاپکشا اور وزیر اعظم مہندا راجاپکشا کی حکمرانی کے دوران ملک کے معاشی حالات بد سے بدتر ہونے پر بائیں بازو سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے حکومت مخالف مظاہروں کی قیادت کی۔ ان مظاہروں کے نتیجے میں راجاپکشا برادران کو اقتدار چھوڑنا پڑا۔ بعد ازاں منعقدہ الیکشن میں بائیں بازو کے لیڈر انورا کمارا سری لنکا کے صدر منتخب ہوئے۔ بائیں بازو کے اس لیڈر کے دور حکومت میں ملک کی معیشت آئی ایم ایف سے لیے گئے قرضے کی بدولت کسی حد تک بیساکھیوں پر کھڑی ہونے کے قابل ہوئی۔ آئی ایم ایف کے قرضے کی بیساکھی اگر میسر نہ آتی تو صرف بائیں بازو کے نعروں سے سری لنکا کی قریب المرگ معیشت کو آکسیجن دینا ممکن نہیں ہو سکتا تھا۔ بنگلہ دیش کی حسینہ واجد کی عوامی لیگ کو خالص بائیں بازو کی جماعت تو نہیں لیکن سیکولر ازم پر یقین رکھنے والی سینٹر لیفٹ پارٹی ضرور کہا جاتا ہے۔ حسینہ واجد کے دور حکومت میں بنگلہ دیش کی معیشت تو کسی حد تک مستحکم رہی لیکن بطور وزیر اعظم ان کے آمرانہ طرز حکومت سے تنگ آ کر پہلے ان کے مخالف متحد ہوئے اور پھر انہوں نے ایسے ہنگامے برپا کیے کہ حسینہ کو حکومت چھوڑنے کے بعد جان بچانے کے لیے بھارت میں پناہ لینا پڑی۔ بنگلہ دیش میں دائیں بازو کے جن مذہب پسند لوگوں نے متحد ہو کر حسینہ واجد کی حکومت کا خاتمہ کیا، آئندہ الیکشن میں ان کے ہی جیتنے اور برسر اقتدار آنے کا امکان ہے۔ کسی کو بھی یہ توقع نہیں ہے کہ حسینہ واجد کی جگہ دائیں بازو کے لوگوں کے ممکنہ اقتدار میں بنگلہ دیش کے سماجی و معاشی حالات میں کوئی مثبت تبدیلی ہو پائے گی۔ جہاں تک نیپال کا معاملہ ہے تو نوآبادیاتی عہد کے دوران یہاں ہندوستان کے انگریز حکمرانوں کے تعاون سے بادشاہت چلتی رہی۔ انگریزوں کی ہندوستان سے رخصتی کے بعد قائم ہونے والی نہرو حکومت کے عمل دخل سے نیپال میں کانگریس کے نام سے سیاسی پارٹی بنائی گئی۔ اس جماعت نے ہندوستان کی حمایت سے نیپال میں بادشاہت کے خاتمے اور پارلیمانی جمہوری نظام قائم کرنے کے لیے جدوجہد شروع کی۔ نیپالی کانگریس کی جدوجہد کے نتیجے میں وہاں بادشاہ نے 1950ء کی دہائی میں الیکشن کرانے اور پارلیمنٹ قائم کرنے پر مجبور ہوا۔ نیپالی بادشاہ نے ملک میں شروع کیے گئے پارلیمانی نظام کو خود ہی کچھ عرصہ بعد ختم کر دیا۔ بھارت کے تعاون سے اگر نیپال میں کانگریس کے نام سے جماعت بنی تو چین کی مدد سے وہاں کمیونسٹ پارٹی معرض وجود میں آئی۔ کمیونسٹوں کے ماؤسٹ گروپ نے نیپال میں گوریلا جنگ کا آغاز کیا جبکہ مارکسسٹ لیننسٹ گروپ نے بادشاہت کے خاتمے اور جمہوری نظام کے قیام کے لیے جدوجہد کو ترجیح بنایا۔ نیپالی بادشاہ نے وہاں ایک سے زیادہ مرتبہ شاہی فرمانوں کے ذریعے پارلیمنٹ اور منتخب حکومت کو بحال اور ختم کیا۔ اس کشمکش کے دوران نیپال کے اندر بادشاہت کے خاتمے کے نتیجے میں پارلیمانی جمہوری نظام تو قائم ہو گیا مگر اس کے بعد بھی عوام کے معاشی مسائل جوں کے توں رہے۔ نیپال میں مختلف وقتوں میں منعقد ہونے والے انتخابات میں کبھی کانگریس، کبھی مختلف کمیونسٹ پارٹیوں کی اتحادی حکومت اور کبھی کانگریس اور کمیونسٹوں کی مخلوط حکومتیں بنتی اور ختم ہوتی رہیں۔ وہاں منعقد ہونے والے آخری انتخابات میں، کمیونسٹ پارٹی (ماؤسٹ) نے نیپالی کانگریس کے ساتھ اتحاد بنا کر حصہ لیا لیکن الیکشن کے بعد متحارب کمیونسٹ پارٹی (مارکسسٹ لیننسٹ) کے ساتھ، وزارت عظمیٰ کی باریاں طے کرتے ہوئے حکومت قائم کر لی۔ یہ مخلوط حکومت ختم کرتے ہوئے کمیونسٹ ماؤسٹ پارٹی نے پھر سے نیپالی کانگریس سے معاملات طے کر کے اتحادی حکومت بنائی، اس اتحادی حکومت کے جلد خاتمے کے بعد نیپالی کانگریس نے مارکسسٹ لیننسٹ کمیونسٹ پارٹی سے مل کر پھر مخلوط حکومت قائم کر لی۔ کمیونسٹوں اور کانگریس کی اس مخلوط حکومت پر جب اقربا پروری اور کرپشن کے الزامات کے تحت سوشل میڈیا پر سخت تنقید ہوئی تو حکومت نے سوشل میڈیا کی 26 سائٹس پر پابندی عائد کر دی۔ اس پابندی کے خلاف شروع ہونے والے احتجاجی مظاہرے جب ملک کے طول و عرض میں پھیل گئے تو پھر پرتشدد کارروائیوں کے نتیجے میں نہ صرف حکومت ختم ہوئی بلکہ پارلیمنٹ بھی قائم نہ رہ سکی۔ مذکورہ تفصیل سے یہ بات صاف ظاہر ہے کہ عوام کا احتجاج چاہے غیر منظم ہی کیوں نہ، اگر اس میں حصہ لینے والے لوگوں کی تعداد لاکھوں تک پہنچ جائے تو جابر اور ظالم ترین حکمرانوں کا اقتدار بھی محفوظ نہیں رہتا۔ اس حقیقت کے ساتھ جڑا ایک تلخ سچ یہ بھی ہے کہ ایسے احتجاجوں کے دوران، مظاہرین نے چاہے کسی کیمونسٹ، مذہبی، دائیں، بائیں یا کسی بھی دوسرے گروپ کے ساتھ آئندہ کے لیے بہتری کی امیدیں کیوں نہ وابستہ کی ہوں، اکثر ان کی امیدیں برآنا ممکن نہیں ہو پاتا۔

'زندہ ہے جمعیت زندہ ہے'

خورشید ندیم

برصغیر کی تاریخ' کیا اپنے ماضی کی طرف لوٹ رہی ہے؟

ڈھاکہ یونیورسٹی میں طلبہ یونین کے انتخابات اسلامی جمعیت طلبہ نے جیت لیے۔ پچاس پچپن برس پہلے جس آواز کو بالجبر بند کیا گیا تھا' آج ایک بار پھر گونج رہی ہے: 'زندہ ہے جمعیت زندہ ہے'۔ یہ کامیابی کیسے ممکن ہوئی؟ کیا پاکستان میں بھی ایسے نتائج دکھائے جا سکتے ہیں؟ قومی ریاست اور نظریاتی ریاست کی کشمکش نے بیسویں صدی میں مسلم فکر کو سب سے زیادہ متاثر کیا۔ قومی ریاست' سیاسی اجتماعیت کو جغرافیائی سرحدوں تک محدود کرتی ہے۔ نظریاتی شناخت میں تقسیم جغرافیے کی بنیاد پر نہیں نظریے کی بنیاد پر ہوتی ہے۔ اسلام اگر ایک نظریہ ہے تو پھر ساری دنیا کے مسلمان ایک قوم ہیں۔ عالمی قوتوں نے مگر دنیا کا جو نقشہ بیسویں صدی میں ترتیب دیا' اس میں جغرافیائی قومی وحدت ہی اساس ہے۔ اس نے نظریاتی شناخت رکھنے والوں کو ایک مخمصے میں ڈالا مگر وقت گزرنے کے ساتھ اسے عملاً قبول کر لیا۔ تاہم ان کے نہاں خانہ دل میں ایک ایسی عالمگیر ریاست کا نقشہ موجود ہے جس میں تقسیم کی بنیاد نظریہ ہے نہ کہ جغرافیہ۔ اسلام کو سیاسی شناخت کے طور پر سب سے پہلے علامہ اقبال نے پیش کیا۔ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی نے نہ صرف اس فکر کو نکھارا بلکہ عملاً وہ ریاست بنانے کی کوشش بھی کی جس کی بنیاد نظریہ ہو۔ اس مقصد کیلئے جو اسلامی تحریک برپا ہوئی' وہ جماعت اسلامی تھی۔ چونکہ یہ متحدہ نظریے کی بنیاد پر لوگوں کو جمع کرتا تھا' اس لیے تقسیم ہند کا مقصد مولانا مودودی کے نزدیک' اس مقصد سے کم اہم تھا۔ اس لیے وہ اس بڑے مقصد کو چھوڑ کر تقسیم کے کم تر مقصد کیلئے توانائیوں کو صرف کرنا درست نہیں سمجھتے تھے۔ ہند مگر تقسیم ہو گیا۔ مولانا نے اس حقیقت کو قبول کرتے ہوئے جماعت اسلامی کو بھی دو حصوں میں تقسیم کر دیا۔ ایک طرف جماعت اسلامی ہند قائم ہو گئی اور دوسری طرف جماعت اسلامی پاکستان۔ دونوں کے درمیان تنظیمی رشتہ ختم ہو گیا مگر نظریاتی وحدت باقی رہی۔ جماعت اسلامی ہند نے وہاں کے آئین کے مطابق اپنے کام کا نقشہ بنایا اور جماعت اسلامی پاکستان نے پاکستان کے آئین کے مطابق۔ جماعت دوسری بار تقسیم ہوئی جب مشرقی پاکستان الگ ہوا۔ اس بار مگر جماعت کی حکمت عملی 1947ء سے یکسر مختلف تھی۔ جماعت اسلامی نے پاکستان کو متحد رکھنے کی پوری کوشش کی۔ اس کیلئے جان و مال کی قربانی دی۔ جماعت کی قیادت سمجھتی تھی کہ یہ مسلم اکثریتی ملک ہے' اس لیے یہاں نظریاتی وحدت کو قائم رکھنا ممکن ہے۔ جماعت اسلامی کی یہ قربانی رائیگاں گئی اور مشرقی پاکستان الگ ہو گیا۔ اس کے ساتھ جماعت بھی ایک بار پھر دو حصوں میں بٹ گئی۔ تقسیم ہند کے بعد دونوں ممالک کی جماعت نے اپنے اپنے ہدف کو تبدیل کر لیا۔ ہند میں جماعت نے سیاست کے بجائے دعوت کو اپنی کوششوں کا میدان بنایا۔ ایک ایسے ملک میں جہاں کی غالب اکثریت ہندو ہے' وہاں اسلامی انقلاب کا نعرہ حقیقت پسندانہ نہیں تھا۔ تقسیم پاکستان کے بعد جو دو ملک بنے' ان دونوں میں اکثریت مسلمانوں کی تھی۔ اس لیے جماعت کی حکمت عملی دونوں ممالک میں یکساں رہی۔ دونوں کو اسلامی ریاست بنانے کی کوشش کی گئی۔ بنگلہ دیش میں قوم پرستوں نے ان لوگوں کو غدار سمجھا جو پاکستان کی وحدت کے قائل تھے۔ انہوں نے پاک فوج اور جماعت اسلامی کو ایک پلڑے میں رکھا۔ پاک فوج پر تو ان کا بس نہیں چل سکتا تھا' انہوں نے اپنا سارا غصہ جماعت اسلامی پر نکالا۔ جماعت اسلامی بدترین ریاستی تشدد کا نشانہ بنی۔ حسینہ واجد صاحبہ نے جس طرح ریاستی مشینری کو جماعت اسلامی کے خلاف استعمال کیا اور عدالتوں کو پھانسی گھاٹ میں تبدیل کیا' وہ دور حاضر میں فسطائیت کی بدترین مثال ہے۔ جماعت اسلامی نے مگر صبر کے ساتھ اس صورت حال کا مقابلہ کیا۔

قطر پر اسرائیلی حملہ

خیال حمید — حمید اللہ بھٹی

اسرائیل دنیا کا واحد ملک ہے جو عالمی قوانین روندنے پر فخر کرتا ہے اور کسی ملک کی آزادی و خودمختاری کو خاطر میں نہیں لاتا پھر بھی منگل کے روز قطر حملے پر دنیا ششدر ہے کیونکہ تیل کی دولت سے مالا مال یہ امن پسند ایسی خلیجی ریاست ہے جو 2012 سے امریکی ایما پر حماس دفتر کی نہ صرف میزبان ہے بلکہ طالبان و امریکہ میں مصالحت کرانے کے بعد اب غزہ کے حوالے سے بھی ثالث کا کردار ادا کر رہی ہے تاکہ اسرائیلی یرغمالی قیدیوں کو رہا کرایا جا سکے اسرائیل کو قطر قدرتی گیس بھی فراہم کرتا ہے مزید اہم بات یہ کہ اس کے دفاع کا ضامن امریکہ ہے اسی لیے قطر پر اسرائیلی حملہ دنیا کے لیے غیر متوقع ہے قطر کے پاس دنیا کے جدید ترین ہتھیار ہیں اس کا دفاعی بجٹ سوا ارب ڈالر کے لگ بھگ ہے چاہے قطری فوجی نفری محض بائیس ہزار ہے لیکن جدید ترین ائیر ڈیفنس سسٹم اور اپنا ذاتی بحری بیڑا ہے جبکہ اس ملک میں امریکی فوجی اڈے پر بھی مختلف نوعیت کے تباہ کن ہتھیاروں کے ذخائر ہیں لیکن منگل کے روز دس اسرائیلی طیارے آتے ہیں اور دارالحکومت دوحہ کے وسطی علاقے میں ایک رہائشی عمارت پر حملے میں چھ افراد کو مار کر بڑے آرام سے چلے جاتے ہیں نہ صرف قطری ائیر ڈیفنس سسٹم حملے سے لاعلم رہتا ہے بلکہ امریکہ بھی خاموش رہتا ہے یہ اشارہ ہے کہ سب کچھ امریکی رضامندی سے ہوا ہے۔

اسرائیل عشروں سے ایران اور اس کے ہمدردوں سے برسر پیکار ہے اس دوران وہ لبنان میں حزب اللہ، شام میں بشار الاسد، غزہ کی تنظیم حماس اور یمنی حوثیوں کو شدید نقصان پہنچا چکا ایران کے خلاف کارروائیوں میں نہ صرف افواج کو نقصان پہنچایا بلکہ فضائی حملوں سے اہم ترین رہنماؤں اور سائنسدانوں کو بھی قتل کر دیا جس سے خطہ مسلسل عدم استحکام کا شکار تو رہا لیکن امریکی تائید و حمایت اور سعودی قیادت کی طرف سے اعتراض نہ ہونے کی بنا پر خطے کے اکثر ممالک خاموش رہے یوں لڑائی مخصوص گروہوں اور علاقوں تک محدود رہی مگر قطر تو ایران کی پراکسی بھی نہیں بلکہ مشرق وسطیٰ میں امریکہ کے سب سے بڑے فوجی اڈے کی میزبانی کرنے والے اس ملک کو نان نیٹو اتحادی کا درجہ حاصل ہے اسی لیے قطر پر حملے کی وجوہات سمجھ سے بالاتر ہیں اس حملے نے نہ صرف امریکی اعتماد و ساکھ کو سوالیہ نشان بنا دیا ہے بلکہ یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ حملے کے علاقائی سلامتی کے حوالے سے گہرے مضمرات ہوں گے۔

قطر نے بظاہر جوابی کارروائی کا عندیہ دیتے ہوئے اہم مسلم ممالک سے ساتھ دینے کا مطالبہ کیا ہے مگر جوابی کارروائی کا بہت امکان کم ہے اسلامی ممالک میں پاکستان، ترکیہ، سعودی عرب، مصر اور ایران سمیت چند ہی ایسے ہیں جن کے پاس طاقتور فوج ہے پاکستان، ترکیہ اور ایران تو ہتھیار بھی بناتے ہیں لیکن او آئی سی جیسی تنظیم اتحاد کا موجب نہیں بن سکی اسی لیے عرب ممالک کو جارحیت کا سامنا ہے قطر کے طلب کردہ سربراہی اجلاس میں شامل ممالک اگر یورپی یونین کی طرح اتحاد اور حملے کی صورت میں مشترکہ دفاع کا معاہدہ کر لیں تو بہتر ہے وگرنہ مزید ممالک جارحیت کا نشانہ بن سکتے ہیں جیسا کہ اب ترکیہ کا تذکرہ ہو رہا ہے۔ پاکستان دنیا کا واحد اسلامی ملک ہے جس کے پاس جوہری طاقت ہے باعث اطمینان امر یہ ہے کہ پاکستان اپنی روایتی دفاعی طاقت کا بھی لوہا منوا چکا ہے قطر پر اسرائیلی حملے پر جس ملک نے سب سے سخت اور جاندار ردعمل دیا ہے وہ بھی پاکستان ہے حالانکہ رواں برس مئی میں بھارت سے کشیدگی کے دوران اکثر عرب ممالک کا مشورہ تھا کہ بھارتی کارروائیوں کا پاکستان جواب نہ دے جن میں قطر بھی پیش پیش رہا اب قطر کی درخواست پر ہی پاکستان نے الجزائر اور صومالیہ کے ساتھ مل کر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا اجلاس طلب کرنے کا مطالبہ کیا ہے مگر پاکستان کمزور معیشت کی وجہ سے طویل مدتی لڑائی کا متحمل ہو سکے اگر امریکہ اور مغربی ممالک پر عرب ممالک انحصار کم اور ڈالر میں تجارت بند کر دیں اور پاکستان سے دفاعی و معاشی تعاون بڑھا لیں تو نہ صرف اسرائیلی جارحانہ کارروائیوں کا دندان شکن جواب دینے سے خاتمہ کیا جا سکتا ہے بلکہ عرب ممالک کو اس صیہونی ریاست کے خوف سے بھی نکالا جا سکتا ہے بصورت دیگر آج دوحہ حملے پر تشویش کا شکار یاد رکھیں مستقبل میں قاہرہ، ریاض یا انقرہ جیسے شہر بھی نشانہ بن سکتے ہیں اسرائیل کا اقتصادی و سفارتی بائیکاٹ تیز تعلقات معمول پر لانے کی عالمی مہم کو روکنا ہوگا افسوس قطری قیادت ابھی تک اسرائیل کو قدرتی گیس کی فراہمی روکنے پر غور کر رہی ہے۔

اسرائیلی وزیر دفاع یوآف گیلنٹ کا کہنا ہے کہ اپنے دشمنوں کے خلاف کہیں بھی کارروائی کریں گے وزیر اعظم نیتن یاہو کو دوحہ حملے پر کوئی پشیمانی نہیں بلکہ وہ قطر پر زور دے رہا ہے کہ قطر حماس کے عہدیداروں کو بے دخل کرتے ہوئے جواب دہ بنائے وگرنہ ہم کریں گے اور حملے کا دفاع کرتے ہوئے پاکستان میں دو مئی 2011 جیسی کارروائی کہا ہے جس میں امریکن نیوی نے پاکستان کے شہر ایبٹ آباد میں ایک آپریشن کے دوران اسامہ بن لادن کو مار دیا تھا۔

یہاں کئی پہلو بہت اہم ہیں اول سات اکتوبر 2023 حماس حملے کے بعد سے لیکر اب تک غزہ کو کھنڈر بنانے کے علاوہ اسرائیل سات مسلم ممالک کو نشانہ بنا چکا ہے ان سات ممالک میں قطر واحد ملک ہے جس کا اسرائیل سے براہ راست کوئی تنازع نہیں دوم یوکرین سے آگے بڑھتے ہوئے روس اب پولینڈ کو چھیڑنے لگا ہے سوم امریکہ نے وزارت دفاع کا نام جنگ کا محکمہ اور وزیر دفاع کا نام وزیر جنگ رکھ لیا ہے چہارم چین نے پہلی بار بڑے پیمانے پر جنگی مشقوں کے ساتھ ملکی ساختہ جدید اور مہلک ہتھیاروں کی نمائش کر دی ہے کیا پھر بھی کسی کو شک ہے کہ دنیا ایک نئی عالمگیر جنگ کے دہانے پر نہیں؟ اگر ایسا ہوتا ہے جس کے امکانات ہیں تو یہ انسانیت کی خدمت نہیں دشمنی ہوگی۔ تنازعات کا حل مذاکرات سے ممکن ہے ایسے حالات میں جب حماس کا مذاکراتی وفد امریکی صدر ٹرمپ کی پیش کردہ تجاویز کا جائزہ لے رہا تھا یہ حملہ سے ثابت ہوتا ہے کہ اسرائیل کو امن اور بات چیت سے کوئی دلچسپی نہیں اور نہ ہی اپنے یرغمالیوں کی رہائی چاہتا ہے۔ قطری قیادت کو مطمئن کرنے کے لیے ٹرمپ کہہ رہے ہیں کہ وہ اسرائیلی حملے سے متفق نہیں سوال یہ ہے کہ جب مطمئن نہیں تو امریکی فوج نے جواب کیوں نہیں دیا؟ اسرائیلی وزیر اعظم کا کہنا ہے کہ امریکہ کو اعتماد میں لیکر حملہ کیا گیا امریکہ کا تو یہ بھی کہنا ہے کہ اس نے حملے بارے میں قطر کو آگاہ کر دیا تھا مگر سوال یہ ہے کہ اگر صرف آگاہ کرنا ہی اس کی ذمہ داری ہے تو امریکی دفاعی ضمانت کے عوض اربوں ڈالر اس مسلم ریاست سے کیوں لیے جا رہے ہیں؟ نیز امریکہ اگر قطر کا دوست ہے

آنکھیں کھلی نہ رہیں

خیالات

اور غصے کے آتش فشاں کا سیاسی لاوا ابلنے لگا اور صدر گوتابایا راجاپکسا کی حکومت کو اپنی آگ کے شعلوں میں بھسم کر گیا۔ یہ بھی حسینہ واجد اور نیپال کے اولی کی طرح موروثی سیاستدان تھے اور اس تحریک کے سرخیل بھی نوجوان تھے۔ ایک عرصے سے بلکہ پوری پیشہ ورانہ زندگی میں یہ درویش

[illegible]

گزر جاتا ہے تو پھر وہی ہوتا ہے جو نیپال کے حکومتی مرکز اور سب سے بڑے شہر کھٹمنڈو میں ہوا۔ نوجوانوں کے بپھرے غولوں نے پارلیمان اور سپریم کورٹ کی عمارت کو آگ لگا دی

[illegible]

کے زوال کی ابتدا بھی تھی۔ صرف دس سال کے بعد اس کا تختہ عوامی انقلاب نے الٹ ڈالا۔ نیپال' ہمالیہ کے بلند ترین پہاڑوں کی سرزمین'

[illegible]

سنا ہے' پڑھا ہے اور دنیا میں گھوم پھر کر بہت کچھ دیکھا ہے کہ جب کسی معاشرے میں با اختیار' طاقتور اور حکمران طبقات کے دل مردہ ہو جائیں تو آنکھوں کے سامنے سے صداقت اور سچائی غائب ہو جاتی ہے۔ ایسے لوگ جو غریب طبقے کی لوٹ مار کو روا رکھتے ہوں اور اپنی آسائش اور اپنی نسلوں کے

[illegible]

حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے اقدامات کر رہی ہے، سلیم کھوسہ

نئے تھانوں کے قیام سے عوامی مسائل کے حل اور قیام امن کے سلسلے میں بھی نمایاں بہتری آئے گی، صوبائی وزیر

حکومت عوام کو ایک پرامن اور محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، میڈیا سے گفتگو

نصیر آباد (نامہ نگار) صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ کی بھرپور کاوشوں اور کوششوں کے نتیجے میں صوبائی کابینہ نے ضلع صحبت پور میں تین نئے پولیس تھانوں کے قیام کی منظوری دے دی ہے۔ منظور کیے گئے تھانوں میں پولیس تھانہ جیانی، پولیس تھانہ مانجھی پور اور پولیس تھانہ سعید محمد کنرانی شامل ہیں ان تھانوں کے قیام سے نہ صرف علاقے میں پولیس کی رسائی بہتر ہوگی بلکہ عوامی مسائل کے حل اور قیام امن کے سلسلے میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ علاقے کی بڑھتی ہوئی آبادی اور بدلتے ہوئے حالات کے پیش نظر نئے تھانوں کا قیام وقت کی اہم ضرورت تھی انہوں نے کہا کہ ان تھانوں کے قیام سے امن و امان کی صورتحال مزید بہتر ہوگی صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا کہ صوبائی حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، اور نئے تھانوں کی منظوری اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔ میر سلیم خان کھوسہ نے مزید کہا کہ عوامی سہولت اور سلامتی ہماری اولین ترجیح ہے، اور حکومت عوام کو ایک پرامن اور محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ ضلع صحبت پور کے علاقہ معتبرین۔

میر زئی اڈو، رکن صوبائی اسمبلی انجینئر زمرک خان اچکزئی کے ہمراہ سعد اللہ خان بلوچ اک منیر احمد کاکڑ کا گروپ فوٹو

محبتوں کے سفیر کی خدمات محبتوں کے سفیر کی خدمات

تحریر: ڈاکٹر محمد اکرم ورڈگ

وقت کا پہیہ رکتا نہیں... لمحے گزرتے ہیں، سال بیتتے ہیں اور انسان اپنی محنت، قربانی اور خلوص سے ایک تاریخ رقم کرتا ہے۔ آج ہم ایک ایسے ہی عہد ساز شخصیت کو خراج تحسین پیش کر رہے ہیں جنہوں نے اپنی جوانی سے بڑھاپے تک پورے اخلاص، دیانت اور محنت کے ساتھ محکمہ تعلیم بلوچستان کی خدمت کی۔ قابل احترام اور ہر دلعزیز نظام الدین مینگل صاحب کرکے بطور چیف ایگزیکٹو آفیسر بلوچستان اسسمنٹ اینڈ ایگزامینیشن کمیشن اپنے عہدہ سے ریٹائرڈ ہوگئے۔ آپ نے یکم جنوری 1984 کو محکمہ تعلیم میں قدم رکھا اور پھر کبھی پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا... دیانت و قابلیت کی گواہ بنی۔ آخر کار آپ نے بلوچستان اسسمنٹ اینڈ ایگزامینیشن کمیشن کے سربراہ کی حیثیت سے تاریخ کا ایک اور روشن باب رقم کیا۔ آپ نے ہمیشہ مشکل علاقوں میں ڈیوٹی کو چیلنج سمجھ کر قبول کیا، اپنے طلبہ اور اپنی دھرتی کے مستقبل کو مقدم رکھا۔ یہ آپ کا ہی حوصلہ اور خدمت کا جذبہ تھا جس نے آپ کو سب کے دلوں میں زندہ جاوید بنا دیا۔ سیما بلوچستان آپ کی شاندار خدمات پر نازاں ہے۔ آپ ہمیشہ اس تنظیم کے ساتھ منسلک رہے، اس کے ہر مرحلے میں رہنمائی کی، اور بطور چیئرمین مشاورتی کونسل اپنی مثال آپ تھے۔ آپ کی رہنمائی اور قائدانہ صلاحیتوں نے کئی نسلوں کو متاثر کیا۔

محترم مینگل صاحب! آپ صرف ایک افسر نہیں، بلکہ ایک شفیق بھائی، ایک مخلص دوست، ایک دردمند رہنما اور ایک فراخ دل انسان ہیں۔ آپ کے ساتھ ہمارا سفر ہمیشہ یادگار رہے گا۔

... آپ کی قائدانہ بصیرت اور شفقت ہم سب کے لیے سرمایہ ہے ... گے اور آپ کے تجربات سے ہم فائدہ اٹھاتے رہیں گے۔ ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت، خوشیوں اور سکون بھری زندگی عطا فرمائے، آپ کی آئندہ زندگی کامیابیوں اور کامرانیوں سے مالا مال ہو۔

چراغ راہ بنے ہیں جو ہر سفر کے لیے
وہ لوگ کم ہی ملیں گے عمر بھر کے لیے

خضدار، ایل پی جی گیس اور روٹی کی قیمتیں آسمان کو چھونے لگی

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار شہر میں ایل پی جی گیس اور نان روٹی کی من مانی قیمتیں آسمان کو چھونے لگی ہے شہر میں روزانہ درجنوں مافیاز سر اٹھانے لگی ہے پورے ملک میں ایل پی جی گیس کی قیمت کم ہوگئی ہے اور گندم میں بھی پرانے ریٹس سے کافی کمی کی ہے مگر خضدار میں کمی کے باوجود روٹی کی قیمت میں صرف پانچ روپے کم کرکے اونٹ کے منہ میں زیرے کے برابر کی مانند ہے دوسری جانب باقی شہروں میں ایل پی جی گیس خضدار کی نسبت بہت کم داموں میں فروخت کر رہی ہے۔

زمیندار فوری طور پر ٹرانسفارمر و دیگر میٹریل کیسکو کے پاس جمع کروائیں، عبداللہ جان میرزئی

قلعہ سیف اللہ (نامہ نگار) چیئرمین زمیندار ایکشن کمیٹی عبداللہ جان میرزئی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ جن زمینداروں نے سولرائزیشن کے مد میں ... فورتھ رقم وصول کیا مگر اب تک کیسکو کے پاس ٹرانسفارمر و دیگر میٹریل جمع نہیں کروایا وہ زمیندار فوری طور پر ٹرانسفارمر و دیگر میٹریل فوری طور پر جمع کروائیں بصورت دیگر صوبائی حکومت اور کیسکو حکام میٹریل سے انکاری زمینداروں کے خلاف قانونی کارروائی کریں گے جس کی تمام تر ذمہ داری زمیندار پر عائد ہوگی قانونی کارروائی کی صورت میں زمیندار ایکشن کمیٹی کسی زمیندار کی دفاع نہیں کرے گی چیئرمین عبداللہ جان میرزئی نے مزید کہا کہ کان مہترزئی مسلم باغ نسائی یسین زئی سنی گرد سوزا گرڈ اسٹیشنوں سے منسلک زمیندار پانچ دنوں کے اندر کیسکو حکام کے ساتھ ٹرانسفارمر و دیگر میٹریل جمع کروائیں بصورت دیگر ان کے خلاف کارروائی کا آغاز کیا جائے

خضدار، انجمن تاجران کے صدر حافظ حمید اللہ مینگل مقامی ہوٹل کا افتتاح کر رہے ہیں

خانوزئی طور غر پہاڑ مقامی اولسی کمیٹی کو والاٹ کیا جائے

خانوزئی (نامہ نگار) خانوزئی طور غر پہاڑ کو مقامی اولسی کمیٹی کو والاٹ کردی جائے اہلیان خانوزئی و سماجی فورم خانوزئی مقامی اولس کے بغیر کسی دوسرے کو آلاٹ کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں اہلیان خانوزئی نے عوام نے مقامی نمائندوں سے کہا کہ خانوزئی تور غر پہاڑ کے سارا نفع نقصان خانوزئی اولس کے ہیں یہاں کے معدنیات پر کسی کو کوئی اختیار نہیں مقامی عوام کے اختیارات کے بنا پر معدنیات پر کام کرنے کی حق حاصل ہے غیر مقامی افراد کو آلاٹ کرنا کسی بھی محکمہ کو حق حاصل نہیں ہے پہاڑ کے قریب جس کا مالکانہ حقوق شامل ہے اور جو لوگ صدیوں سے آباد ہے اور جن لوگوں پر پہاڑ کے پانی جاتا ہے اور جن لوگوں کے چراگاہ شمار ہوتا ہے اور جن لوگوں کو مقامی حیثیت حاصل ہے

شہریوں کو مالکانہ حقوق کی فراہمی پر عملی کام کا آغاز کر رہے ہیں، بہادر کھوسہ

جی پی ایس سروے کے لیے مختلف کمپنیوں سے ٹینڈر طلب کرلیا گیا ہے، اے سی

نصیر آباد (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی، بہادر خان کھوسہ نے کہا ہے کہ ڈپٹی کمشنر نصیرآباد منیر احمد خان کاکڑ کی ذاتی کوششوں سے ڈیرہ مراد جمالی کے شہریوں کو مالکانہ حقوق فراہم کرنے کے لیے بہت جلد عملی کام کا آغاز کر رہے ہیں۔ اس سلسلے میں جی پی ایس (GPS) سروے کے لیے مختلف کمپنیوں سے ٹینڈر طلب کرلیا گیا ہے جبکہ چند روز بعد سب سے کم بولی دینے والی کمپنی کو ورک آرڈر جاری کر دیا جائے گا۔ انہوں نے یہ بات اپنے دفتر میں صحافیوں کے ایک وفد سے ملاقات کے دوران کہی۔ اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ نے کہا کہ جی پی ایس (GPS) ایک جدید سیٹلائٹ نظام ہے جس کی مدد سے زمین کا تفصیلی نقشہ تیار کیا جاتا ہے یہ نظام براہ راست سیٹلائٹس سے منسلک ہوتا ہے اور اس کی مدد سے کسی بھی مقام رہائشی جگہ یا سڑک کی درست نشاندہی کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی شہر میں گھروں اور رہائشی علاقوں کا جامع سروے جی پی ایس کے ذریعے شروع کیا جائے گا تاکہ درست ریکارڈ مرتب کیا جا سکے اور شہریوں کو ان کے گھروں اور زمینوں پر مالکانہ حقوق دیے جا سکیں اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی پوری کوشش ہے کہ اسی ماہ کے دوران عوام سے درخواستیں وصول کرنے کا عمل شروع کر دیا جائے ان کا کہنا تھا کہ موجود حکومت اور صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی کی یہ کاوش عوام کے دیرینہ مسائل کے حل کی طرف ایک اہم قدم ہے جس سے لوگوں کو نہ صرف قانونی تحفظ ملے گا بلکہ مستقبل میں ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں بھی آسانی پیدا ہوگی۔

پاکستان پیپلز پارٹی شہدا کی جماعت ہے، میر مرتضیٰ جمالی

عوام کی بے لوث خدمت ان کے حقوق کا تحفظ پارٹی کا بنیادی منشور ہے

اوستہ محمد (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی ڈویژن نصیرآباد کے سینئر نائب صدر میر مرتضیٰ خان جمالی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی شہدا کی جماعت ہے، جس نے ہمیشہ غریب، مظلوم اور پسے ہوئے طبقات کے لیے آواز بلند کی ہے۔ عوام کی بے لوث خدمت اور ان کے حقوق کا تحفظ پارٹی کا بنیادی منشور ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ میر مرتضیٰ خان جمالی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہر دور میں عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے، چاہے وہ معاشی بحران ہو، روزگار کی فراہمی ہو یا آئینی حقوق کی بحالی۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پاکستان پیپلز پارٹی ملک کے کونے کونے میں عوامی رابطہ مہم اور ترقیاتی ایجنڈے پر عمل پیرا ہے۔ بلاول بھٹو ایک وژنری رہنما ہیں، جو نوجوانوں کو آگے لانے، تعلیم، صحت اور روزگار کے مواقع بڑھانے کے لیے پرعزم ہیں۔ میر مرتضیٰ خان جمالی نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ آئین، جمہوریت اور اداروں کی بالادستی کے لیے قربانیاں دی ہیں۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو سے لے کر محترمہ بینظیر بھٹو شہید تک، پارٹی قیادت نے عوامی حقوق کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے۔ انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ پارٹی کے پیغام کو ہر گھر تک پہنچائیں۔

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔ادارہ انگلش اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔2فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسے دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

ضرورت سٹاف
ہمیں اپنی دوکان میں کام کیلئے لڑکے کی ضرورت ہے صبح 9 بجے سے مغرب اذان تک کوئٹہ کا رہائشی اور شناختی کارڈ رکھتا ہو
رابطہ نمبر 03462052000
سندھی R.No..........ADVT

گمشدگی سروس بک
میرا جماعت ہشتم کا سرٹیفکیٹ بنام ریحان علی ولد محبوب علی رول نمبر 627160 کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر 03482885040 پر مطلع کریں المشتہر ریحان علی ولد محبوب علی اختیار احمد مانجھی پور
R.No..........

ڈاکٹر نمرہ ظفر (نیوروفزیشن)
ڈاکٹر نمرہ ظفر (نیوروفزیشن) ایم بی بی ایس (فاطمہ جناح میڈیکل کالج لاہور) ایف سی پی ایس (نیورولوجی) ماہر امراض دماغ و اعصاب، سر درد، فالج، مرگی، رعشہ، کمر درد، عرق النساء، گردن توڑ بخار، یادداشت کی کمی، رگوں اور پٹھوں کی کمزوری، ہاتھ پیر کی کمزوری کے امراض لقوہ اور بچوں کا پن رجوع کریں BA مال ہیلتھ کیئر تھرڈ فلور (تیسری منزل) اوقات کار شام 5 بجے سے رات 9 بجے رابطہ امان اللہ 08120839140 / 03337867625
R.No..........62074

گمشدگی سروس بک
میری محکمہ بی اینڈ آر کوئٹہ کی اصل سروس بک بنام ظاہر خان ولد شہباز خان گوالمنڈی چوک کوئٹہ کے ایریا میں کہیں گم ہوگئی ہے ملنے پر فون نمبر 03368300770 پر مطلع کریں
R.No..........62082

تلاش گمشدہ
میری یونیک موٹر سائیکل 2024 ماڈل کے دستاویزات/ رجسٹر انجن نمبر 2462141DSE چیسز نمبر DSC346374 ذو کسٹم سٹی لنک روڈ پر کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون 03342712978 پر مطلع کریں المشتہر جمال الدین ولد فتح محمد
R.No..........62078

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر دکی

غفلت یا لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی، غیر حاضر عملے کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی

آر ایچ سی میں صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے، محمد نعیم نے اسٹور میں موجود ادویات کا جائزہ لیا

دکی (ن ن) ڈپٹی کمشنر دکی محمد نعیم خان نے آج آر ایچ سی (رورل ہیلتھ سنٹر) اسماعیل شہر کا غیر اعلانیہ دورہ کیا، جہاں انہوں نے طبی عملے کی حاضری مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور دستیاب ادویات کے اسٹاک کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر کے اس اچانک دورے کا مقصد صحت کے نظام میں بہتری لانا اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لینا تھا۔ دورے کے دوران انہوں نے طبی عملے کو سختی سے ہدایت کی کہ تمام مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی امداد فراہم کی جائے اور مریضوں کے ساتھ خوش اخلاق اور ہمدردی سے پیش آیا جائے۔ محمد نعیم خان نے میڈیسن اسٹور میں موجود ادویات کا بھی جائزہ لیا اور ہدایت کی کہ تمام ضروری ادویات ہمہ وقت دستیاب ہوں۔ انہوں نے متعلقہ اسٹاف کو تاکید کی کہ آر ایچ سی میں صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ صحت عامہ کا شعبہ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور ضلعی انتظامیہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی قسم کی غفلت یا لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی

خضدار، ایف سی قلات اسکاؤٹس کی سمگلنگ کے خلاف کارروائی

مشکوک کوچ پر چھاپہ مارا، جس کے نتیجے میں کوچ سے 92 تھیلے چھالیہ برآمد

خضدار (بیورو رپورٹ) ضلع خضدار میں ایف سی قلات اسکاؤٹس کی ایک بار پھر سمگلنگ کے خلاف سخت کارروائی کی ہے۔ ایف سی قلات اسکاؤٹس کے دستوں نے چلکو چیک پوسٹ پر ایک مشکوک کوچ پر چھاپہ مارا، جس کے نتیجے میں کوچ سے 92 تھیلے چھالیہ برآمد ہوئے۔ ذرائع کے مطابق، یہ چھالیہ غیر قانونی طور پر سمگل کیا جا رہا تھا، جو ملک کی معیشت کو شدید نقصان پہنچانے والا عنصر ہے۔ ایف سی کے اہلکاروں نے چھالیہ برآمدگی کے بعد کارروائی کرتے ہوئے تمام 92 تھیلے چھالیہ کو نذر آتش کر دیا۔ یہ کارروائی بلوچستان میں سمگلنگ کے خلاف جاری مہم کا حصہ ہے، جس کا مقصد ملکی معیشت کی حفاظت اور غیر قانونی سرگرمیوں کا خاتمہ ہے۔ اس سے پہلے بھی ایف سی قلات اسکاؤٹس نے این 25 شاہراہ پر ایسی کارروائیاں کی ہیں اور سمگلنگ کی کوشش ناکام بنا کر چھالیہ برآمد کر کے اس کو نذر آتش کر چکی ہے۔

ایثار و قربانی، اتفاق و اتحاد ہی ہماری اصل پہچان ہے، محمد قاسم

نادار و مجبور طبقے کے ساتھ کھڑے ہوں اور مشکل گھڑی میں انہیں تنہا نہ چھوڑیں

گنداواہ جھل مگسی (نامہ نگار) سماجی تنظیم الحمید انسانیت ویلفیئر فاؤنڈیشن جھل مگسی نے اپنے ایک اہم اور پرجوش بیان میں کہا ہے کہ ایثار و قربانی، اتفاق و اتحاد وہ بنیادی ستون ہیں جن پر امت مسلمہ کی عظمت قائم ہے۔ مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے اور بھائی ہی کی طرح ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہونا ہی اصل اسلام اور یہی انسانیت ہے۔ تنظیم کے رہنماؤں نے کہا کہ موجودہ حالات ہمیں یہ سبق دے رہے ہیں کہ ہم سب ایک دوسرے کا سہارا بنیں، نادار و مجبور طبقے کے ساتھ کھڑے ہوں اور مشکل گھڑی میں انہیں تنہا نہ چھوڑیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام کی تعلیمات ایثار اور قربانی پر زور دیتی ہیں اور یہی وہ اوصاف ہیں جو معاشرے کو مضبوط، خوشحال اور پرامن بناتے ہیں۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ معاشرتی بگاڑ اور بداعتمادی کا مقابلہ صرف اتحاد اور بھائی چارے کے ذریعے ہی کیا جا سکتا ہے۔ اگر ہم سب مل کر ایک دوسرے کا سہارا بنیں اور اپنی ذاتی خواہشات کو پس پشت ڈال کر دوسروں کی مدد کریں تو ایک ایسا معاشرہ تشکیل پا سکتا ہے جو حقیقی معنوں میں امن، سکون اور اخوت کی مثال ہو۔ الحمید انسانیت ویلفیئر فاؤنڈیشن جھل مگسی نے عوام سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ خدمت خلق کے جذبے کو اپنی زندگی کا مقصد بنا ئیں اور ضرورت مندوں کی مدد کریں

بعدالت فیملی جج (3) کوئٹہ

مثل نمبر 100/25 — دعویٰ فیملی

عائشہ نور دختر محمد کریم سکنہ جان محمد روڈ کوئٹہ بنام ثناء اللہ ولد سیف اللہ سکنہ گرش تحصیل کوہلو

اشتہار بنام مدعاعلیہ علیم: ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 26/9/2025 مقرر ہو چکی ہے مقدمہ ہذا میں مدعاعلیہ عدالت ہذا کے سمن سے دیدہ و دانستہ طور پر گریز کر رہا ہے اور روپوش ہے لہذا بذریعہ اشتہار مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ سماعت پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی اشتہار ہذا آج بتاریخ 12/9/2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

62084

بعدالت جناب تحصیلدار سیٹلمنٹ سرکل II کوئٹہ

دیوانی مقدمہ نمبر 50/2010 — مراسلہ نمبر 28 — مورخہ 12/9/025
متفرق نمبر 74/2011 — اشتہار نیلامی جائیداد

بمقدمہ: نیشنل بینک آف پاکستان برانچ سول سیکرٹریٹ کوئٹہ بنام میسرز گروپ CNG اسٹیشن پشلاک بذریعہ ارباب نصیب اللہ، ارباب نوراللہ، ارباب عبدالناصر پسران حمید اللہ ذات کاسی ساکن مکان نمبر 74 شہباز ٹاؤن کوئٹہ — ایصال زرڈگری =/31341796 روپیہ

بحکم جناب جج بینکنگ کورٹ صاحب بلوچستان کوئٹہ

ہرگاہ معاملہ مندرجہ عنوان بالا ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ جائیداد جس کی تفصیل اشتہار ہذا میں درج ہے کو بتاریخ 18/9/2025 کو بوقت 11 بجے بذریعہ نیلام عام فروخت کیا جائے گا خواہشمند حضرات نیلامی سے قبل اگر جائیداد و جگہ دیکھنا چاہیں تو منیجر نیشنل بینک آف پاکستان سول سیکرٹریٹ برانچ زرغون روڈ سے رابطہ کر سکتے ہیں نیلامی کی کارروائی زیر دستخطی کی عدالت بمقام دفتر بندوبست شہباز ٹاؤن کوئٹہ میں ہوگی نیلامی جو جیسے ہے کی بنیاد پر ہوگی نیلامی میں حصہ لینے کیلئے =/10000 روپیہ فیس ادا کرنی ہوگی جو ناقابل واپسی ہے نیلامی صبح 11 بجے سے 1 بجے تک ہوگی خواہشمند حضرات سے التماس ہے کہ وہ نیلامی سے ایک گھنٹہ قبل زیر دستخطی کی عدالت میں پہنچ جائیں مابعد کوئی عذر قبول نہیں کیا جائیگا بولی منظور ہونے کی صورت میں سب سے زیادہ بولی دہندہ کو کل رقم بولی 25 فیصد رقم موقع پر ادا کرنا ہوگا بولی کی مقررہ رقم مقررہ وقت میں جمع نہ کرنے پر بولی منسوخ اور جمع شدہ 25 فیصد رقم ضبط ہوگی تفصیل جائیداد بحوالہ انتقال 1504,474 واقع محال ویالہ موضع کتیر تحصیل پشلاک ضلع کوئٹہ اشتہار ہذا آج مورخہ 12/9/2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

62081

بعدالت فیملی جج (III) کوئٹہ

مثل نمبر 47/25 — درخواست گارڈین

محمد وسیم ولد محمد نعیم سکنہ ارباب کرم خان روڈ کوئٹہ بنام عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ مقدمہ عنوان عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 29/9/2025 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 12/9/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

62086

بعدالت فیملی جج (2) کوئٹہ

مثل نمبر /25 — درخواست گارڈین

1۔ بی بی شاہینہ بیوہ مرحوم محمد نعیم 2۔ محمد شمیم 3۔ معصومہ نعیم 4۔ صوفیہ نعیم دختران و پسران (مرحوم) محمد نعیم سکنہ نواں کلی کوئٹہ بنام عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 29/9/2025 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 11/9/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62085

بعدالت ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج II خضدار

1۔ مسماۃ جان بی بی بیوہ محمد انور 2۔ تھیر بی بی 3۔ بی بی حاجرہ 4۔ بی بی عاصمہ 5۔ روبینہ 6۔ امام زادی 7۔ عبدالسلام 8۔ عبدالصمد 9۔ سمیر احمد 10۔ شکر خان 11۔ نسرین 12۔ خان محمد 13۔ بی بی حلیمہ دختران و پسران مرحوم محمد انور اقوام گزگی ساکنان ملکواڑ ضلع خضدار .... (سائلان و درخواست گزاران) بنام
1۔ عوام الناس 2۔ انچارج نادرا آفس خضدار .... (ریسپانڈنٹس)

درخواست دوبارہ حصول جانشینی سرٹیفکیٹ زیر دفعہ 372 ایکٹ مجریہ 1925

اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ عنوان بالا درخواست سائلان نے برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ بابت محکمہ و بینک واجبات مرحوم محمد انور مبلغ =Rs.2835107.7 روپے گزاری ہے مرحوم محمد انور ولد شکر خان مورخہ 31/1/2025 کو بقضائے الٰہی فوت ہو چکے ہیں درخواست ہذا کی آئندہ تاریخ سماعت مورخہ 29/9/2025 مقرر ہوئی ہے اگر کسی شخص کو درخواست ہذا پر اعتراض ہے تو مقررہ تاریخ کو بوقت صبح 8:30 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا کے روبرو حاضر ہو کر اپنے عذرات پیش کریں بصورت دیگر ضابطہ کے تحت یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا اشتہار ہذا آج مورخہ 13/9/2025 کو میرے دستخط اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا

منیر زہری خضدار

TENDER NOTICE

The Balochistan Board of Investment and Trade invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252609844011**
Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee 1000 PKR

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Books, Magzines, electronic & Printed Publications (Total Item(s) Count: 2)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 03 Assignments of Similar Nature and Complexity 1,500,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 2,500,000 PKR in 03 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 29 September, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 29 September, 2025till 02:00 PM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 03:00 PM
Address: House A2, Chaman housing Scheme
Phone no: 0812822836 Email: ceobboit@gmail.com

Assistant Director
Balochistan Board of Investment and Trade

AB No.253/13-9-2025
www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Executive Engineer Patfeeder Canal Division invites bids from Eligible Bidders for execution of following work for the Year (2025-26) based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates. Bid Security is 2% of the estimated cost. Tender fee is Rs. 2000.

S.No	Name of Project	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF INLET STRUCTURE AND PROTECTION BUNDS AT RABI CANAL 3 DISTRICT NASEERABAD. PSDP NO. 2641 (2025-26) TSE-252609854843	49M

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan. Balochistan Revenue Authority Registration is required. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work. Turn over of at least 34,300,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm. CDR amounting 2% of estimated cost. Tender fee Rs. 2000. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk. **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk. **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **30 September, 2025till 11:00 AM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **12:00 PM on EPPS System. Address:** Executive engineer Pat Feeder Canal at Dear Murad Jamali.
Phone no: 0838710533 **Fax no:** 0838710533
Email: faridpandarani@gmail.com

Executive Engineer
Patfeeder Canal Division
Dera Murad Jamali

PRQ No.1247/13-9-2025
www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

PAKISTAN AIRPORTS AUTHORITY
پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی

بولیاں مطلوب ہیں

درج ذیل دفتر کی جانب سے پی پی آر اے رول نمبر (b)36 کے مطابق درج ذیل ضروریات کے لیے انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس ڈپارٹمنٹس سے رجسٹرڈ، درست این ٹی این اور جی ایس ٹی سرٹیفکیٹس کے حامل اور ایف بی آر کے فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست میں شامل بولی دہندگان سے پاکستانی روپے میں بولیاں مطلوب ہیں:

S. No.	EPADS Tender No.	Description & Bid No	Fixed Bid Security (PKR)	Bid Submission Date & Time	Bid Opening Date, Time & Place	Basis PKR (Price)
01	F-250938362	PROCUREMENT OF OFFICE FURNITURE FOR FINANCE DIRECTORATE, HQPAA **I.T. No.HQPAA/1984/325/XXLA**	231,967/-	02nd October 2025 1100 Hours	02nd October 2025 1130 Hours Log. Centre (S) (Log. APS Branch)	F.O.R.

بولیاں، پی پی آر اے ای-پاک ایکوزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم (EPADS) https://eprocure.gov.pk پر (بلا معاوضہ) دستیاب بولی دستاویزات میں بیان کردہ شرائط کے مطابق جمع کروائی جاسکتی ہیں۔ بولی دہندگان کا بولی دستاویزات اور الیکٹرونک بولی جمع کروانے سمیت دیگر متعلقہ معلومات تک رسائی کے لیے ای-پاک ایکوزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم پی پی آر اے (وفاق) کے ساتھ رجسٹر ہونا ضروری ہے۔

بولیاں، بند ہونے کے وقت اور تاریخ سے قبل پی پی آر اے ای-پاک ایکوزیشن اینڈ ڈسپوزل سسٹم (EPADS) ویب پورٹل https://eprocure.gov.pk کے ذریعے لازماً الیکٹرونکلی کے ساتھ ساتھ ٹھوس شکل میں بھی (سربمہر لفافے میں) بولی دستاویزات میں فراہم کردہ مخصوص طریقہ کار کے مطابق اچھی طرح پُر کر کے تمام منسلک درکار معلومات کے ساتھ درج ذیل پتے پر مجوزہ شیڈول کے مطابق یا اس سے قبل جمع کروائی جائیں بصورت دیگر جمع کروائی گئی بولیوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔ سربمہر بولیاں اُسی دن دیے گئے وقت پر کھولی جائیں گی۔ ممکنہ بولی دہندگان سے درخواست ہے کہ آخری تاریخ کا انتظار کیے بغیر پیشکشیں جمع کروادیں تاکہ آخری وقت پر کسی تکنیکی خرابی سے بچا جا سکے۔

EPADS پر رجسٹریشن اور ٹریننگ کے لیے یا EPADS استعمال کرنے میں کسی تکنیکی دشواری کی صورت میں، ممکنہ بولی دہندگان جناب رضوان محمود ڈائریکٹر MIS پی پی آر اے، کمرہ نمبر 109، پہلی منزل، FBC بلڈنگ، سیکٹر G-5/2، اسلام آباد (رابطہ نمبر 237-137-111-051) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

[نوٹ: تمام ممکنہ بولی دہندگان فوری طور پر پی اے اے کو بولی کھلنے کی تاریخ اور وقت سے قبل آگاہ کریں گے اور فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (100 فیصد عمل درآمد کے ساتھ) کا ثبوت اور ایف بی آر کے جی ایس ٹی/ این ٹی این سرٹیفکیٹس درج ذیل پتے پر جمع کروائیں گے۔]

اصل بولی ضمانت لازماً ٹیکنیکل پروپوزل (ٹھوس شکل، سربمہر لفافے میں) کے ساتھ منسلک کی جائے گی اور بولی ضمانت کی نقل (پے آرڈر/ بینک گارنٹی) لازماً جمع کروانے کی آخری تاریخ اور وقت سے قبل بذریعہ EPADS آن لائن سبمشن بھی منسلک کی جائے گی۔

معاہدے کی کارکردگی کے لیے مہلت: معاہدے اور ضمانتی عرصے کی اطمینان بخش تکمیل تک ہے۔

پی اے اے معقول وجوہات کی بنا پر کسی یا تمام بولیوں کو منظور/مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے جو بولی دہندگان کی درخواست پر بتا دی جائیں گی۔

یہ اشتہار پی اے اے کی ویب سائٹ www.paa.gov.pk اور پی پی آر اے کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk پر بھی دستیاب ہے۔

انتباہ: بولی دہندہ کی جانب سے جمع کردہ کسی قسم کا مالی انسٹرومنٹ، اگر جعلی نکلا یا کسی مرحلے پر فراڈ ثابت ہوا تو اس کا نتیجہ بلیک لسٹ قرار پانے کی صورت میں برآمد ہوگا اور اس کے خلاف قانون کے مطابق عدالتی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

ایڈیشنل ڈائریکٹر لاجسٹکس (اے پی ایس)
لاجسٹکس سینٹر (ساؤتھ)، ہیڈکوارٹرز پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی، جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ، کراچی، پاکستان
ٹیلیفون: 021-9907-2689 فیکس: 021-9924-2784
www.paa.gov.pk

عزم استحکام
PID(K)907/25

FEDERAL PUBLIC SERVICE COMMISSION
Aga Khan Road, Sector F-5/1, Islamabad
UAN: 051-111-000-248, Ph: No. 051-9205075, Fax: 051-9213386, e-mail: fpsc@fpsc.gov.pk, website: www.fpsc.gov.pk

F.1/4/2025-T&S-Coord. — Islamabad the 9th September, 2025

PUBLIC NOTICE
CONDUCT OF EXAMS/ TESTS BY FPSC W.E.F. 20.9.2025

1. Federal Public Service Commission will hold exams/ tests in the following cases **from 20.9.2025 to 26.9.2025.**

• CASES IN WHICH SCREENING (MCQ) TEST WILL BE HELD

• F.4-87/2025-R	• F.4-88/2025-R	• F.4-89/2025-R	• F.4-90/2025-R
• F.4-91/2025-R	• F.4-92/2025-R	• F.4-93/2025-R	• F.4-94/2025-R
• F.4-95/2025-R	• F.4-97/2025-R	• F.4-98/2025-R	• F.4-99/2025-R
• F.4-100/2025-R	• F.4-101/2025-R	• F.4-102/2025-R	• F.4-103/2025-R
• F.4-104/2025-R	-	-	-

• CASES IN WHICH WRITTEN (DESCRIPTIVE) TEST WILL BE HELD

Note:- The following cases were advertised in Adv. No. 03/2025 (July, 2025). Therefore, descriptive test will be held in these cases as per existing policy. Syllabi of these cases are available on website. The revised policy of objective type tests (MCQs) as already notified vide Public Notice dated 22.8.2025, will be applicable on the cases/ posts to be advertised on 21.9.2025 (Adv. No. 04/2025).

• F.4-217/2023-R	• F.4-55/2025-R	• F.4-96/2025-R	• F.4-105/2025-R
• F.4-106/2025-R	• F.4-107/2025-R	• F.4-108/2025-R	• F.4-109/2025-R
• F.4-110/2025-R	• F.4-111/2025-R	• F.4-112/2025-R	• F.4-113/2025-R

• EXAMINATION FOR APPOINTMENT BY TRANSFER IN OMG

• Section Officer (BS-17)	• Section Officer (BS-18)

• TESTS FOR REGULARIZATION OF CONTRACTUAL EMPLOYEES (BUREAU OF EMIGRATION & OVERSEAS EMPLOYMENT)

• Dy. Director (Law)	• Assistant Director
• Dy. Director (Research)	• Assistant Director (Law)
• Dy. Director (IT/ System Analyst)	• Assistant Director (Research)
• System Analyst	• Inspector
• Assistant Director (F&B)	• Orientation & Briefing Officer

2. Above exams / tests will be held simultaneously at D.I.Khan, Gilgit, Gujranwala, Hyderabad, Islamabad, Karachi, Lahore, Multan, Peshawar, Quetta, Rawalpindi, Skardu & Sukkur.
3. For above scheduled exams / tests, Admission Certificates of all registered candidates and Time Table etc., have been uploaded on FPSC's website **www.fpsc.gov.pk**. The candidates are advised to visit FPSC's website to get print out of their respective Admission Certificates and to appear at the allocated centres according to the scheduled date and time along with their Original CNIC and Treasury Receipts.
4. For further clarification / details, if any, the candidates may contact on Phone No. 051-9212427 and UAN 051-111-000-248 during working hours.

DIRECTOR (T&S)

PID(I)2130/25

روزنامہ مشرق کوئٹہ — اسپورٹس

ایشیا کپ 2025، کرکٹ کا ہائی وولٹیج پاک بھارت ٹاکرا آج ہوگا

پاک بھارت میچ کیلئے مختلف شہروں میں بڑی اسکرینز لگانے کی تیاریاں مکمل، مختلف نجی تعلیمی اداروں کی جانب سے بھی میچ کو براہ راست دکھانے کیلئے بڑی اسکرینز لگائی جائیں گی

پاکستان کی قیادت آل راؤنڈر سلمان علی آغا کریں گے جبکہ بھارتی ٹیم سوریا کمار یادیو کی کپتانی میں میدان میں اترے گی، دونوں ٹیمیں ٹورنامنٹ میں ایک ایک میچ جیت چکی ہیں

دبئی (این این آئی) ایشیا کپ 2025ء کا ہائی وولٹیج پاک بھارت ٹاکرا (آج) اتوار کو ہوگا۔ یاد رہے کہ رواں سال مئی میں دونوں ممالک کے درمیان ہونے والی سرحدی کشیدگی کے بعد پاک بھارت کرکٹ ٹیموں کا یہ پہلا ٹکراؤ ہوگا، دونوں ٹیموں کے درمیان میچ پاکستانی وقت کے مطابق شام ساڑھے 7 بجے شروع ہوگا۔ پوائنٹس ٹیبل میں دونوں ٹیموں کے دو، دو پوائنٹس ہیں۔ گرین شرٹس نے اپنے پہلے میچ میں شاندار کارکردگی دکھاتے ہوئے عمان کو 93 رنز سے شکست دی جبکہ بھارت نے میزبان متحدہ عرب امارات کے خلاف 9 وکٹوں سے کامیابی سمیٹ کر ایونٹ کا فاتحانہ آغاز کیا۔ پاکستان کی قیادت آل راؤنڈر سلمان علی آغا کریں گے جبکہ بھارتی ٹیم سوریا کمار یادیو کی کپتانی میں میدان میں اترے گی۔ کرکٹ کے دیوانے اس روایتی مقابلے کے لیے بے حد پرجوش ہیں اور توقع ہے دبئی سٹیڈیم ایک بار پھر تماشائیوں سے کھچا کھچ بھر جائے گا۔ گزشتہ روز اس پر بات کرتے ہوئے بھارتی کرکٹ ٹیم کے بیٹنگ کوچ سیتانشو کوٹک نے اپنے ایک بیان میں کہا تھا کہ بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) نے پاک بھارت میچ سے متعلق حکومت کے فیصلے کے ساتھ خود کو ہم آہنگ کرلیا ہے۔ کوٹک نے دبئی کے آئی سی سی اکیڈمی گراؤنڈ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا کہ جب بی سی سی آئی نے کہا کہ وہ حکومت کے فیصلے کے ساتھ ہے تو ہماری توجہ صرف میچ پر ہی ہے، پاکستان بمقابلہ بھارت میچ ہمیشہ دلچسپ مقابلہ ہوتا ہے اور کھلاڑی اسی پر توجہ دے رہے ہیں۔ دوسری جانب ایشیا کپ کرکٹ ٹورنامنٹ 2025 میں روایتی حریفوں پاکستان اور بھارت کے درمیان اتوار کو کھیلے جانے والے میچ میں مداحوں کی دلچسپی بڑھ گئی، لاہور، کراچی سمیت مختلف شہروں میں دبئی اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے میچ کو براہ راست دکھانے کے لیے بڑی اسکرینز نصب کی جائیں گی۔ کیماڑی کے ساحل پر پورٹ گرینڈ میں بھی شائقین کرکٹ کو میچ سے لطف اندوز کرانے کے لیے بڑی اسکرین لگانے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ مختلف نجی تعلیمی اداروں کی جانب سے بھی میچ کو براہ راست دکھانے کے لیے بڑی اسکرینز لگائی جائیں گی، اس موقع پر حاضرین کی تواضع کے لیے پرلطف اور ذائقے دار کھانوں کا بھی اہتمام ہوگا۔

گلگت بلتستان کی 5400 میٹر بلندی کی چوٹی پر پہنچنے والی خواتین کوہ پیماؤں کا گروپ فوٹو

ایشیا کپ کا میزبان ہونے کے باوجود بھارتی بورڈ کے اعلیٰ عہدیدار منظر عام سے غائب

دبئی (این این آئی) ایشیا کپ 2025 کا میزبان ہونے کے باوجود بھارتی بورڈ کے اعلیٰ عہدیدار منظر عام سے غائب ہو گئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بھارتی بورڈ نے پاک بھارت میچ میں کسی بھی اعلیٰ عہدیدار کو دبئی بھیجنے کا فیصلہ نہیں کیا، بھارت میں پاکستان کے خلاف میچ کی بائیکاٹ مہم چل رہی ہے۔ بائیکاٹ مہم کی وجہ سے بی سی سی آئی کے زیادہ تر آفیشلز میچ سے خود کو دور رکھ رہے ہیں، بھارتی بورڈ کے عہدیداروں کی میچ میں نظر نہ آنے کو خاموش بائیکاٹ کہا جانے لگا ہے۔

صفر پر آؤٹ، صائم ایوب شرمناک فہرست میں رضوان کے ساتھ شامل ہوگئے

دبئی (این این آئی) پاکستان کے ابھرتے ہوئے بیٹسمین صائم ایوب بھی صفر پر آؤٹ ہونے والے کھلاڑیوں کی شرمناک فہرست میں شامل ہوگئے۔ عمان کیخلاف ایشیا کپ کے افتتاحی میچ میں اوپنر صائم ایوب پہلی ہی گیند پر بغیر کھاتہ کھولے پویلین لوٹ گئے۔ صائم ایوب کو عمان کے بارشاہ فیصل نے میچ کی دوسری گیند پر ایل بی ڈبلیو کیا جب وہ گیند کو لیگ سائیڈ کی جانب کھیلنے کی کوشش کر رہے تھے۔ صائم ایوب اپنے ٹی ٹوئنٹی کیریئر میں چوتھی بار ڈک پر آؤٹ ہوئے جس کے بعد وہ پاکستان کے اوپنرز کی فہرست میں محمد رضوان اور محمد حفیظ کے برابر آگئے ہیں۔ اس فہرست میں سب سے آگے بابر اعظم ہیں جو چھ بار صفر پر آؤٹ ہوئے۔

راشد لطیف نے بھارت کے خلاف پاکستانی ٹیم کی کمزوریوں کا تجزیہ کردیا

پاکستان کی بھارت کے خلاف بڑی کمزوری جذبات پر قابو نہ رکھنا، صبر، حکمت عملی نہ دکھانا اور مکمل فوکس سے نہ کھیلنا ہے

کراچی (آن لائن) پاکستانی ٹیم کے سابق کپتان اور وکٹ کیپر راشد لطیف نے بھارت کے خلاف پاکستانی ٹیم کی کمزوریوں کا تجزیہ کردیا۔ بھارتی میڈیا سے گفتگو میں راشد لطیف نے کہا کہ پاکستان اور بھارت نے گزشتہ 10 سال میں دوطرفہ سیریز نہیں کھیلی، ان کا آمنا سامنا صرف آئی سی سی اور اے سی سی ایونٹس میں ہی ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 10 برس کے دوران دونوں ٹیموں کے درمیان کھیلے گئے 15 میں 12 میچز بھارت نے جیتے ہیں۔

ویرات کوہلی اور انوشکا شرما کو کیفے سے نکال دیا گیا تھا، جیمائمہ روڈریگز کا انکشاف

ویرات نے ہمیں کہا کہ تم دونوں کے پاس خواتین کرکٹ ٹیم کو بدلنے کی طاقت ہے، جمائمہ کی گفتگو

نئی دہلی (آن لائن) معروف بھارتی کرکٹر ویرات کوہلی اور بالی ووڈ کی سابقہ اداکارہ انوشکا شرما کے حوالے سے ایک دلچسپ واقعہ منظر عام پر آیا ہے۔ بھارتی کرکٹر جمائمہ روڈریگز نے ویرات اور انوشکا سے متعلق ایک انکشاف کرتے ہوئے بتایا کہ یہ واقعہ نیوزی لینڈ میں اس وقت پیش آیا تھا جب بھارتی کرکٹرز اور ویمن ٹیم ایک ہی ہوٹل میں مقیم تھی۔ جمائمہ نے بتایا کہ میں نے اور میری ساتھی اسمرتی مندھانا نے ویرات کوہلی سے بیٹنگ پر بات کرنے کی درخواست کی تھی۔

کراچی کنگز نے آئی پی ایل فرنچائز کی متنازع پوسٹ کا کرارا جواب دے دیا

کراچی کنگز نے برائز پوسٹ جاری کی، کپتان سلمان علی آغا کو شارٹ کھیلتے جبکہ بھارتی کپتان کو سائے میں چھپا کر پیش کیا گیا

کراچی (آن لائن) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی فرنچائز کراچی کنگز نے انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) کی ٹیم پنجاب کنگز کے متنازع پروموشنل پوسٹر پر بھرپور اور تخلیقی جواب دے دیا۔ ایشیا کپ 2025 میں اتوار کو پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والے ہائی وولٹیج میچ سے قبل اداکارہ پریتی زنٹا کی فرنچائز پنجاب کنگز نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ شیئر کی تھی جس میں بھارت کا لوگو نمایاں جبکہ پاکستان کا لوگو جان بوجھ کر خالی چھوڑ دیا گیا۔

فخر زمان نے صائم ایوب کو بابر اعظم کا 'اپ ڈیٹڈ ورژن' قرار دیدیا

صائم ایوب نے ابھی تک اپنی صلاحیت کا 80 فیصد حصہ دکھایا ہی نہیں ہے، فخر زمان کی بات چیت

دبئی (این این آئی) پاکستان کے مایہ ناز بیٹر فخر زمان نے صائم ایوب کو بابر اعظم کا 'اپ ڈیٹڈ ورژن' قرار دے دیا۔ مارچ 2023 میں ٹی 20 ڈیبیو کرنے والے صائم ایوب نے اب تک 41 میچز کھیلے ہیں جس میں انہوں نے چار نصف سنچریوں کی مدد سے 816 رنز بنائے ہیں۔ صائم کے کیریئر کا بہترین اسکور 98 ناٹ آؤٹ ہے جو انہوں نے سنچورین میں جنوبی افریقہ کے خلاف بنایا تھا۔ ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) کی جانب سے جاری کردہ ویڈیو میں فخر زمان نے صائم ایوب کی تعریف کی۔

ابوظہبی، ٹی 20 ایشیا کپ کے پانچویں میچ میں سری لنکن بیٹر ہینڈ شیک کررہے ہیں

ایشیا کپ، پاکستان کیخلاف بائیکاٹ کے مطالبات پر بھارتی ٹیم نے خاموشی توڑ دی

سیاسی ہلچل کے باوجود بھارتی ٹیم کی توجہ صرف اور صرف کرکٹ پر مرکوز ہے، بیٹنگ کوچ سیتانشو کوٹک

نئی دہلی (آن لائن) بھارتی کرکٹ ٹیم کے بیٹنگ کوچ سیتانشو کوٹک نے کہا ہے کہ ایشیا کپ میں پاکستان کے خلاف میچ سے متعلق سیاسی ہلچل کے باوجود بھارتی ٹیم کی توجہ صرف اور صرف کرکٹ پر مرکوز ہے۔ یاد رہے کہ آج اتوار کو پاکستان اور بھارت کی روایتی حریف ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔ رواں سال مئی میں دونوں ممالک کے درمیان ہونے والی سرحدی کشیدگی کے بعد دونوں ٹیموں کا یہ پہلا ٹکراؤ ہوگا۔ اس پر بات کرتے ہوئے گزشتہ روز سیتانشو کوٹک نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) نے پاک بھارت میچ سے متعلق حکومت کے فیصلے کے ساتھ خود کو ہم آہنگ کرلیا ہے۔ کوٹک نے دبئی کے آئی سی سی اکیڈمی گراؤنڈ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مزید کہا، جب بی سی سی آئی نے کہا کہ وہ حکومت کے فیصلے کے ساتھ ہے تو ہماری توجہ صرف میچ پر ہی ہے، پاکستان بمقابلہ بھارت میچ ہمیشہ دلچسپ مقابلہ ہوتا ہے اور کھلاڑی اسی پر توجہ دے رہے ہیں۔

دبئی میں فیکٹری مالک نے پاک بھارت میچ کے ٹکٹ مفت تقسیم کردیے

ملازمین میں پاک بھارت میچ سمیت دیگر میچز کے مجموعی طور پر 700 ٹکٹ تقسیم کیے گئے

دبئی (آن لائن) دبئی میں ایک فیکٹری مالک نے پاک بھارت میچ سمیت ایشیا کپ کے 700 ٹکٹس مفت تقسیم کردیے۔ ایشیا کپ کا سب سے بڑا ٹاکرا پاکستان اور بھارت کے درمیان 14 ستمبر کو دبئی میں ہونا ہے جس کا شائقین کرکٹ شدت سے انتظار کررہے ہیں۔ دبئی میں اس میچ کے ٹکٹس کی مانگ ریکارڈ سطح پر پہنچ چکی ہے لیکن ایسے موقع پر محنت کشوں کے لیے خوشی کی خبر سامنے آئی کہ انہیں ایشیا کپ کے میچز دیکھنے کے لیے 700 مفت ٹکٹس فراہم کیے گئے۔ یہ اقدام دبئی میں مقیم نامور بزنس مین اور سماجی شخصیت انیس ساجن نے کیا جنہوں نے اپنی کمپنی میں کام کرنے والے جنوبی ایشیا سے تعلق رکھنے والے محنت کشوں کو ٹکٹس دیے تاکہ وہ اپنے پسندیدہ کرکٹرز کو براہ راست ایکشن میں دیکھ سکیں۔ انیس ساجن کا کہنا تھا کہ کرکٹ ان کا بھی جنون ہے۔

پہلا آل کوئٹہ انٹر انسٹیٹیوشنز بوائز اینڈ گرلز بال فیسٹیول کے سلسلے میں تھرو بال کے مقابلے کے مہمان خاص سابق انٹرنیشنل باکسر عبداللہ ندیم سید فہیم اختر ماما میر مینگل کا کھلاڑیوں کے ساتھ گروپ فوٹو

پاکستان ٹیم ایشیا کپ جیتنے کی پوری صلاحیت رکھتی ہے، وسیم اکرم

گرین شرٹس ایشیا کپ میں کسی بھی ٹیم کے خلاف جیت سکتے، پاکستانی کھلاڑیوں کو صرف خود پر بھروسہ کرنا ہوگا، انٹرویو

کراچی (این این آئی) ایشیا کپ میں گرین شرٹس آج اپنی مہم کا آغاز کررہے ہیں سابق کرکٹرز نے پاکستان ٹیم کو فیورٹ قرار دیا ہے۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان سوئنگ کے سلطان وسیم اکرم نے گرین شرٹس کو ایشیا کپ جیتنے کے لیے فیورٹ ٹیم قرار دیا ہے۔ وسیم اکرم نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان ٹیم ایشیا کپ جیتنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔ قومی ٹیم ٹرائی نیشن سیریز جیت کر آرہی ہے اور کھلاڑیوں کا مورال ہائی ہے۔ سابق پیسر نے کہا کہ گرین شرٹس ایشیا کپ میں کسی بھی ٹیم کے خلاف جیت سکتے ہیں۔ پاکستانی کھلاڑیوں کو صرف خود پر بھروسہ کرنا ہوگا۔ سوئنگ کے سلطان نے مزید کہا کہ یہ ہماری ٹیم ہے اور بحیثیت قوم ہمیں نتیجہ فوری چاہیے ہوتا ہے۔ ہمیں انہیں وقت اور اعتماد دینا ہوگا۔ ایشیا کپ میں روایتی حریفوں پاکستان اور بھارت کے درمیان مقابلہ اتوار 14 ستمبر کو شیڈول ہے۔

انگلینڈ نے افریقی بولرز کا بھرکس نکال دیا، ٹی 20 میں نئی تاریخ رقم

میزبان انگلینڈ نے 2 وکٹوں کے نقصان پر 304 رنز کا پہاڑ کھڑا کردیا، فل سالٹ نے صرف 39 گیندوں پر سنچری بنا ڈالی

ہدف کے تعاقب میں جنوبی افریقہ کی ٹیم 158 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی اور انگلینڈ نے یہ میچ 146 رنز سے اپنا نام کیا

ٹریفورڈ (مانیٹرنگ ڈیسک) انگلینڈ نے جنوبی افریقی بولرز کا بھرکس نکال دیا، ٹی 20 کرکٹ میں بھی نئی تاریخ رقم کردی۔ اولڈ ٹریفورڈ میں کھیلے گئے میچ میں میزبان انگلینڈ نے 2 وکٹوں کے نقصان پر 304 رنز کا پہاڑ کھڑا کرکے سیریز 1-1 سے برابر کردی، فل سالٹ نے انگلینڈ کی ٹی 20 تاریخ کی تیز ترین سنچری سکور کرتے ہوئے ٹیم کو جنوبی افریقہ کے خلاف تاریخی جیت دلائی۔ فل سالٹ نے صرف 39 گیندوں پر سنچری بنا کر لیام لیونگسٹون کا ریکارڈ توڑ دیا، وہ 60 گیندوں پر 141 رنز بنانے میں کامیاب رہے، لیام لیونگسٹون نے 2021 میں پاکستان کے خلاف ٹی 20 سیریز میں 42 گیندوں پر سنچری سکور کی تھی۔ جوس بٹلر نے بھی شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 30 گیندوں پر 83 رنز بنائے اور سالٹ کے ساتھ 126 رنز کی شراکت قائم کی، جیکب بیتھل نے 24 رنز اور کپتان ہیری بروک نے 21 گیندوں پر 41 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ ہدف کے تعاقب میں جنوبی افریقہ کے اوپنرز ایڈن مارکرم اور ریان رکلٹن نے جارحانہ آغاز کرتے ہوئے 22 گیندوں پر 50 رنز بنائے۔ تاہم جوفرا آرچر نے شاندار بولنگ کرتے ہوئے 2 کھلاڑیوں کو پویلین بھیجا، آرچر نے 25 رنز کے عوض 3 وکٹیں حاصل کیں جبکہ سیم کرن نے 11 رنز کے عوض 2 شکار کیے۔ جنوبی افریقہ نے انگلینڈ کے خلاف 158 رنز بنائے اور پوری ٹیم آؤٹ ہوگئی یوں انگلینڈ نے میچ 146 رنز سے اپنے نام کیا۔ سیریز کا فیصلہ کن میچ اتوار کو ٹرینٹ برج میں کھیلا جائے گا۔

ٹریفورڈ، انگلینڈ اور جنوبی افریقہ کے درمیان ٹی 20 میچ میں انگلش بیٹر شاٹ لگا رہے ہیں

فل سالٹ کا ریکارڈ توڑ اننگ کھیلنے کے بعد اہم اعلان

اولڈ ٹریفورڈ (این این آئی) انگلینڈ کے اوپنر فل سالٹ نے شاندار اور ریکارڈ توڑ اننگ کھیل کر نئی تاریخ رقم کردی انہوں نے اعلان کیا ہے کہ ان کا ہدف دنیا کا بہترین ٹی ٹوئنٹی بلے باز بننا ہے۔ 29 سالہ سالٹ نے اولڈ ٹریفورڈ میں جنوبی افریقہ کے خلاف صرف 60 گیندوں پر ناقابل شکست 141 رنز بنا کر ریکارڈ توڑ دیا۔ ان کی اننگ میں 23 بار باؤنڈریز لگیں، جن میں 8 بلند و بالا چھکے بھی شامل تھے۔ سالٹ نے 235 کے شاندار اسٹرائیک ریٹ سے بیٹنگ کرتے ہوئے جنوبی افریقی بولرز کو بے بس کردیا۔

پاک بھارت میچ کیلئے مختلف شہروں میں بڑی اسکرینز نصب

کراچی (آئی این پی) ایشیا کپ کرکٹ ٹورنامنٹ 2025 میں روایتی حریفوں پاکستان اور بھارت کے درمیان آج (اتوار) کو کھیلے جانے والے میچ میں مداحوں کی دلچسپی بڑھ گئی۔ کراچی سمیت مختلف شہروں میں دبئی اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے میچ کو براہ راست دکھانے کے لئے بڑی اسکرینز نصب کی گئی ہیں۔ کیماڑی کے ساحل پر پورٹ گرینڈ میں بھی شائقین کرکٹ کو میچ سے لطف اندوز کرانے کے لیے بڑی اسکرین لگانے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ مختلف نجی تعلیمی اداروں کی جانب سے بھی میچ کو براہ راست دکھانے کیلئے بڑی اسکرینز لگائی گئی ہیں۔ اس موقع پر حاضرین کی تواضع کے لیے پرلطف اور ذائقے دار کھانوں کا بھی اہتمام ہوگا۔

قومی ٹیم نے پاکستان کی 19 سالہ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ کی تاریخ کا منفرد ریکارڈ اپنے نام

لاہور (آئی این پی) پاکستان کرکٹ ٹیم نے سلمان علی آغا کی قیادت میں ایسا منفرد اعزاز اپنے نام کرلیا۔ قومی ٹیم نے رواں سال اب تک انٹرنیشنل ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں 154 چھکے لگائے ہیں جو کسی بھی کیلنڈر ایئر میں پاکستانی بیٹرز کی جانب سے لگائے گئے چھکوں کی سب سے بڑی تعداد ہے۔ اس سے قبل قومی ٹیم کے بیٹرز نے گزشتہ سال 152 چھکے تھے۔ گرین شرٹس کے بیٹرز اس سے پہلے 2021 میں 147 چھکے، 2022 میں 114 چھکے اور 2018 میں 105 چھکے بھی لگا چکے ہیں۔

ایشیا کپ، بھارت کے خلاف اچھا مقابلہ کریں گے، محمد حارث

پرفارمنس نہ ہو تو بہت تنقید ہوتی ہے، ٹیم مینجمنٹ نے ہمیشہ سپورٹ کیا ہے، کوشش ہوتی کہ ان کے بھروسے پر پورا اتروں، وکٹ کیپر بیٹر

دبئی (آئی این پی) قومی ٹیم کے وکٹ کیپر بیٹر محمد حارث نے کہا ہے کہ ٹیم کو جہاں ضرورت ہوتی ہے اس نمبر پر کھیلنے کو تیار رہتا ہوں۔ دبئی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پرفارمنس نہ ہو تو بہت تنقید ہوتی ہے، ٹیم مینجمنٹ نے ہمیشہ سپورٹ کیا ہے، کوشش ہوتی کہ ان کے بھروسے پر پورا اتروں۔ محمد حارث نے کہا کہ بھارت کیخلاف میچ میں اچھا مقابلہ کریں گے۔

مانگ میں اضافہ! پاک بھارت میچ کی مزید ٹکٹیں فروخت کیلئے پیش

پریمیم ٹکٹ کی زیادہ سے زیادہ قیمت 255.04 امریکی ڈالر میں خریدی جاسکتی ہے

لاہور (این این آئی) ایشین کرکٹ کونسل نے پاک بھارت میچ کی مزید ٹکٹیں فروخت کیلئے پیش کر دیں۔ شائقین کرکٹ پریمیم ٹکٹ کم سے کم 212.53 امریکی ڈالر میں خرید سکتے ہیں، پریمیم ٹکٹ کی زیادہ سے زیادہ قیمت 255.04 امریکی ڈالر میں خریدی جاسکتی ہے۔ پاک بھارت میچ کی گرینڈ لاؤنج ہاسپٹیلٹی ٹکٹ 991.83 ڈالر میں دستیاب ہے جبکہ پاک بھارت ٹاکرے کی باؤنڈری لاؤنج ہاسپٹیلٹی ٹکٹ 1700.27 امریکی ڈالر میں دستیاب ہے۔

ویمنز کرکٹ ورلڈکپ، سری لنکا میں میچز کو پاکستانی کھلاڑیوں نے فائدہ مند قرار دے دیا

کہیں جانا نہیں پڑے گا، ایک جگہ رہیں گے، ورلڈ کپ کے دوران ہم سفر کی وجہ سے تھکاوٹ کا شکار نہیں ہوں گی، امین شمیم

لاہور (آن لائن) پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کی کھلاڑیوں نے آئی سی سی ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ کے تمام میچز سری لنکا میں کھیلنے کو فائدہ مند قرار دے دیا۔ آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 30 ستمبر سے بھارت اور سری لنکا میں شروع ہو رہا ہے۔ میگا ایونٹ کے تمام میچز پاکستان ٹیم کولمبو میں کھیلے گی۔ پاکستان ویمن ٹیم کی اسپنر امین شمیم نے ایک انٹرویو میں کہا کہ میگا ایونٹس میں سفر زیادہ کرنا پڑتا ہے۔

سرکاری کرکٹ اکیڈمی سے نکالے جانے کے بعد والد نے پریکٹس میں مدد کی، شبمن گل کا انکشاف

میرے والد اور اکیڈمی کوچ کے درمیان اختلاف کے باعث مجھے اکیڈمی سے نکال دیا گیا تھا، گفتگو

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹر شبمن گل نے اپنی کامیابی کے پیچھے چھپی دلچسپ اور کٹھن کہانی بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرکاری کرکٹ اکیڈمی سے نکالے جانے کے بعد والد نے پریکٹس میں مدد کی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق 26 سالہ اوپنر اس وقت بھارتی ٹیسٹ ٹیم کے کپتان ہیں۔ انہوں نے اپنے بچپن کا ایک واقعہ شیئر کیا جس میں انہوں نے بتایا کہ کس طرح سے ان کے والد نے ان کی تربیت کے لیے غیر معمولی قربانیاں دیں۔

بختیار آباد لہڑی اور گردونواح میں طویل لوڈشیڈنگ، علاقہ مکین پریشان

دورانیہ 13 گھنٹے تک پہنچ گیا، طویل لوڈشیڈنگ سے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہوکر رہ گئے ہیں

کاروبار ٹھپ ہوکر رہ گیا ہے، تاجر برادری کی مشکلات میں اضافہ، لہڑی فیڈر پر لوڈشیڈنگ کم کرنے کا مطالبہ

بختیار آباد (نمائندہ مشرق) بختیار آباد، لہڑی اور گردونواح میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ، علاقہ مکین شدید پریشان، طویل دورانیہ کے لوڈشیڈنگ کے باعث کاروبار ٹھپ، تاجر برادری کی مشکلات میں اضافہ، علاقہ مکینوں کا حکام بالا سے نوٹس لے کر لہڑی فیڈر پر بجلی کی لوڈشیڈنگ کم کرنے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل لہڑی اور بختیار آباد میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 13 گھنٹے تک پہنچ گیا۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ بختیار آباد، لہڑی اور گردونواح میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ سے علاقہ مکین شدید پریشان ہوگئے ہیں اور طویل لوڈشیڈنگ سے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہوکر رہ گئی ہے جبکہ طویل دورانیہ کے لوڈشیڈنگ کے باعث کاروبار ٹھپ ہوگئے ہیں جس کی وجہ سے تاجر برادری کی مشکلات میں بھی اضافہ ہوگیا ہے۔ لہڑی فیڈر پر 13 گھنٹے کی طویل ترین لوڈشیڈنگ نے اہل علاقہ کی زندگی اجیرن کردی، انہوں نے کہا کہ ظلم کی انتہا ہے کہ 80 فیصد سے زائد ریکوری ہونے کے باوجود بھی واپڈا حکام کی جانب سے لہڑی فیڈر پر 13 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ کرنا سمجھ سے بالاتر ہے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ ایک طرف تو کیسکو انتظامیہ اپنے صارفین کے یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ جتنی زیادہ ریکوری ہوگی اور بل اور بقایاجات جمع ہوں گے لوڈشیڈنگ میں بھی واضح کمی آئے گی جبکہ کیسکو انتظامیہ زیادہ ریکوری لوڈشیڈنگ میں کمی جیسے اپنے قوانین کو بھی ماننے سے انکاری ہوچکی ہے۔ کیسکو انتظامیہ کی جانب سے لہڑی فیڈر پر 80 فیصد سے زائد ریکوری کرنے کے باوجود بھی لوڈشیڈنگ میں کمی کے بجائے اضافہ کردیا۔ انہوں نے کہا سبی کی گرمی پورے ایشیا میں مشہور ہے یہاں پر گرمیوں میں درجہ حرارت 52 ڈگری تک ہوتا ہے۔ سبی کی تحصیل لہڑی اور بختیار آباد میں شدید گرمی اور حبس سے بچے، خواتین اور ضعیف العمر اشخاص کا برا حال ہے۔ حالیہ شدید بارشوں کے باعث گلی کوچوں میں بارش کا پانی جمع ہونے سے مچھروں کی بہتات ہے اوپر سے کیسکو انتظامیہ نے ظلم کی انتہا کرتے ہو؟ لوڈشیڈنگ میں اضافہ کرتے ہو؟ شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کردیا ہے۔ بختیار آباد، لہڑی اور گردونواح کی عوام نے ایم پی اے سبی سردار کوہیار خان ڈومکی، سینیٹر میر دوستین خان ڈومکی، چیف ایگزیکٹو آفیسر (CEO) کیسکو بلوچستان سے نوٹس لیکر لہڑی فیڈر پر لوڈشیڈنگ میں کمی کرنے کی اپیل کی ہے۔

وطن عزیز کیلئے اداروں کی قربانیاں تاریخ کا روشن باب ہے، فیصل جمالی

انکی لازوال قربانیوں کی بدولت ہر شہری سکون اور امن کی زندگی گزار رہا ہے

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) معروف قبائلی شخصیت جمالی اقوام کے نمائندہ سردار محمد ہارون خان جمالی و پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ وطن عزیز پاکستان کی خاطر افواج پاکستان اور ریاستی اداروں کی قربانیاں تاریخ کا روشن باب ہیں۔ انکی لازوال قربانیوں کی بدولت آج ملک کا ہر شہری سکون اور امن کی زندگی گزار رہا ہے انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان اور اداروں کی شب و روز کی محنت اور جانفشانی کے باعث نہ صرف بلوچستان بلکہ ملک بھر میں امن و امان کی فضا بحال ہوئی ہے، ترقی و خوشحالی کے نئے دروازے کھلے ہیں اور پاکستان روشن مستقبل کی جانب گامزن ہے انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی عوام کو اپنی فوج اور ریاستی اداروں پر فخر ہے، اور قوم سیسہ پلائی دیوار کی مانند اپنے محافظوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ عوام ان قربانیوں کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور یہ یقین رکھتے ہیں کہ فوج اور ادارے ہی ملک کے اصل محافظ ہیں۔ سردار محمد ہارون خان جمالی نے کہا کہ جب بھی ملک کسی قدرتی آفت یا آزمائش سمیت دہشت گردی سے دوچار ہوتا ہے،

عوام کو بنیادی سہولتوں سے محروم کرنے کی سازش قبول نہیں، آواز چاغی

رات کی تاریکی میں ان عناصر نے بڑی تعداد میں پائپ لائنوں کو آگ لگا دی

دالبندین (نمائندہ خصوصی) تحریک آواز چاغی کا پریس ریلیز میں گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ روز تحصیل چاغی میں پانی کی فراہمی کے لیے پائپ لائن بچھانے کا کام جاری تھا، جسے نامعلوم افراد نے saboteurs کی طرح نقصان پہنچایا۔ رات کی تاریکی میں ان عناصر نے بڑی تعداد میں پائپ لائنوں کو آگ لگا دی، جس سے عوامی مفادات پر کاری ضرب لگی اور پانی کی فراہمی کا منصوبہ بری طرح ناکام ہوا۔ بیان میں کہا گیا کہ کئی سالوں بعد بھاری رقم خرچ کرکے عوام کو پائپ لائنوں کے ذریعے پانی مہیا کرنے کا یہ اہم منصوبہ شروع کیا گیا تھا، مگر عوام دشمن عناصر نے اسے نقصان پہنچا کر نہ صرف ترقی کی راہ میں رکاوٹ ڈالی بلکہ انسانی حقوق پر بھی ڈاکا ڈالا ہے۔ تحریک آواز چاغی نے حکومت اور انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ پائپ لائنوں کو نقصان پہنچانے والے نامعلوم افراد کو فوری طور پر گرفتار کر کے سخت ترین سزا دی جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی عوامی فلاحی منصوبوں کو نقصان پہنچانے کی جرات نہ کرسکے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ ایسے افراد انسان کہلانے کے لائق نہیں ہیں، کیونکہ وہ صرف اور صرف عوام کو بنیادی سہولتوں سے محروم کرنے کی سازش کررہے ہیں۔

خضدار مہنگائی کا جن بوتل سے باہر

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار مہنگائی کا جن بوتل سے باہر گراں فروشوں ذخیرہ اندوزوں اور منافع خوروں نے خضدار کی دھجیاں اڑا دی ہے منافع خوروں نے عوام کو لوٹنے میں مصروف عمل ہے شہر میں ہر جگہ مختلف ریٹس چل رہی ہے ان خیالات کا اظہار خضدار کے عوامی حلقوں نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا خضدار میں مافیاز کی بھرمار ہے عوام کو ہر جگہ دونوں لوٹ رہے ہیں مہنگائی کیا وہ پر مہنگائی کرکے ذرا بھی خوف خدا نہیں آتے ہیں خضدار میں ہر جگہ مافیاز کا کنٹرول ہے کسی کے بس کی بات نہیں ہے خضدار پرائس کمیٹی ناکام ہو چکی ہے

نوکنڈی، جشن عید میلادالنبی کی مناسبت سے محفل میلاد کی تقریب کا انعقاد

طلباء میں انعامات تقسیم کیے گئے جبکہ دعا کے ساتھ بابرکت محفل کا اختتام کیا گیا

نوکنڈی (نمائندہ مشرق) جشن عید میلادالنبی کی مناسبت سے میلاد کی تقریب کی صدارت قائم مقام پرنسپل امین آزاد نے کی جبکہ مہمان خصوصی سپرنٹنڈنٹ ڈی ای او آفس چاغی محمد عارف تھے۔ محفل کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کے بعد طلباء نے نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ نعتیہ کلام اور سیرت النبی پر تقاریر پیش کیں۔ پروگرام میں اساتذہ، طلباء اور معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ خطاب کرتے ہوئے محمد عارف اور امین آزاد نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو بحیثیت معلم بنا کر پوری انسانیت کے لیے رہنمائی کا سرچشمہ بنایا۔ آپ نے انسانوں کو بھلائی، اخوت اور محبت کا راستہ دکھایا اور برائی و گمراہی سے روکا۔ مقررین نے کہا کہ اگر ہم حضور کی ذات اور سیرت طیبہ سے حقیقی محبت کریں اور ان کی تعلیمات کو اپنی عملی زندگی میں اپنائیں تو دنیا و آخرت میں کامیابی و سرخروئی ہماری مقدر بن سکتی ہے۔ تقریب کے اختتام پر محفل میں حصہ لینے والے طلباء میں انعامات تقسیم کیے گئے جبکہ دعا کے ساتھ بابرکت محفل کا اختتام کیا گیا۔

گنداخہ، گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول بنیادی سہولتوں سے محروم ہے

... اسکول کے کمروں تک آج بھی ایک ٹیم آسمان تلے جاری رکھنے پر مجبور ہیں، جہاں وہ شدید گرمیوں کی تپش اور سردیوں کی سختی برداشت کرتے ہیں۔ گاؤں کی معزز شخصیت سابق کونسلر رئیس سونا خان پال، اسکول کے استاد اور گاؤں کے مکینوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ اسکول قائم ہوئے 50 سال سے زائد عرصہ گزر ... نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، حلقہ اوستہ محمد کے ایم پی اے صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی، ایم این اے میر خان محمد خان جمالی، صوبائی وزیر محترمہ ڈاکٹر ربابہ بلیدی صاحبہ، سیکرٹری تعلیم، صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان، دیگر اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے اور اسکول کے لیے مستقل عمارت کی تعمیر یقینی بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔

حادثے کے بعد معذور ریٹائرڈ ریلوے گارڈ کسمپرسی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور

واجبات بھی نہ مل سکا بیٹے کی عارضی بنیادوں پر ریلوے کی ملازمت بھی چھین لی، گھر میں فاقے

بیٹے کو انولڈ پالیسی کے تحت ٹرین کلرک بھرتی کیا گیا لیکن چھ ماہ بعد بلاکسی جواز کے نوکری چھین لی

NATIONAL UNIVERSITY OF SCIENCES & TECHNOLOGY (NUST) BALOCHISTAN CAMPUS, QUETTA

TENDER NOTICE

CONSTRUCTION OF COLLAPSED BOUNDARY WALL

1. NUST Balochistan Campus (NBC), Quetta hereby invites sealed bids from well-established, experienced and financially sound manufacturer & suppliers for **"Construction of Collapsed Boundary Wall at NUST Campus Quetta"** who are registered with PPRA for E-Procurement on "e-Pak Acquisition and Disposal system (e-PADS)".

Sr.	Subject	Method	Bid Submission Date and Opening Time
a.	Construction of Collapsed Boundary Wall at NUST Campus Quetta	Single stage, Single envelope Procedure	Bid Submission on **29 Sep 2025** at **1030 hrs**. Opening time at **1100 hrs**.

2. **Tender Processing Fee of Rs. 7,000/-** must be provided in original at the time of technical bid opening in the shape of Pay Order/Bank Draft in favour of **'PETTY CASH NUST CAMPUS QUETTA'**.
3. The complete set of bidding documents containing description and detailed terms & conditions are available on E-PADS website (**www.eprocure.gov.pk**). Bidders may obtain further information from **Procurement Branch, NUST Balochistan Campus (NBC), Kach Road, near Sheikh Mohammad Bin Zayed Al Nahyan Cardiac Centre, Quetta, Phone No: 081-9085113.**
4. All e-bids must be submitted through ePADS as per above mention schedule.
5. NUST may reject all bids at any time prior to the acceptance of a bid by invoking rule 33 of Public Rule (PPR).2004.

AD Procurement
Procurement Branch
NUST Balochistan Campus (NBC), Kach Road, near Sheikh Mohammad Bin Zayed Al Nahyan Cardiac Centre, Quetta, Phone No: 081-9085113
Email address: adproc@nbc.nust.edu.pk

U.A.N: 111-116-878 nust_official www.nust.edu.pk

بعدالت فیملی جج (2) کوئٹہ

مثل نمبر 25/ درخواست گارڈین شپ

1۔ عابدہ بیوہ (مرحوم) محمد نعیم 2۔ محمد ندیم 3۔ عافیہ دختر و پسر (مرحوم) محمد نعیم سکنہ نواں کلی کوئٹہ بنام عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 29/9/2025 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 11/9/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62085

CORRIGENDUM / EXTENSION OF BID DATE.

It is for information of all the concerned that the date for submission and opening of the tenders for the works Having, TSE-252609837913-TSE-252609838183-TSE-252609838033 - TSE-252609838313. Already published in Daily Newspaper under PRQ No. 1033/03/09/2025 dated 04 th September 2025, & 3 rd September 2025, under PRQ No. 998/02-09-2025, due to some changes in Eligibility Criteriaunavoidable circumstances. The new date of opening will be 22-09-2025. Other term & condition remained Same.

EXECUTIVE ENGINEER-ROADS CW, PP&H Department District Chagai

PRQ No.1246/13-09-2025

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ 11/سول جج کوئٹہ مسل نمبر 58/25 آئندہ تاریخ پیشی 27-09-25

1۔ تنویر یوسف بیوہ خواجہ محمد یوسف، (2) خواجہ جواد عمر (3) حنا فرخ (4) شفیلا یوسف (5) عائشہ ثاقب دختران و پسران مرحوم خواجہ محمد یوسف سکنان ارباب ٹاؤن سمنگلی روڈ کوئٹہ۔ بنام۔ عوام الناس۔

درخواست لیٹر آف ایڈمنسٹریشن اور درخواست حب ایشیئی۔

اشتہار برائے عوام الناس۔ ہرگاہ درخواست عنوان بالا میں درخواست لیٹر آف ایڈمنسٹریشن بابت متوفی خواجہ محمد یوسف کے جائیداد پلاٹ نمبر 926 رقبہ 5-M واقع بحریہ ٹاؤن لاہور کے گزری ہے جسکی آئندہ ساعت 27-09-2025 کو مقرر ہو چکی ہے۔

لہذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کے بابت کسی کو کسی قسم کا عذر ہو تو مقررہ تاریخ پر پیش ہو۔ بصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اشتہار آج بتاریخ 12-09-2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔ جوڈیشل مجسٹریٹ 11/سول جج کوئٹہ

بعدالت فیملی جج (2) کوئٹہ

مثل نمبر 25/ درخواست گارڈین شپ

1۔ نسیمہ بیوہ طارق عزیز 2۔ محمد عادل 3۔ عائشہ طارق 4۔ وریشہ طارق (نابالغان) سکنہ کوئٹہ بنام عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 18/9/2025 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 9/9/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62083

PEOPLE'S PRIMARY HEALTHCARE INITIATIVE, BALOCHISTAN
(Regd. Under Section 42 of Companies Ordinance, 1984)

گودام کرایہ پر درکار ہے

پی پی ایچ آئی بلوچستان ہیڈ آفس کو ماہانہ کرایہ پر کم از کم تین (3) سال مدت (قابل توسیع) کے لیے کوئٹہ ویسٹرن بائی پاس، ایئرپورٹ روڈ یا آفاقی روڈ کے علاقے میں کم از کم 25000 مربع فٹ پر مشتمل بڑی اونچی چھت والی (25 سے 30 فٹ اونچی) عمارت کی ضرورت ہے۔

نوٹ: گودام کے اندر کوئی ستون (پلر) نہ ہو، دو (2) کمرے بمعہ اٹیچ واش روم (گودام سے علیحدہ تعمیر شدہ ہوں)، گودام تک رسائی کے لیے کشادہ سڑک ہو تاکہ چھوٹی بڑی گاڑیوں کی آمد و رفت ممکن ہو سکے، چاروں اطراف مناسب باؤنڈری وال کے ساتھ داخلی و خارجی راستہ، بجلی و گیس کی سہولت لازمی ہے، جبکہ گودام میں مناسب ڈرینج سسٹم موجود ہو تاکہ بارش کی صورت میں ادویات محفوظ ہو سکیں۔

دلچسپی رکھنے والے مالکان مکمل تفصیلات کے ساتھ درج ذیل پتہ پر دفتری اوقات میں رابطہ کر سکتے ہیں۔

منیجر ایڈمن پی پی ایچ آئی بلوچستان

081-2863620 / 081-2863623

بقیہ 1 پنجاب سیلاب

ہورہا ہے جس کی وجہ سے کچے کے علاقوں میں اونچے درجے کا سیلاب ہے۔ دوسری جانب دریائے چناب میں ہیڈ پنجند پر بہاؤ میں کمی آنا شروع ہوگئی ہے جہاں پانی کا بہاؤ تقریباً 30ہزار کیوسک کم ہوکر 6لاکھ 33ہزار پر آ گیا مگر اب بھی انتہائی اونچے درجے کا سیلاب برقرار ہے۔ تحصیل علی پور کے کچے کے علاقے ملاں والی میں بھی پانی داخل ہوا جس کے بعد علاقہ مکین نقل مکانی پر مجبور ہوئے۔ دریائے راوی میں ہیڈ سدھنائی کے مقام پر بھی پانی کے بہاؤ میں کمی آنا شروع ہوگئی ہے تاہم درمیانے درجے کا سیلاب تاحال برقرار ہے۔ ادھر دریائے ستلج کی طغیانی کا زور ٹوٹنے لگا۔ گنڈا سنگھ والا پر پانی کا بہاؤ 78ہزار کیوسک کم ہونے کے بعد نچلے درجے کے سیلاب میں تبدیل ہوگیا۔ ہیڈ سلیمانکی پر نچلے اور ہیڈ اسلام پر درمیانے درجے کے سیلاب برقرار ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سیلاب متاثرہ علاقوں میں اگست کے بجلی بلوں کی وصولی روک دی۔ وزیراعظم کی زیر صدارت سیلاب متاثرہ علاقوں میں بجلی کے بلوں سے متعلق اجلاس ہوا۔ وزیراعظم نے سیلاب متاثرہ علاقوں میں اگست کے بجلی بلوں کی وصولی روک دی ہے، وزیراعظم نے اس حوالے سے بجلی تقسیم کار کمپنیوں کو ہدایت کردی ہے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ آئی ایم ایف سے معاملات طے ہونے کے بعد متاثرہ علاقوں کے لیے بجلی بل پیکیج کا حتمی اعلان ہوگا جن سیلاب متاثرہ صارفین سے اگست کا بجلی کا بل وصول کیا جا چکا ہے وہ آئندہ ماہ ایڈجسٹ کیا جائیگا۔ وزیراعظم کے مطابق سیلاب نے پورے پاکستان میں لاکھوں لوگوں کو متاثر کیا ہے، سیلاب متاثرین کی بحالی تک وفاقی و صوبائی ادارے بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ جب تک سیلاب متاثرین اپنے گھروں میں واپس نہیں چلے جاتے ہم چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ اسلام آباد میں تعینات چین کے اعلیٰ سفارت کار نے پاکستان میں اس سال مون سون کے دوران جاں بحق ہونے والے تقریباً 1,000 افراد کی اموات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان کو سیلاب سے متاثرہ میں مدد کی پیشکش کی ہے۔ گوادر پرو کے مطابق چینی ناظم الامور شی یوان چیانگ نے کہا ہے کہ چین مشکل کی اس گھڑی میں پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا۔ پاکستان کی نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے مطابق، 26 جون سے جاری شدید مون سون بارشوں، بادل پھٹنے اور اچانک آنے والے سیلابوں کے باعث اب تک کم از کم 956 افراد جاں بحق اور 1,060 سے زائد زخمی ہو چکے ہیں۔ یہ قدرتی آفت ملک بھر میں 58 لاکھ سے زائد افراد کو متاثر کر چکی ہے، جن میں سے صرف پنجاب میں متاثرہ افراد کی تعداد 42 لاکھ ہے۔ تقریباً 24 لاکھ افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے، جب کہ 1,630 امدادی کیمپوں میں 94,000 سے زائد افراد نے پناہ لے رکھی ہے۔ حکام کے مطابق بارشوں سے 8,481 مکانات کو نقصان پہنچا، جن میں سے 2,216 مکمل طور پر تباہ ہو چکے ہیں، جبکہ 6,500 سے زائد مویشی بھی ہلاک ہوئے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق شی یوان چیانگ نے چینی سفارتخانے کے وفد کے ہمراہ این ڈی ایم اے ہیڈکوارٹرز میں نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر کا دورہ کیا، جہاں چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک نے انہیں امدادی سرگرمیوں اور ردعمل کے اقدامات پر بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ یہ اقدامات صوبائی حکومتوں اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز کے ساتھ مربوط انداز میں جاری ہیں، جن میں وزیراعظم کے ریلیف پروگرام کے تحت انخلاء بھی شامل ہے۔ حکام نے مرکز کے ڈیزاسٹر وارننگ سسٹم، خطرات کی بروقت اطلاع رسانی، پیشگی اقدامات، اور عالمی معیار سے ہم آہنگ مشقوں پر بھی روشنی ڈالی۔

بقیہ 2 وزیراعظم

کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے 10 سے 13 ستمبر تک خیبر پختونخوا میں 2 مختلف آپریشنز کیے جس میں خوارج کے ٹھکانوں کو موثر انداز میں نشانہ بنایا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشنز میں بھارتی پراکسی فتنہ الخوارج کے 35 دہشت گرد ہلاک ہوئے اور ہلاک خوارج کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق فورسز نے باجوڑ میں خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، شدید فائرنگ کے تبادلے میں بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے 22 خوارج مارے گئے۔ سیکیورٹی فورسز نے خوارج کے خلاف وزیرستان میں بھی کارروائی کی جس میں 13 مزید خوارج کو ہلاک کیا گیا، ہلاک خوارج متعدد دہشت گرد کارروائیوں میں ملوث تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شدید فائرنگ کے تبادلے میں مادر وطن کے 12 بہادر جوان بھی شہید ہوئے۔ پاکستان کیخلاف افغان سرزمین کا استعمال بدستور باعث تشویش ہے: آئی ایس پی آر تفصیلات کے مطابق پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کا بتانا ہے کہ انٹیلی جنس رپورٹس میں گھناؤنے عمل میں افغان شہریوں کے ملوث ہونے کی تصدیق ہوئی ہے، فتنہ الخوارج کا پاکستان کے خلاف افغان سرزمین کا استعمال بدستور شدید تشویش کا باعث ہے، پاکستان توقع کرتا ہے کہ افغان عبوری حکومت اپنی ذمہ داریاں پوری کریگی۔ آئی ایس پی آر نے توقع ظاہر کی ہے کہ افغانستان اپنی سرزمین کو پاکستان مخالف دہشت گرد سرگرمیوں کے لیے استعمال نہیں ہونے دے گا، علاقے میں موجود کسی بھی بھارتی اسپانسرڈ خوارج کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے، سیکیورٹی فورسز ملک سے دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے پرعزم ہیں۔ صوبہ خیبر پختونخوا کے علاقے دیر لال قلعہ میں خوارج کے ٹھکانے پر کارروائی کے دوران یرغمال بنائے گئے شہریوں کی جانیں بچاتے ہوئے 7 جوان شہید ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق دیر کے علاقے لال قلعہ میں بھارتی پراکسی فتنہ الخوارج کے ٹھکانے پر آپریشن کیا گیا۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ سیکیورٹی فورسز نے خوارج کے ٹھکانے کو موثر انداز میں نشانہ بنایا اور آپریشن کے دوران فائرنگ کے تبادلے کے بعد بھارتی اسپانسرڈ 10 خوارج ہلاک ہوگئے۔ فائرنگ کے تبادلے میں وطن کے 7 سپوت بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہوگئے جن میں نائیک عبدالجلیل، نائیک گل جان، لانس نائیک عظمت اللہ، سپاہی عبدالمالک، سپاہی محمد امجد، سپاہی محمد داؤد اور سپاہی فضل قیوم شامل ہیں۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بہادر سپوت خوارج کے یرغمال بنائے گئے معصوم شہریوں کی جانیں بچاتے ہوئے شہید ہوئے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ خفیہ اطلاعات کے مطابق ان گھناؤنے اقدامات میں افغان شہری براہ راست ملوث ہیں اور پاکستان توقع رکھتا ہے کہ عبوری افغان حکومت اپنی ذمہ داریاں پوری کرے گی، توقع ہے افغان حکومت اپنی سرزمین دہشت گردی کیلئے استعمال نہیں ہونے دے گی۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ علاقے میں کسی بھی بھارتی سرپرست یافتہ خوارج کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے، بھارتی اسپانسرڈ دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے پرعزم ہیں اور ہمارے بہادر سپوتوں کی قربانیاں ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔ دوسری جانب۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ دہشت گردی کا بھرپور جواب جاری رہیگا اور افغانستان کو واضح کردیا ہے کہ خارجیوں اور پاکستان میں سے ایک کا انتخاب کرلیں۔ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے بنوں کا دورہ کیا جہاں دہشت گردی سے متعلق اہم اور اعلیٰ سطح اجلاس میں شرکت کی۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ وزیراعظم اور فیلڈ مارشل نے جنوبی وزیرستان آپریشن میں 12 بہادر شہداء کی نماز جنازہ میں بھی شرکت کی جبکہ وزیراعظم اور فیلڈ مارشل نے بنوں کی ایم ایچ میں زخمیوں کی عیادت بھی کی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کور کمانڈر پشاور نے

علاقے کی سکیورٹی صورتحال پر تفصیلاً بریف کیا، دہشت گردوں کے سرغنہ اور سہولت کار افغانستان میں ہیں، ان دہشت گردوں کی پشت پناہی بھارت کررہا ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کا بھرپور جواب جاری رہیگا، اس میں کسی قسم کا کوئی ابہام برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کو واضح کردیا ہے کہ خارجیوں اور پاکستان میں سے ایک کا انتخاب کرلیں، پاکستانی قوم دہشت گردی کے معاملے پر سیاست اور گمراہ کن بیانیے کو رد کرتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جو بھی خارجیوں اور بھارتی پراکسیوں کی سہولت کاری اور معاملہ فہمی کی بات کرتا ہے وہ انہی کا آلہ کار ہے، آئے بھی اسی زبان میں جواب دیا جائے گا جس کا وہ حق دار ہے، عوام، ریاست اور افواج پاکستان سے مل کر بھارتی پراکسیوں کیخلاف بنیان مرصوص کی طرح متحد ہیں۔ وزیراعظم نے حکم دیا کہ دہشت گردی کا مزید موثر جواب دینے کیلئے ضروری انتظامی اور قانونی اقدامات فوراً کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے واقعات میں افغان باشندے شامل ہیں، دہشت گرد افغانستان سے آکر پاکستان میں دہشت گردی کررہے ہیں، غیر قانونی طور پر پاکستان میں مقیم افغان باشندوں کا جلد انخلا انتہائی اہم ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ضلع لوئر دیر کے علاقے لال قلعہ میدان میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔

بقیہ 3 وزیراعلیٰ

نے وطن کے دفاع میں اپنی جان قربان کرکے ایک عظیم مثال قائم کی ان کی قربانی ہمیشہ یاد رکھی جائے گی شہداء کی یہ عظیم قربانیاں ملک کے امن و استحکام کی بنیاد ہیں انہوں نے کہا کہ شہداء قوم کے ماتھے کا جھومر ہیں اور پوری قوم ان کی لازوال قربانیوں کی معترف اور مقروض ہے شہید میجر عدنان اسلم نے نہ صرف اپنی بہادری بلکہ اپنی زندگی کے مقصد سے یہ ثابت کیا کہ پاکستان کے سپاہی ہر لمحہ وطن پر قربان ہونے کو تیار ہیں وزیراعلیٰ نے شہید کے والد کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایک بہادر سپوت کے عظیم باپ ہیں جن کے صبر اور حوصلے کو سلام پیش کرتا ہوں انہوں نے کہا کہ شہید کی والدہ ایک عظیم ماں ہیں جنہوں نے وطن کیلئے میجر عدنان اسلم جیسے جانباز کو جنم دیا میجر عدنان کی شہادت کی خواہش ان کی والدہ کے لئے فخر اور پوری قوم کیلئے اعزاز ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی ان کا خون وطن کے دفاع، قومی یکجہتی اور امن کا ضامن ہے۔

بقیہ 4 سعودی عرب

شہید ہو گئے۔ سعودی عرب نے اس حملے کو "فتنہ الہندوستان" کی بزدلانہ کارروائی قرار دیتے ہوئے اس کی بھرپور مذمت کی اور پاکستانی حکومت و عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔

بقیہ 5 فیلڈ مارشل

کے دیگر اعلیٰ حکام بھی آرمی چیف کے ہمراہ موجود تھے، آرمی چیف کو زمینی صورتحال اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں جاری ریسکیو اور امدادی کارروائیوں کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ فیلڈ مارشل کا کہنا تھا کہ ریاست ہر سال قیمتی جانوں اور املاک کے نقصان کی متحمل نہیں ہوسکتی، آرمی چیف نے سیلاب متاثرین کے مسائل حل کرنے میں سول اور فوجی اداروں کے تعاون کی اہمیت کو اجاگر کیا اور سول انتظامیہ سے گفتگو کرتے ہوئے اچھی طرز حکمرانی اور عوام دوست ترقی کی اہمیت پر زور دیا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ عوام کو بار بار آنے والے سیلاب کی تباہ کاریوں سے بچانے کے لیے درکار تمام ضروری اقدامات، انفرااسٹرکچر کی ترقی کو تیز کیا جانا چاہیے۔ اس موقع پر آرمی چیف نے عوامی فلاح و بہبود کے لیے کیے گئے تمام اقدامات کی حمایت کے حوالے سے پاک فوج کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ بھی کیا۔ آرمی چیف سید عاصم منیر نے محفوظ مقامات پر منتقل کیے گئے سیلاب متاثرین سے بھی ملاقات کی اور متاثرین کو دوبارہ آبادکاری اور بحالی میں مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ فیلڈ مارشل نے ریلیف آپریشنز میں مصروف فوجی جوانوں، ریسکیو 1122 کے اہلکاروں اور پولیس افسروں سے بھی ملاقات کی اور ان کے بلند حوصلے، تیاری اور انتہائی مشکل حالات میں قوم کی خدمت کے جذبے کو سراہا۔

بقیہ 6 ملاقات

اس اہم ترین ملاقات میں صدر ٹرمپ کے ہمراہ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو اور اسٹیو وٹکوف بھی شریک تھے۔ تاحال اس اہم ملاقات کی تفصیلات جاری نہیں کی گئیں اور نہ ہی ملاقات کے دوران ہونے والی گفتگو سے متعلق کچھ بتایا گیا ہے۔ تاہم اس ملاقات کے بعد امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے وزیر خارجہ مارکو روبیو کو اسرائیل جانے کی ہدایت کی ہے جہاں وہ نیتن یاہو کو خصوصی پیغام پہنچائیں گے۔

بقیہ 7 اظہار تشکر

اویس لغاری نے کہا کہ وزیراعظم نے سیلاب متاثرہ علاقوں میں اگست کے بجلی بل معاف کردیے ہیں وزیراعظم کے بروقت اور عوام دوست فیصلے پر شکر گزار ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پاور ڈویژن اس پر فوری عملدرآمد یقینی بنائے گا جبکہ جمع شدہ رقوم واپس ہوں گی۔

بقیہ 8 تبادلہ خیال

کیا گیا، فریقین نے دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اور امریکا کے درمیان مختلف شعبوں میں تعاون پر بھی بات چیت ہوئی۔

بقیہ 9 سردار سرفراز

بڑا ہونے کے ناطے انہیں سمجھا رہا تھا، میری بات کو سیاق و سباق سے ہٹ کر پیش کر کے طوفان کھڑا کر دیا گیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر نے ایک کیس کی سماعت کے دوران گزشتہ روز کمرہ عدالت میں ایمان مزاری ایڈووکیٹ کے ساتھ تلخ کلامی والے واقعے کی وضاحت کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ ایمان مزاری میری بیٹیوں کی طرح ہے، میں کل اسے سمجھا رہا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ میں نے کہا آپ میرے فیصلوں سے اختلاف کرسکتی ہیں

بقیہ 10 چیف جسٹس

ہے تاکہ قانون کی حکمرانی کو برقرار رکھا جاسکے، عدلیہ کو انصاف کی فراہمی کے سفر میں چیلنج کا سامنا ہے۔ مظفرآباد میں ایک عدالتی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس نے کہا کہ پاکستان اور آزاد جموں و کشمیر کے درمیان عدالتی بھائی چارے کی روح دیکھنا خوش آئند ہے اور انہوں نے سپریم کورٹ کی جانب سے اے جے کے عدلیہ کو مکمل آئینی اور ادارہ جاتی تعاون فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ میں اپنے برادر جج صاحبان اور اے جے کے، کے محترم بار ممبران سے پرخلوص اپیل کرتا ہوں کہ مستقبل کی پیش رفت کے لیے 3 بنیادی اصول ہمیشہ ذہن میں رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ سب سے پہلے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ نہ تو ہم جو بینچ پر بیٹھے ہیں اور نہ ہی معزز بار کے وہ ارکان جو کٹہرے میں کھڑے ہیں، بلکہ مقدمہ لانے والا فریق (سائل) ہے جس کا مفاد ہمیشہ مقدم رہنا چاہیے۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے مزید کہا کہ دوسرا اصول یہ ہے کہ بینچ اور بار کے تعلقات ہمیشہ خوشگوار، تعمیری اور سنجیدہ ہونے چاہئیں۔ چیف جسٹس نے زور دیتے ہوئے کہا کہ یاد رکھیں، ان دونوں ستونوں کے درمیان ہم

امن و ترقی حکومت و عوام کے درمیان تعاون کے ذریعے حاصل کیا جاسکتا ہے، گورنر

عوام کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے جس کو ہر صورت میں یقینی بنانا ہوگا، شیخ جعفر خان مندوخیل

بلوچستان کے مقصد کو حاصل کرنے کیلئے موثر پالیسنگ بہت ضروری ہے، آئی جی بلوچستان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ہوم سے بھی گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات 16 اکتوبر کو ہونگے

اسلام آباد (آئی این پی) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخاب 16 اکتوبر کو منعقد ہوں گے ...

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خان ملاقات کررہے ہیں

2026 میں شنگھائی تعاون تنظیم کا اجلاس پاکستان میں ہوگا، سینیٹر محمد عبدالقادر

یہ پاکستان کے لئے باعث اعزاز ہے، میزبانی کے لیے بروقت تیاریاں مکمل کرنا ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے اپنے ایک خصوصی بیان میں کہا ہے کہ پاکستان 2026 میں منعقد ہونے والے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے اجلاس کی میزبانی کرے گا جس کیلئے حکام کو ابھی سے تیاری شروع کرنا ہوگی۔ شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس کی میزبانی پاکستان کے لئے فخر اور اعزاز کی بات ہے .... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت نظریاتی ایک فکری، دینی اور نظریاتی تحریک ہے، قاری مہر اللہ

عوام کی خدمت اور اسلام کی سربلندی کی جدوجہد جمعیت نظریاتی کی منشور کا حصہ ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی کے صوبائی مولانا قاری مہر اللہ مرکزی ترجمان سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی ضلعی کنونیئر مولانا محمد ابراہیم ناظم دوم حاجی نادر خان اچکزئی صوبائی ترجمان رحمت اللہ حقانی ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا صالح محمد سجاد ملا عبدالصمد اخند ضلعی صدر حافظ امین اللہ مولانا سعید الرحمن ثناء اللہ اچکزئی و دیگر علما کرام اور قبائلی عمائد .... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

رات 10 بجے گیس کی بندش کا فی الفور نوٹس لیا جائے، جمعیت

بھاری بھرکم بلوں کا بوجھ اور متبادل ایندھن کے اخراجات نے عوام کی زندگی اجیرن کردی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی مولانا سعید احمد مولانا مفتی عبدالباقی بڑیچ مولانا محمد اکبر مینگل مولانا مفتی محمد رضا خان مولانا محمد عثمان پرکانی مولانا حافظ احمد جان ساسولی مولانا قاری نظر محمد حقانی مولانا حاجی محمد عیسیٰ مولانا عبدالمجید امین جان رند ملک .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور ان کا کزن شہید مجیب الاسلم کے والد محمد اسلم اور سرفراز خان کے ہمراہ گروپ فوٹو

پاکستان کے موجودہ حالات آئین معطل ہونے کے مترادف ہیں، مالک بلوچ

سیاسی جمہوری عمل کو روکنے اور سیاسی جماعتوں کو دیوار سے لگانے کی منفی پالیسی کو بروئے کار لایا گیا ہے، سربراہ نیشنل پارٹی

کامریڈ غفار قمبرانی نے عزم و ہمت سے غیر قانونی و بلاجواز قید کی صعوبتیں برداشت کیں، خراج تحسین پیش کرتا ہوں، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے سربراہ نے کہا کہ سیاسی کارکن کی پختگی و سنجیدگی میں فکری نشستوں سیاسی تسلسل اور قید و بند کی صعوبتوں نے اہم کردار ادا کیا۔ حقیقی سیاسی کارکن اپنی شعوری و نظریاتی میراث سے وابستہ ہو کر سختیاں و مشکلات برداشت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے اکابرین نے سالوں کے حساب سے جیلوں میں بند رہے لیکن کمنٹمنٹ سے پیچھے نہ ہٹے۔ نہرو سے لیکر گل خان نصیر تک کتاب لکھنا، پڑھنا اور شاعری بھی جیلوں میں ہوتی رہی۔ نیشنل پارٹی کے سربراہ نے کہا کہ 2 ستمبر کے سانحے کے خلاف 8 ستمبر کو نیشنل پارٹی سمیت دیگر .... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، پشتونخوامیپ کے چیئرمین محمود خان اچکزئی سے پارٹی خیبر پشتونخوا کے صوبائی صدر ڈاکٹر محمد علی، میر کلام وزیر اور دیگر ملاقات کررہے ہیں

عوامی نمائندوں کا اولین فریضہ حلقہ انتخاب کے مسائل حل کرنا ہے، علی مدد جتک

ایم پی اے فنڈ ووٹرز کی امانت انہیں نیک نیتی کے ساتھ عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کریں گے، رکن صوبائی اسمبلی

ترقیاتی کاموں کی بروقت تکمیل کے بعد عوام کو ریلیف میسر، منصوبے معیار و شفافیت کی بنیاد پر مکمل کئے جارہے ہیں، رہنما پی پی

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی اسمبلی کے رکن اور پیپلز پارٹی کے رہنما حاجی علی مدد جتک کی جانب سے ایم پی اے فنڈ سے سریاب مل کالونی اور گل حسین آباد میں مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام زور و شور سے جاری ہے ان منصوبوں میں سڑکوں کی تعمیر، نکاسی آب کے نظام کی بہتری، گلیوں کی پختگی اور عوامی سہولیات کی فراہمی کے دیگر اقدامات شامل ہیں اس موقع پر حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ عوامی نمائندوں پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ اپنے حلقے کے عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائیں انہوں نے کہا کہ ایم پی اے فنڈ عوام کی ا........ بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر میر سلیم احمد کھوسہ سے صادق عمرانی اور نوابزادہ زرین خان مگسی ملاقات کررہے ہیں

اسلام آباد انسانی اسمگلنگ میں ملوث 4 خطرناک ملزمان گرفتار

گروہ شہریوں کو ملازمت کا جھانسہ دے کر اغواء، تشدد اور جبری مشقت پر مجبور کرتا

راولپنڈی (زاہد احمد خان) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) اسلام آباد زون نے انسانی اسمگلنگ کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران بین الاقوامی سطح پر سرگرم ایک اہم گروہ کو بے نقاب کرتے ہوئے چار انسانی ٹریفکرز کو گرفتار کر لیا۔ یہ گروہ کمبوڈیا میں پاکستانی شہریوں کو ملازمت کا جھانسہ دے کر اغواء، تشدد اور جبری مشقت پر مجبور کرتا تھا۔ .... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

چاغی: نامعلوم افراد نے آبنوشی اسکیم کی پائپ لائن کو آگ لگادی

منصوبہ 84 کروڑ روپے کی لاگت سے جاری تھا، نقصان کا تخمینہ لگایا جارہا ہے، پی ایچ ای

عوامی منصوبوں کو نقصان پہنچانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، تلاش جاری ہے، پولیس

چاغی (آن لائن) چاغی نامعلوم افراد نے 84 کروڑ روپے کی لاگت سے جاری آب نوشی اسکیم کی پائپ لائن کو آگ لگا دی تحصیل چاغی میں نامعلوم افراد نے عوامی فلاح و بہبود کے منصوبے کو نشانہ بناتے ہوئے 84 کروڑ روپے کی لاگت سے جاری آب نوشی اسکیم کی پائپ لائن کو آگ لگا دی۔ یہ منصوبہ تحصیل چاغی کے عوام کو گھروں تک صاف و شفاف پانی........ بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

اے سی چمن امتیاز علی بلوچ غیر قانونی افغان باشندوں کے انخلاء کے سلسلے میں کارروائی کررہے ہیں

خطے میں پائیدار امن کیلئے مذاکرات و تجارتی سرگرمیاں ناگزیر ہیں، علی امین گنڈاپور

دہشتگردی کا خاتمہ ضروری 'پاک افغان تجارتی تعلقات میں وسعت دونوں ممالک کے عوام کے حق میں ہے' وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کا دورہ افغان سفارتخانہ 'پاکستان میں تعینات سفیر سردار احمد شکیب سے ملاقات' باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (اے این این) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے افغان سفارتخانے کا دورہ کیا اور پاکستان میں تعینات افغان سفیر سردار احمد شکیب سے ملاقات کی اس موقع پر وزیراعلیٰ کے مشیر برائے اطلاعات بیرسٹر محمد علی سیف اور ایم این اے فیصل امین گنڈاپور بھی ان کے ہمراہ تھے ملاقات میں وزیراعلیٰ نے افغانستان میں حالیہ زلزلے سے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اور خیبر پختونخوا کے عوام مشکل کی اس گھڑی میں افغان........ بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد سعید کی ملاقات

ملاقات میں صوبے میں توانائی کے مسائل اور جاری برقی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ محمد سعید نے کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ملاقات میں صوبے میں توانائی کے مسائل اور جاری برقی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران گوادر سمیت بلوچستان کے سرحدی علاقوں میں قومی گرڈ اسٹیشن سے بجلی کی فراہمی کے امور پر بات چیت ہوئی۔ اس کے ساتھ .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

سول ججز کی سینئر سول جج کے عہدوں پر ترقیاں

ترقیاں چیف جسٹس بلوچستان کی سربراہی میں پروموشن کمیٹی کی سفارش پر ہوئیں

کوئٹہ (خ ن) عدالت عالیہ بلوچستان نے عدالتی مجسٹریٹس/سول ججز (18-BPS) کو ترقی دیتے ہوئے سینئر سول جج (19-BPS) کے عہدے پر تعینات کردیا ہے۔ چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان کی منظوری سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ترقی پانے والوں میں درج ذیل افسران شامل ہیں۔ شاہ منظور کھوسہ، شاہ نواز، جنید نواز خان، راقیہ خا........ بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

ہونہار طلبا صوبے کا قیمتی سرمایہ ہیں، ہر ممکن معاونت کرینگے، وزیراعلیٰ

ایف ایس سی میں پہلی پوزیشن لینے والے عبدالمعین جیسے طلبا پورے صوبے کا فخر ہیں

آئندہ 16 برس اسکے تمام تعلیمی اخراجات صوبائی حکومت برداشت کرے گی، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ایف ایس سی امتحانات میں صوبے بھر میں اول پوزیشن حاصل کرنے والے ہونہار طالبعلم سید عبدالمعین کو شاندار کامیابی پر مبارکباد دی اور ان کے لئے خصوصی انعام کا اعلان کیا ہے۔ سید عبدالمعین نے وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ نے طالبعلم کو کامیابی کو سراہتے ہوئے کہا کہ .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

9 مئی، جج کی گاڑی جلانے کا کیس، مجرموں کو 48 برس قید کی سزائیں

عمر سرفراز چیمہ، ڈاکٹر یاسمین راشد، میاں محمود الرشید اور اعجاز چوہدری سزائیں ایک ساتھ کاٹنا ہونگی، فیصلہ 125 صفحات پر مشتمل

صنم جاوید، محمد صدیق، طیب علی، سید فیصل و دیگر کے دائمی وارنٹ گرفتاری جاری، خدیجہ شاہ سمیت 14 مجرموں کی گرفتاری کا حکم

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور میں انسداد دہشت گردی کی عدالت نے 9 مئی 2023 کو سپریم کورٹ کے جج کے اسکواڈ کی گاڑی جلانے کے کیس کا تفصیلی فیصلہ جاری کردیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج منظر علی گل نے 125 صفحات کا تفصیلی فیصلہ جاری کیا ہے جس میں عدالت نے صنم جاوید، محمد صدیق، طیب علی، سید فیصل اختر اور ظریف خان کے دائمی وارنٹ گرفتاری جاری کردیے۔ عدالت نے سزا کے روز پیش نہ ہونے پر خدیجہ شاہ سمیت 14 مجرموں کی گرفتاری کا حکم دے دیا۔ عدالت نے عمر سرفراز چیمہ، ڈاکٹر یاسمین .... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

بے نظیر بھٹو کے بھائی میر مرتضیٰ بھٹو کی 29 ویں برسی 20 ستمبر کو منائی جائے گی

جہانیاں (آن لائن) سابق وزیراعظم محترمہ بے نظیر بھٹو کے بھائی میر مرتضیٰ بھٹو کی 29 ویں برسی 20 ستمبر کو منائی جائے گی۔ میر مرتضیٰ بھٹو 18 ستمبر 1954 کو کراچی میں پیدا ہوئے انہیں 20 ستمبر 1996 کو کراچی میں ہی ذوالفقار علی بھٹو کی رہائش گاہ 70 کلفٹن کے قریب فائرنگ کرکے ہلاک کردیا گیا تھا۔

مسافر کی طبیعت ناساز، دبئی جانے والی پرواز کی کراچی ایئرپورٹ پر ہنگامی لینڈنگ

کراچی (آئی این پی) اسلام آباد سے دبئی جانے والی نجی ایئرلائن کی پرواز میں مسافر کی طبیعت خراب ہونے کے بعد ہنگامی لینڈنگ کرنا پڑ گئی۔ ذرائع کے مطابق کپتان نے کراچی ایئرپورٹ کے ایئر ٹریفک کنٹرولر سے رابطہ کیا اور طیارے کی لینڈنگ کی اجازت طلب کی۔ ذرائع کا کہنا ہے

بیراجز پر پانی کا دباؤ کم، سیلاب کی صورتحال میں بہتری، معین وٹو

دریاؤں میں پانی کی سطح معمول پر، امدادی کارروائیاں جاری ہیں، فیڈرل فلڈ کمیشن

سلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے آبی وسائل معین وٹو نے آج ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ پنجاب کے بیراجز پر پانی کا دباؤ اب کم ہوتا جا رہا ہے، اور سیلاب کی صورتحال میں بتدریج بہتری آ رہی ہے۔ وزیراعظم نے اس حوالے سے سیلاب کی صورتحال کی خود نگرانی کرنے کی ہدایات جاری کی ہیں اور وفاقی حکومت کی تمام مشینری اس وقت امدادی کا........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

پولیس کے لاہور سمیت صوبہ بھر میں سرچ، سویپ، کومبنگ آپریشنز

462 کومبنگ آپریشنز، 12 ہزار 733 سے زائد مشتبہ افراد کی چیکنگ

لاہور (آن لائن) پنجاب پولیس کے لاہور سمیت صوبہ بھر میں سرچ، سویپ اور کومبنگ آپریشنز جاری ہیں جس کے تسلسل میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 462 کومبنگ آپریشنز، 12 ہزار 733 سے زائد مشتبہ افراد کی چیکنگ اور 47 مشکوک افراد حراست میں لئے گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ 27 سرچ اینڈ سویپ........ بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

سندھ میں 41 لاکھ بچیوں کو سروائیکل لگانے کی مہم چلائی جائیگی، سعید غنی

سروائیکل کینسر سے بچا کی یہ ویکسین ابھی مفت لگوائی جارہی ہے، وزیر بلدیات

کراچی (آئی این پی) وزیر بلدیات سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ صوبہ سندھ میں 41 لاکھ بچیوں کو سروائیکل ویکسین لگوائی جائے گی، یہ مہم 15 سے 27 ستمبر تک جاری رہے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کے روز ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ساؤتھ کے تحت منعقدہ "ایڈووکیسی سیمینار برائے ایچ پی وی ویکسینیشن" .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

اپنے بہن بھائیوں کا دفاع کرنے سے بھی قاصر ہیں: احسن اقبال

جو جدید ذہن ہے وہ مذہب سے نہیں جڑ رہا، اس پر مغرب کے اثرات زیادہ ہیں

لاہور (آئی این پی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ آج مغرب کے عوام ایک جگہ ہیں اور غزہ کے عوام بے بس ہیں، ہم اتنے حقیر کیوں ہوگئے کہ آج اپنے بہن بھائیوں کا دفاع کرنے سے بھی قاصر ہیں۔ لاہور میں نیشنل ویمن سیرت کانفرنس میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اللہ نے توفیق دی کہ آج ذکر مصطفیٰ میں مجھے شریک........ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان اور بشریٰ بی بی کے حق میں اقوام متحدہ کو ہنگامی اپیل

اپیل بیٹوں اور بشریٰ بی بی کی جانب سے اب کی بہن نے پیش کی ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے لیے بین الاقوامی قانونی ٹیم نے اقوام متحدہ کے اسپیشل رپورٹر برائے تشدد کے سامنے ایک ہنگامی اپیل دائر کردی ہے۔ ترجمان تحریک انصاف پنجاب علی عمران کے مطابق یہ اپیل بانی پی ٹی آئی کی جانب سے ان کے بیٹوں قاسم خان اور سلیمان خان نے جمع کرائی ہے، جب کہ بشریٰ بی........ بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

جیسے چھ رافیل گرائے ویسے ہی ٹیم میچ جیتے گی، شوبز شخصیات

ایشیا کپ کے پاک بھارت ہائی وولٹیج ٹاکرے پر قومی ٹیم کیلئے نیک خواہشات

کراچی (م ز) ایشیا کرکٹ کپ 2025 کے ہائی وولٹیج ٹاکرے سے قبل شوبز شخصیات نے قومی ٹیم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان اور بھارت کے درمیان ایشیا کپ کا ہائی وولٹیج ٹاکرا آج دبئی کے اسٹیڈیم میں ہوگا جس میں شائقین اپنی اپنی ٹیموں کی جیت کے خواہش مند ہیں۔ معرکہ حق میں پاکستان کی شاندار فتح .... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

آئی ایم ایف کا سیلاب سے متعلق اخراجات کا جائزہ لینے کا فیصلہ

ریلیف کے اقدامات، بحالی اور بجٹ ترجیحات پر رپورٹ تیار کی جائے گی

اسلام آباد (م ز) عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) نے ملک میں تباہ کن سیلاب سے ہونے والے جانی نقصان پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ قرض پروگرام کے جائزہ مشن میں دیکھا جائے گا کہ آیا حکومت کی مالیاتی پالیسی اور ہنگامی اقدامات اس بحران سے موثر طور پر نمٹ سکتے ہیں یا نہیں۔ غیر ملکی خبررساں ادارے "رائٹرز" کے مطابق........ بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

سدرہ قتل کیس، عدالت کا مقتولہ کے والدہ، بہنوں، گرفتار کرکے پیش کرنے کا حکم

راولپنڈی کے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے چالان سماعت کے لیے منظور کر لیا

راولپنڈی (آئی این پی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے غیرت کے نام پر قتل ہونے والی سدرہ بی بی کے کیس میں مفرور ملزمان مقتولہ کی والدہ، بہنوں، ساس، بھابھی اور چچا کو گرفتار کرکے پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ راولپنڈی کے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج عابد رضوان عابد نے غیرت کے نام پر قتل ہونے والی 17 سالہ سدرہ بی بی کیس کی سماعت کی اور چالان سماعت کے .... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

بریڈفورڈ، یوم دفاع اور معرکہ حق کی تقریب کا انعقاد

افواج پاکستان کو خراج تحسین کیا گیا، ملی نغمے پیش کئے گئے

بریڈفورڈ (این این آئی) بریڈفورڈ میں یوم دفاع اور معرکہ حق کی مناسبت سے شاندار تقریب کا انعقاد ہوا، جس میں چیئرمین اور سینئر پاکستانی فاؤنڈیشن سید قمر رضا کے اعزاز میں پروقار ظہرانے کا بھی اہتمام کیا گیا، جس کے میزبان پیپلز پارٹی برطانیہ کے انفارمیشن سیکریٹری زاہد قفل (ستارہ امتیاز) تھے۔ تقریب میں رکن برطانوی پارلیمنٹ عمران حسین........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

قائم مقام صدر کا فورسز کی کامیاب کارروائیوں پر خراج تحسین

سکیورٹی فورسز کی قربانیاں تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی جائیں گی، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (آئی این پی) قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی اور قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے صوبہ خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں، خصوصاً جنوبی وزیرستان، باجوڑ اور دیگر حساس مقامات پر سکیورٹی فورسز کی جانب سے دہشت گردوں کے خلاف کی جانے والی موثر اور کامیاب کارروائیوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ قائم مقا........ بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان تحریک انصاف میں تنظیمی عہدوں میں تبدیلیوں کا سلسلہ جاری

میاں عباد فاروق کو عہدے سے ہٹا کر حسن شکیل کو صدر یوتھ ونگ نامزد کر دیا

لاہور (آئی این پی) پاکستان تحریک انصاف میں تنظیمی عہدوں میں تبدیلیوں کا سلسلہ جاری ہے جب کہ پی ٹی آئی صدر لاہور کے بعد صدر سینٹرل پنجاب یوتھ ونگ کو بھی تبدیل کردیا گیا۔ پی ٹی آئی نے میاں عباد فاروق کو عہدے سے ہٹا کر حسن شکیل کو صدر یوتھ ونگ سینٹرل پنجاب نامزد کردیا۔ ذرائع نے کہا کہ عباد فاروق کے رویے پر متعدد سینئر رہنماؤں کو........ بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

اوباڑو اور گھوٹکی کا کچا زیر آب آنے کا خدشہ، الرٹ جاری

گڈو بیراج پر پانی تیزی سے بڑھ رہا ہے، 7 لاکھ کیوسک پانی سندھ میں داخل ہوگا

کراچی (آئی این پی) سندھ کے دو اضلاع اوباڑو اور گھوٹکی کا کچا زیر آب آنے کا خدشہ ہے اور اس سلسلے میں انتظامیہ نے الرٹ بھی جاری کر دیا۔ ڈپٹی کمشنر گھوٹکی منظور احمد کنرانی نے کچے کے رہائشیوں سے محفوظ مقامات پر منتقل ہونے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ گڈو اور سکھر بیراج سے پانی کا بڑا ریلا گزرنے کا امکان ہے۔ منظور احمد کنرانی نے کہا کہ کچے کے .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

سرمایہ کاری کے نام پر شہریوں کو لوٹنے والے گروہ کا رکن گرفتار

ملزمان شہریوں سے ڈاؤن پیمنٹ وصولی کے بعد گاڑیاں دینے کا جھانسہ دے رہے تھے

لاہور (آئی این پی) لاہور میں سستی گاڑیوں اور سرمایہ کاری کے نام پر شہریوں کو لوٹنے والے گروہ کا رکن گرفتار کرلیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق ترجمان ایف آئی اے نے کہا کہ سرباز گروہ 37 شہریوں سے 4 کروڑ 51 لاکھ روپے سے زائد وصول کر چکا ہے، ملزم زبیر کو ایف آئی اے کارپوریٹ کرائم سرکل لاہور نے گرفتار کیا۔ ملزم راحل بلیو انٹرپرائز پرائیویٹ .... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

مستونگ میں ریلوے ٹریک پر دھماکہ، دیگر واقعات میں 3 افراد جاں بحق

ریلوے ٹریک دھماکے میں کوئی نقصان نہیں ہوا، لیویز فورس اور ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا

قلعہ عبداللہ سے لاپتہ احمد اللہ کی بوری بند لاش کوشک کے مقام سے برآمد، گزشتہ 6 ستمبر کو اغوا کیا گیا تھا

تربت میں فائرنگ سے عبدالغفار قتل، ملزمان فرار ہونے میں کامیاب، کیرتھر کینال سے سکھر کے رہائشی 26 سالہ نوجوان کی لاش برآمد

اندرون بلوچستان (نیوز ایجنسیاں + نامہ نگار) مستونگ کے علاقے ... ریلوے ٹریک ... دھماکہ ... سیکورٹی فورسز نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا ... خوف و ہراس پھیل گیا ... عبداللہ .... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد سعید ملاقات کررہے ہیں

احتجاجی مظاہروں اور اجتماعات میں شرکت پر عوام کے مشکور ہیں، پی کے نیپ

پشتون قومی اہداف کے حصول کے ساتھ ملک میں آئین کی بالادستی کیلئے جدوجہد جاری رہے گی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں پشتونخوا وطن اور جنوبی پشتونخوا کے تمام اضلاع کے عوام کا ... شٹر ڈاؤن ہڑتال کو کامیاب بنانے، سیاسی رہنماؤں و کا .... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

لیاقت بلوچ جماعت اسلامی پاکستان کے قائم مقام امیر مقرر

لاہور (آن لائن) لیاقت بلوچ جماعت اسلامی پاکستان کے قائم مقام امیر مقرر، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن تین روزہ دورے پر ملائشیا روانہ ہوگئے۔ اپنی عدم موجودگی کے دوران انہوں نے نائب امیر لیاقت بلوچ کو قائم مقام امیر مقرر کیا ہے۔ لیاقت بلوچ نے منصورہ میں منعقدہ ایک سادہ تقریب میں قائم مقام امیر جماعت اسلامی پاکستان کا حلف اٹھا کر اپنی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں

حکومتی اقدامات بدامنی میں اضافے کا سبب ہیں، جماعت اسلامی

بلوچستان کے عوام پر تجارت، روزگار، تعلیم اور ترقی کے دروازے بند ہیں، مولانا ہدایت الرحمن

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ حکومتی اقدامات بدامنی میں اضافے کا سبب بن رہے ہیں ہم کب ترقی و امن سے محروم رہیں گے اور لاشیں اٹھاتے رہیں گے، مذاکرات کی بجائے طاقت کا ہے........ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

بولان: لوڈ ٹرک الٹنے سے ٹریفک معطل

کوئٹہ (آن لائن) بولان کے علاقے میں ریلوے پل کے قریب کوئٹہ سبی شاہراہ پر شاہی سے لوڈ ٹرک الٹنے سے ہر قسم کی ٹریفک معطل ہوگئی جس سے کئی گھنٹوں تک ٹریفک جام رہنے کی وجہ سے ٹرانسپورٹروں، مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ سبی قومی شاہراہ پر بولان میں دوزان کے مقام پر شاہی سے لوڈ ٹرک ریلوے پل کے نیچے الٹنے سے راستہ بند ہوگیا جس سے گاڑیوں کی آمد و رفت معطل ہوگئی اور کئی گھنٹوں تک راستہ بند ہونے کی وجہ سے بولان میں قومی شاہراہ پر چھوٹی بڑی اور مال بردار گاڑیوں کی لمبی لمبی قطاریں لگ گئیں

نبی کریم کی تعلیمات کے مطابق ہمیں زندگی کو ڈھالنا ہوگا، مفتی منیب الرحمن

اخوت و بھائی چارے کو فروغ دیکر ہی دنیا و آخرت میں خیر و برکت پاسکتے ہیں، خطاب

کراچی (آئی این پی) مفتی اعظم پاکستان مفتی منیب الرحمن، مفتی جان نعیمی اور ظفر جھنڈیر نے کہا ہے کہ حضور پاک ﷺ کی نورانیت اور انکی نورانی تعلیمات آخرت میں ہم گناہ گاروں کے لیے شفاعت کی ضامن بنیں گی ہمیں اس بات پر فخر ہونا چاہیے کہ ہم .... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر کے پی کارروائیوں میں خوارج کو ہلاک کرنے پر فورسز کو خراج تحسین

قیام امن کیلئے شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، افیصل کریم کنڈی

اسلام آباد (آئی این پی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے خیبر پختونخوا کے اضلاع باجوڑ اور جنوبی وزیرستان میں دہشتگردوں کے خلاف کارروائیوں میں 35 خوارج کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ہفتہ کو گورنر آفس .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے میر سلیم احمد کھوسہ و دیگر ملاقات کررہے ہیں

نوجوان مایوس، اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے باوجود بیروزگار ہیں، مولانا عبدالواسع

امن و امان کی بگڑتی صورتحال، بڑھتی بیروزگاری اور حکومتی بے حسی نے نوجوانوں کے خوابوں کو مجروح کیا، صوبائی امیر جمعیت

بلوچستان کے مسائل محض وقتی اعلانات سے حل ہونے والے نہیں اس کیلئے غیر معمولی فیصلے، ٹھوس اقدامات، جامع پالیسی درکار ہے، آغا محمود شاہ

کوئٹہ (این این آئی) امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان اس وقت شدید مایوسی اور اضطراب کا شکار ہیں امن و امان کی بگڑتی صورتحال، بڑھتی ہوئی بے روزگاری اور حکومتی بے حسی نے نوجوانوں کے خوابوں اور امیدوں کو مجروح کیا یہ ایک سنگین المیہ ہے کہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے باوجود نوجوان روزگار سے محروم ہیں اور بے بسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں انہوں نے کہا کہ نوجوان کسی بھی ملک و قوم کا سب سے بڑ........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

جنگل پیر علیزئی ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی کی خصوصی ہدایت پر لیویز فورس قلعہ عبداللہ کے رسالدار میجر زین اللہ خان کی سربراہی میں پولیس اور ایف سی فورس غیر قانونی افغان مہاجرین کے خلاف آپریشن کررہے ہیں

صوبے کی قیمتی معدنیات پر صرف پشتون، بلوچ اقوام کا حق ہے، پشتونخوا میپ

وفاقی حکومت کو معدنی ذخائر کا سودا کرنے کا کوئی اختیار حاصل نہیں، پشتون بلوچ اقوام اس وطن کی محافظ ہیں

ملک میں سرمایہ کاری کے وہ معاہدے قبول ہوں گے جن کا فیصلہ اقوام و عوام کے حقیقی منتخب نمائندے کریں گے، مرکزی بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوامیپ کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں امریکی سامراجی کمپنیوں کیساتھ پشتونخوا اور بلوچستان کی نایاب معدنیات کی کان کنی اور نیلامی کے معاہدوں کو سراسر خلاف آئین اور پشتون و بلوچ اقوام کی قومی اور ملکی مفادات کے سراسر منافی قرار دیتے ہوئے اسے مسترد کیا ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوا وطن اور بلوچستان کی تمام نایاب معدنیات اور سونا، تانبا کی قسموں ہر قسم کی بیش قیمت معدنیات اور قدرتی وسائل کے تمام ذخائر کے مالک پشتون اور بلوچ اقوام ہیں پاکستان کے آئین کی اٹھارویں ترمیم میں........ بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی خانہ فرہنگ ایران بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کی جانب سے بلوچستان ویمن امپاورمنٹ ایکسپو و فوڈ گالا کے اسٹالز کا معائنہ کررہی ہیں

"انشاء جی اٹھو اب کوچ کرو، اس شہر میں جی تو لگانا کیا"

استاد امانت علی خان کی 51 ویں برسی 17 ستمبر کو منائی جائے گی

جہانیاں (آن لائن) "انشاء جی اٹھو اب کوچ کرو، اس شہر میں جی تو لگانا کیا"۔ پٹیالہ گھرانے کے نامور کلاسیکل گلوکار استاد امانت علی خان کی 51 ویں برسی 17 ستمبر کو منائی جائے گی۔ صدارتی ایوارڈ یافتہ استاد امانت علی خان 1932ء میں شام چوراسی کے پٹیالہ خاندان میں پیدا ہوئے۔ تقسیم ہند کے بعد استاد امانت علی خان نے لاہور .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

گلے کے انفیکشن، امراض درد اور الرجی کی یہ دوائیں ہرگز نہ استعمال کریں! الرٹ جاری

لاہور (آئی این پی) ڈریپ نے امراض معدہ، گلے اور فنگل انفیکشن، امراض درد، جوڑ و سوزش اور الرجی کی 17 ادویات کے حوالے سے الرٹ جاری کردیا۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب ڈرگ کنٹرول ڈائریکٹوریٹ نے جعلی ادویات تیار اور فروخت کرنے والوں کے خلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کیا

اے این پی اصولوں کی سیاست پر یقین رکھتی ہے، انجینئر زمرک اچکزئی

باچا خان کی نقش و قدم پر چلتے ہوئے اصولوں سے پیچھے نہیں ہٹیں گے، رکن صوبائی اسمبلی

حلقے میں ریکارڈ ترقیاتی کاموں سے علاقے کی حالت تبدیل ہو رہی ہے، سعد اللہ خیلواک سے گفتگو

میزئی اڈہ (نامہ نگار) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما ایم پی اے انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ اے این پی اصولوں کی سیاست پر یقین رکھتی ہے فخر افغان باچا خان کی نقش و قدم پر چلتے ہوئے پشتونوں کی حقوق کے تحفظ سے کسی صورت پیچھے نہیں ہٹیں گے ہم نے پہلے بھی پاکستان بھر میں پشتونوں کی حقوق کی بات کی تھی اب بھی کرتے رہیں گے فخر افغان .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

نیپال سیاسی کشیدگی کے باعث بلائنڈ ویمنز ورلڈکپ کی میزبانی نہیں کرے گا

نئی دہلی (آئی این پی) بھارتی میڈیا کی جانب سے دعویٰ کیا جارہا ہے کہ نیپال سیاسی کشیدگی کے باعث بلائنڈ ویمنز ورلڈکپ کی میزبانی نہیں کرے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پہلا بلائنڈ کرکٹ ورلڈکپ بھارت اور نیپال میں شیڈول ہے، پاکستان نے اپنے تمام میچز نیپال میں کھیلنے تھے۔ نئے وینیو کے انتخاب کیلئے ورلڈ بلائنڈ کرکٹ ایسوسی کا اجلاس پیر کو طلب کرلیا گیا

نئے گیس کنکشن کے خواہشمند صارفین کے لیے بڑی خبر

کوئٹہ (آئی این پی) گیس کے نئے کنکشن حاصل کرنے کے خواہشمند صارفین کے لیے اہم خبر آگئی، کن صارفین کو سب سے پہلے کنکشن دیے جائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق وزارت پٹرولیم کے ذرائع کی جانب سے کہا گیا ہے کہ ملک بھر میں نئے گیس کنکشنز آر ایل این جی پر دیے جائیں گے۔ وزارت پٹرولیم کے نے کہا کہ آر ایل این جی کی قیمت بین الاقوامی خام تیل کے نرخوں سے منسلک ہے

محسن نقوی کا دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے لوئر دیر میں 10 بھارتی سپانسرڈ دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین جبکہ دہشتگردوں کے خلاف بہادری سے لڑتے ہوئے شہید ہونے والے 7 سکیورٹی جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔

ہراسانی اور بلیک میلنگ کے الزام میں 2 یوٹیوبرز گرفتار

حیدرآباد (آئی این پی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے ہراسانی اور بلیک میلنگ کے الزام میں 2 یوٹیوبرز کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے کارروائی کرتے ہوئے ہراسانی اور بلیک میلنگ کے الزام میں سانگھڑ سے 2 یوٹیوبرز کو گرفتار کرلیا

عباسی شہید ہسپتال میں لفٹ کو حادثہ، صحافی بال بال بچ گئے

کراچی (آئی این پی) عباسی شہید ہسپتال میں لفٹ کو حادثہ پیش آ گیا، صحافی بال بال بچ گئے۔ لفٹ تیسری منزل سے پہلی منزل پر آ کر گری، لفٹ اٹکنے کی وجہ سے صحافی محفوظ رہے۔ مختلف نجی چینلز کے کیمرہ مین اور خاتون صحافی بھی لفٹ میں سوار تھی، لگی ہوئی لفٹ کا دروازہ کھول کر متاثرین کو نکالا گیا۔

چاغی، نامعلوم افراد کی جانب سے آب نوشی اسکیم کی پائپ لائن کو جلانے کے بعد آگ کے شعلے بلند ہورہے ہیں

حکمران آئی ایم ایف کی پالیسیوں پر عمل پیرا، قوم کا خون نچوڑ رہے ہیں، جمعیت نظریاتی

ملک میں معاشی استحکام پیدا کرنے کے دعوے جھوٹے نکلے بھرمار ٹیکسز اور مہنگائی سے قوم کی امیدوں پر شب خون مارا جارہا ہے 'مولانا عبدالقادر لونی

ایک طرف مہنگائی دوسری طرف بجلی و گیس کی قیمتوں میں اضافے نے لوگوں کو نان شبینہ کا محتاج بنادیا 'مفتی شفیع الدین' مولانا عبدالرؤف

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی کنونیئر مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجیم خان ایڈووکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی نائب امیر مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی فنانس سیکرٹری حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ حکمران آئی ایم ایف کی ظالمانہ پالیسیوں سے قوم کا خون نچوڑ رہے ہیں ملک میں معاشی استحکام پیدا کرنے کے دعوے جھوٹ .... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر